معمولات و مجربات
حکیم محمد یوسف کھتری
جلد اول
مصنف
حکیم محمد یوسف کھتری
لطیفی طبّی اکیڈمی
ٹنڈو محمد خان
کتب خانہ طبیب

لطیفی طبی اکیڈمی کا پندرہواں کتاب

معمولات و مجربات

حکیم محمد یوسف کھتری

جلد اول

ترتیب و تالیف

حکیم محمد یوسف کھتری

MAMOLAT O MUJRBAT HAKIM MOHAMMED YOUSIF KHATRI

لطیفی طبی اکیڈمی ٹنڈو محمد خان

نام کتاب　معمولات و مجربات حکیم محمد یوسف

اشاعت　اول

کمپوزر　حکیم محمد یوسف

تعداد　۵۰۰

قیمت　۳۰۰ روپیہ

موبائل نمبر　۰۳۳۳۲ ۸۱۹۰۶۶

ای میل:　hakimmohdyousif@ gmail.com

ایڈریس

حکیم محمد یوسف گھتری

لطیفی طبی اکیڈمی ٹنڈو محمد خان

فہرست نسخہ جات معمولات و مجربات

امراض گردہ

بخار

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

میں نے تعلیم کا آغاز اعظم طبیہ کالج سے کیا تھا۔ وہاں محسوس کیا کہ طب کا نصاب سب سے ناقص ہے۔ اس لئے اسی زمانے میں فیصلہ کرلیا کہ فاضل ہوتے ہی، تحریری کام کروں گا۔ چونکہ سندھ میں سندھی زبان رائج ہے اس لئے میں نے سندھی زبان میں قرابادین لطیفی ۳ جلدوں میں تحریر کی اسی طرح علم الادویہ میں جدید تحقیق سے اردو کتابیں محروم تھیں میں نے انڈیا اور جدید سائنسی اداروں سے معلومات کا تبادلہ کرکے دس جلدوں میں علم الادویہ کی کتاب شائع کرنے کا پروگرام بنایا جس میں ہر جلد میں کم از کم ۲۰ ایسی جڑی بوٹیوں کا ذکر ہے جن کا ہماری طبی کتابوں میں سرے سے ذکر نہیں۔ دن رات محنت کرکے ۴ جلد شائع کرائے پانچ جلد الف سے شین تک میں سادے نے تک جلد تیار ہے لیکن شائع نہیں کر سکا جلد ششم صرف کاف پر مشتمل ہے۔ یہ کام جدید سائنسی بنیادوں پر زیادہ ہے روایتی انداز سے کم محنت ہے لیکن بدقسمتی کہیں یا خوش قسمتی یہ تمام کام سندھی زبان میں ہے۔ اس کے علاوہ ماہوار صحت سرپرستی کا اجراء، کئی ایک چھوٹی کتابیں بھی شائع کیں۔ اردو میں صرف ایک کتاب مجربات بابا۔ طب فرید احمد عباسی شائع کی۔ یہ کتاب حکیم

لقمان عامی نے بہاولپور سے شایع کرائی تھی۔اب جبکہ ۵۶ سال کی عمر میں ذیابیطس شکری اور دل کے شدید امراض میں مبتلا ہو چکا ہوں، باء پاس اور انجیوپلاسٹی بھی ممکن نہیں اس لئے میں نے سوچا کہ، زندگی کے تجربات و مجربات شایع کر دوں جو کہ میری پوری زندگی کا سرمایہ ہیں زندگی کا کوئی بھروسا نہیں۔ اس لئے اپنے دواخانے میں مستعمل تمام ادویہ کو شایع کر دوں تاکہ آئندہ نسل اس سے فائدہ حاصل کر سکے اسلئے یہ کتاب اردو میں تحریر کی ہے کمپوزنگ خود کی ہے۔اس لئے اس میں املا کی خامیاں ضرور ہوں گی لیکن میرا مقصد اپنے تجربات آپ تک پہنچانا ہے ۔وہ ان خامیوں کی باوجود پورا ہو جائیگا۔ یہ سارا کام عجلت میں ہوا ہے ۔اور محدود تعدا میں شایع کرہا ہوں اس کو ضرورت مند اصحاب جدید ذرایع کو بروئے کار لاتے ہوئے حاصل کر سکتے ہیں ۔اس کے علاوہ ایک اور کام مین کر چکاں ہوں ۔اس کی اشاعت بھی مسئلہ ہے پختون خواہ کی جڑی بوٹیاں جس میں ۴۰۰ کے قریب جڑی بوٹیوں کا تذکرہ ہے اور ان کے مقامی نام درج کیے ہیں جو کہ اس سے پہلے آپ کو طبی کتابوں میں نہیں ملیں گے ۔اسی طرح آپ حیران رہ جائین گے کہ آدھے سے زیادہ جڑی بوٹیوں کا طبی کتابوں میں سرے سے ذکر ہی نہیں ۔اور فواید بیشمار ہیں یہ معلومات جدید سائنس کی وجہ سے ممکن ہوئی ہے اسی طرح سندھ کی جڑی بوٹیاں ، بلوچستان کی جڑی بوٹیاں، کشمیر کی جڑی بوٹیاں مقامی ناموں کے ساتھ اسپر کام کر چکا ہوں لیکن بیماری کی وجہ سے شاید

کام ادھورا رہ جاتے۔ علم الادویہ لطیفی ۱۰ جلدوں کا کام بھی مکمل نہیں ہو سکا ہے۔۔ لیکن یہ کتاب انتہائی اہم ہے انشاء اللہ اس سے خلق خدا کو کافی فائدہ ہو گا اس میں زیادہ تر تجربہ شدہ نسخے درج کیے گئے ہیں۔ اگر طب کے بنیادی اصولوں کو مدِ نظر رکھ کر استعمال کرایا گیا تو مایوسی کا سامنا کرنا نہیں پڑے گا۔

حکیم محمد یوسف کھتری
لطیفی دواخانہ ٹنڈو محمد خان

مقدمہ

طب یونانی جسے ہم طب اسلامی بھی کہتے ہیں۔ بعض لوگ اسے طب ایرانی بھی کہتے ہیں ان کا کہنا ہے کہ طب اسلامی کے مشہور معروف طبیبون کا تعلق ایران سے تھا اس لئے اسے طب اسلامی کی جگہ طب ایرانی کہنا چاہئے ۔ اس مین کوئی شک و شبہ کی گنجائش نہیں کہ اسلامی دور کے اکثر طبیبوں اور سائنسدانوں کا تعلق ایران سے تھا۔ لیکن اس کا مقصد یہ نہین کہ ہم یکسر اسے ایرانی طب کہیں حکیم نیر واسطی نے کتاب طب العرب میں کچھ اس طرح کا عندیہ دیا ہے ۔ لیکن ہم یکسر طب یونانی کو ایرانی کہہ دین خود طب اسلامی کا نام بھی کافی بعد کا ہے۔ اس لفظی تضاد سے زیادہ بات اہم یہ ہے کہ ، یونانی طب کی کیا شکل تھی اس کے کیا اصول تھے۔ اس کے بعد اسلامی دور میں اس مین کیا کیا تبدیلیاں آئین یا یوں کہیں کہ کیا ریسرچ ہوئی اور اس کا کیا طریقہ کار تھا۔ حق تو یہ ہے کہ اسلام کے دور عروج میں طب یونانی جو کہ مفقود ہو چکی تھی اور عیسائی پادریون کے جادو ٹونوں تک جا پہنچی تھی اسے حیات نو بخشنے میں عباسی حکمرانوں کا ہاتھ تھا ۔ ظاہر ہے عباسیون کی مادری زبان عربی تھی۔ منصور سے لیکر ماموں رشید تک، روم سے آئے ہوئے یونانی علوم کی کتابوں کا ترجمہ بھی عربی زبان میں ہوا، ترجمہ کرنے کے لئے عباسی حکمرانوں نے باقاعدہ دارالترجمہ قائم کیا

مرعوب ہوتے گئے۔ طبیبوں کی اکثریت ایلوپیتھک دوائیں استعمال کرنے لگی شاید ایک وجہ یہ بھی تھی کہ اس زمانے میں جدید سائنسی علوم کے نام سے ایلوپیتھک میریا میڈیکا بھی پڑھائی جاتی تھی اس لئے اطبا ایلوپیتھک دوائیں استعمال کرنے لگ گئے جس کا یہ نتیجہ نکلا کہ اکثر اطبا حکیم سے زیادہ ڈاکٹر بن گئے۔ حکیم نیر واسطی جیسی شخصیت پر بھی اکثر اطبا اعتراض کرتے تھے کہ وہ انگلش ادویہ استعمال کراتے ہیں اور حکیم نیر واسطی کا جواب ہوتا تھا کہ بھائی ان طبیبوں کو انگلش لکھنی نہیں آتی۔ حکیم نیر واسطی تو خیر طبیبوں کے ایک جماعت کے راہنما، کسی زمانے میں حکیم حافظ محمد سعید اور حکیم محمد حسن قرشی کے شانہ بہ شانہ طبیبوں کی رجسٹریشن کے لئے کوشاں تھے ان باغ وبہار شخصیات کی وجہ سے رجسٹریشن کا کام رکا رہا جب تک حکیم نیر واسطی راضی نہیں ہوئے۔ طبی بورڈ کے اہم عہدے پر فائز رہے۔ طبیبوں کی اہم جماعت کے نمائندہ تھے اس لئے اس پر انگلی اٹھی۔ ورنہ طبیبوں کی بڑی تعداد انگلش دوائیں استعمال کر رہی تھی ہنوز یہ سلسلہ جاری ہے۔ اتفاق کی بات ہے کہ طبی کاؤنسل کے چیئرمین حیدرآباد شہر کے ہوگئے۔ میں رجسٹریشن کے سلسلے میں ان کے مطب کی ایڈریس پر گیا دو گھنٹے پوچھتا رہا کہ حکیم منور کا مطب کہاں ہے ہر ایک کا یہی جواب تھا کہ یہاں کوئی حکیم منور نہیں رہتا نہ ہی اس کا کوئی مطب ہے۔ کافی پریشانی ہوئی کام بھی اہم تھا، بہرحال ایک ادھیڑ عمر کے شخص نے ہم کو ایسے پریشان ہوتے دیکھا تو وہ دو قدم آگے بڑھ کر پوچھنے لگا ہم نے ساری ماجرا سنائی تو وہ کہنے لگے بھائی

اسلامی کہا جانے لگا۔ برصغیر میں آیوویدک اور سدھا طب رائج تھی۔ سدھا طب صرف چند ایک صوبوں میں تھی یہ بھی آیوروید ک سے ملتی تھی۔ ویسے پورے برصغیر میں آیورویدک ہی رائج تھی۔ برصغیر پر جب اسلامی حکمرانوں کا راج شروع ہوا تو انہوں نے طب اسلامی کو یہاں رائج کیا۔ یہاں جو بھی اطبا آئے وہ عربی دان تو تھے لیکن جب علمی کام کا ان کو موقعہ ملا تو وہ فارسی زبان میں لکھنے لگے حکیم شریف خان نے بیاض خاص فارسی میں لکھی اسی طرح حکیم اعظم خان نے تو بہت لکھا لیکن یہ بھی فارسی زبان میں تھا۔ طب یونانی نے یہان بھی کافی ترقی کی منزلین طے کیں یہان بھی دو گروہ پیش پیش تھے جن میں لکھنئو کے اطبا جن کو جھوائی ٹولہ کے طبیب کہا جاتا تھا جبکہ دلی کے اطبا حکیم شریف خان کے پیرو کار تھے۔ اوالمفردات کو ترجیح دیتے تھے اور آیورویدک کشتہ جات کے استعمال کے خلاف تھے۔ جبکہ شریف خانی طبیب مفردات کے ساتھ مرکبات سے علاج کرنے کے ساتھ آیوورویدک کشتہ جات استعمال کرتے تھے۔ دونوں اطبا نے اپنے علاقے مین طبیہ کالج قائم کیے۔ ایک لکھنئو میں ایک دلی میں وہاں سے اطبا فارغ ہوتے گئے اور انہوں میں سے کئی اطبا نے طبیہ کالج قائم کیے۔ اسی طرح برصغیر میں طبیہ کالجوں کی بہتاب ہوگئی ان میں کئی ایک غیر معیاری بھی تھے، یہ وہ ہی زمانہ تھا جس میں ایلوپیتھک طب برصغیر میں اپنے قدم جما رہی تھی۔ ہومیو پیتھی کے ڈاکٹر بھی میدان میں اتر چکے تھے۔ لیکن بدقسمتی سے ان طبیہ کالجوں سے فارغ ہونے والے اطبا ایلو پیتھی دواؤں سے

وہاں ہزاروں ملازم رکھے۔کیوں کہ اس زمانے میں پریس وغیرہ کا تو دور نہ تھا اسلئے ترجمہ کرنے کے بعد کاتب اس کی کتابت کیا کرتے تھے ضرورت مند انہی اداروں سے کتابیں خریدتے تھے۔یہ ترجمے کا کام سارا عربی زبان میں ہوا تھا۔اس کے بعد طبع زاد کتابوں کا دور شروع ہوا۔اس میں بھی تمام علوم کی کتابیں عربی زبان میں لکھی گئیں۔البتہ شاعری کی اکا دکا کتاب فارسی میں لکھی گئیں۔طبع زاد کتابوں کے بعد دارالحکمت، جسے عباسی حکمرانوں نے بام عروج تک پہنچایا تھا اب انفرادی کتب کا ترجمہ ہونے لگا،اسی طرح طبع زاد کتب بھی بغداد سے باہر جانے لگیں اسی طرح یونانی علوم کی کتابوں کی وجہ سے اسلامی حکومتوں میں جدید علوم کی ایک لہر شروع ہوئی۔چونکہ اس زمانے میں صحت عامہ ہی ایک بڑا مسئلہ تھا،اس لئے طب پر بہت کام ہوا اور اسلامی علوم کی شروعات تو کافی پہلے ہو چکی تھی لیکن اب یونانی فلسفے کی وجہ سے اسلام میں نت نئے نظریات نے جنم لیا۔چونکہ ہمارا موضوع طب سے متعلق ہے اس لئے ہم اس کا ہی ذکر کریں گے۔اب یہ تمام علوم عربی زبان میں ہی منتقل ہوئے۔ حتیٰ کہ ایسے سائنسدان جن کی مادری زبان فارسی تھی تو وہ بھی عربی زبان میں کتابیں لکھ رہے تھے۔بوعلی سینا فارسی دان تھا لیکن اس نے بھی عربی میں لکھا یہی سبب ہے کہ اب طب یونانی کو طب عربی کہا جانے لگا کیوں کہ تمام ذخیرہ طب عربی زبان میں تھا۔طب ترقی کی منزلیں طے کرتی رہی۔اب اس کی شکل یونانی طب سے کافی مختلف ہو چکی تھی۔ جسے اب طب عربی یا طب

حکیم وغیرہ تو کوئی نہیں دوسری گلی میں ڈاکٹر منور رہتے ہیں۔ ہم نے سوچا کا حکیم اور ڈاکٹر کی دشمنی اظہر من الشمس ہے۔ اس لئے اس ڈاکٹر کو حکیم منور کا ضرور علم ہو گا اس لئے بھی کہ پورے پاکستان کے طبیبوں کے سربراہ کے ناتے ضرور جانتا ہو گا۔ ہم جب ڈاکٹر صاحب کے مطب پر پہنچے تو ہماری پاؤں زمین سے کھسک گئے، وہی ڈاکٹر صاحب حکیم منور تھے۔ حکیم نیرواسطی کے زمانے میں ڈاکٹر نہ ہونے کے برابر تھے اس زمانے میں ایلوپیتھک دواؤں کا استعمال سمجھ میں آرہا تھا۔ لیکن اس وقت تو ڈاکٹروں کی فیکٹریاں لگی ہوئی ہیں۔ اس لئے طبیبوں کی بقا اب صرف اس میں ہے کہ ہم اپنی طب کی دوائیں استعمال کر کے اپنا لوہا منوا سکتے ہیں ورنہ پاکستان میں بھی طب آہستہ آہستہ عرب وایران کی طرح ختم ہوجائیگی حالانکہ طب ہمیں انہی علاقوں سے ورثے میں ملی ہے۔ یہ خوش آئندہ بات ہے کہ ہمارے چند ادارے پاکستان میں طب کو زندہ رکھے ہوئے ہیں، ان میں ہمدرد پاکستان، قرشی دواخانہ، طبیی دواخانہ، اجمل دواخانہ اشرف دواخانہ، ان کے علاوہ اور کئی دواخانے طب کی بجھتی ہوئی شمع کو روشن کرنے میں کوشاں ہیں لیکن طب میں نت نئے امراض کے لئے ایلوپیتھک کے مقابلے کی کوئی دوانہیں لا سکے ہیں ایک دو دواخانوں نے جدید امراض کی دوا متعارف کرائی ہیں لیکن ان دواؤں کو بھی پزیرائی نہیں ہوئی، میں نے آج سے پندرہ سال پہلے ماہوار صحت سریچ جی کے نام سے ایک سندھی طبی رسالہ جاری کیا تھا اس میں ایک اداریے میں تحریر کیا تھا کہ لوگ کولیسٹرول کی زیادتی کا شکار ہو رہے

ہیں جس سے بلڈ پریشر دل کے امراض بڑھ رہے ہیں اور ہمارے دواخانے اس سلسلے میں کوئی کامیاب دوا مارکیٹ میں نہیں لا سکے ہیں۔ فوراً حکیم محمد عثمان مالک مہران دواخانہ بدین کا خط موصول ہوا کہ انہوں نے کولز کے نام سے کیپسول متعارف کرائے ہیں۔ اس کی افادیت ایلوپیتھک دوا سے بہت بہتر ہے۔ ساتھ انہوں نے کئی مریضوں کی ڈیٹہ روانہ کی جس میں لپڈ پروفائل تک تحقیق درج تھی، اس ڈیٹا میں ایک عجیب بات تھی کہ جن کا بہت زیادہ کولیسٹرول بڑھا ہوا تھا۔ ان کا حیرت انگیز طور وزن کم ہوا تھا یعنی مہینے میں ۵ کلو تک وزن کم ہونا تو معمولی بات تھی۔ لیکن کمال یہ تھا کہ جیسے مریضوں کا کولیسٹرول نارمل ہوا تو وزن ایک تولا بھی کم نہیں ہوتا۔ حکیم محمد عثمان نے اپنے دواخانے کو وسعت دینے کے لئے اپنے بیٹے کو فارمیسی میں ماسٹر ڈگری ملائیشیا سے کرائی تھی اور پی ایچ ڈی آغا خان یونیورسٹی سے کرائی حیران کن بات یہ ہے کہ انہوں نے پی ایچ ڈی اپنے دواخانے کی پراڈکٹ کولز پر کی لیکن یہ دوا اب تک پاکستان میں متعارف نہ ہو سکی ہے۔ حکیم صاحب کا خیال تھا کہ وہ اپنے بیٹے کو مہران دواخانے کی باگ دوڑ حوالے کریں گے۔ انہوں نے پاکستان لیول کا دواخانہ بنانے کی ابتدا کر دی تھی کئی ایکڑ زمین خریدی گئی گیس لائین اور پانی کا بندوبست کرنے میں مصروف تھے تو موت کے آہنی ہاتھوں نے انہیں اپنی گرفت میں لے لیا اسی طرح طب کی ایک روشن شمع بجھ گئی۔ اسی طرح اس کا پلان فیل ہو گیا جس بیٹے کو وہ طب کے لئے وقف کرنا چاہتے تھے اس نے روزگار کے لئے اپنی

بہترین راہیں تلاش کرلیں ۔اب یہ دواخانہ اس کا ایم ۔بی بی۔ایس فرزند ڈاکٹر جو کہ میڈیکل آفیسر بھی ہے چلا رہا ہے ۔میرے خیال میں اب اس کا سائنسدان بیٹا صرف مشورے دیتا ہے ۔اسی کی وجہ سے مہران دواخانہ جدید خطوط پر کام کر رہا ہے ان کا ہر شربت شوگر فری بھی ہوتا ہے۔جدید مشینری بھی دستیاب ہے لیکن میرے خیال میں یہ لوگ صرف والد کی نشانی کے حساب سے چلا رہے ہیں اسی طرح اشرف دواخانے کی ذیابیطس پر بھی کسی نے ریسرچ کی ہے اس کا پی ایچ ڈی کا مقالہ میرے پاس انگلش میں موجود ہے میرے خیال میں ان دونوں دواخانوں کی مالی پوزیشن انتہائی مستحکم ہے اگر یہ لوگ اپنے دواخانے کے پراڈکٹ کے مقالے کا اردو ترجمہ شایع کرکے عوام تک پہنچائیں تو ان ان کے پراڈکٹ کی مانگ بھی بڑھ سکتی ہے ۔بات ہورہی تھی ریسرچ کی انڈیا میں توکئی ادارے کام کررہے ہیں خاص کر مجربات اور مفردات پر ان کی یہ ریسرچ باقاعدہ جدید سائنسی انداز کی ہوتی ہے ۔ہمارے پاس اسی انداز میں ریسرچ ناممکن نہیں تو انتہائی مشکل ضرور ہے ۔میں اجمل طبیہ کالج علیگڑھ کی مثال دیتا ہوں ۔یہ ہندستان کا معیاری طبیہ کالج ہے ۔اس میں تحقیقات کا شعبہ بھی موجود ہے ۔اس میں ہرنسخے کے لئے کافی تعداد میں مریض منتخب کیے جاتے ہیں ان کو گروپوں مین تقسیم کیا جاتا ہے ایک کو رائج الوقت انگلش دوا دی جاتی ہے اور دوسرے گروپ کو یونانی دوا دیکر مشاہدہ کیا جاتا ہے ۔جس میں جدید ذرائع تشخیص کو بھی بروئے کار لایا جاتا ہے ،اینڈو اسکوپی سے لیکر سی ٹی سکین

طبیبوں نے کئی ایک امراض میں کارٹیسون میں ایک دو دیسی دوا ملا کر ہاتھ سے گولیاں بنا کر مریضوں کا بیڑا غرق کر رہے ہیں۔ خصوصاً سندھ میں قانون نام کی چیز نہیں جو چاہے کرتے رہو کوئی پوچھنے والا نہیں۔ ایسے طبیبوں نے تو کئی دوائیں مارکیٹ میں لانچ کردی ہیں جس سے فوری طور پر جوڑوں کا درد ختم، کچھ چند ایسی دواؤں کا نام لکھ رہا ہوں، جوہر اندرائن، اکسیر درد، سیفرون، تسکین درد، ڈونا جس سے کئی لوگ شوگر کے مریض ہوگئے لاتعداد لوگ جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔ ممکن ہے میرے طبیب بھائی برا منائیں، لیکن ان کو سوچنا چاہئے یہ نہ صرف طب کے لئے بدنامی کا باعث ہوگا لیکن خلق خدا کو دوکھے میں رکھ کر موت میں دھکیلنا کہاں کا انصاف ہے ہم اپنی نہ صرف ناکامیاں بلکہ عظیم گناہوں کو چھپاتے رہے تو خلق خدا کا کیا ہوگا اور بالآخر خدا کے پاس جواب دہ ہیں۔ میں تو اب ایسے مریضوں کو اوجائی ہمدرد، بوزیدن اور قرشی کی حیاتین معجون گولیاں تین ٹائم دیتا ہوں اکثر ایسے لوگوں کو فائدہ ہوتا ہے۔ اس کے بعد اصولی علاج کی ضرورت ہو تو وہ بھی شروع کرتا ہوں۔ رہومیٹڈ ارتھرائیٹس جس میں آر اے فیکٹر مثبت ہوتا ہے دیسی ادویہ سے نصف مریضوں کی رپورٹ منفی ہوجاتی ہے ڈاکٹر اسے ناممکنات میں سے سمجھتے ہیں جوڑوں کے درد کی یہ قسم لاعلاج سمجھی جاتی ہے۔ میرا کہنے کا مقصد ہے کہ ہمیں ایسے طبیبوں کی حوصلہ شکنی کرنی چاہئے یہ لوگ طب کے دوست نہیں دشمن ہیں حالانکہ ایسے طبیبوں کی اکثریت مستند طبیبوں کی ہوتی ہے۔ لیکن مستند طبیبوں کے متعلق بھی کیا لکھوں ہمارے طبیہ کالجوں کی

طرح کے دوسرے نسخے بھی اسی کتاب میں موجود ہیں۔ پاکستان میں خاص کر سندھ میں دیسی طب سے لوگ گریزاں نظر آتے ہیں ہمارے یہاں پہلے تو ڈاکٹر کا رخ کرتے ہیں جب انہیں کہیں سے فائدہ نہیں ہوتا تو انہیں دیسی طب یاد آتی ہے۔ لیکن اب بیچارہ طبیب کتنا بھی قابل ہو کیا کر سکتا ہے۔ جوڑوں کے درد کی مثال لو پہلے ایلو پیتھک علاج کرایا طویل عرصہ علاج جاری رہا۔ وجہ صاف ظاہر ہے کہ درد کی دوائیں مسلسل چلتی رہتی ہوں تو درد کیسے ہوگا، اور ساتھ سونے پر سہاگہ ڈاکٹر صاحب نے کہہ دیا کہ بھائی پوری عمر دوا کھانی ہے۔ درد کی دوائوں سے السر اور تیزابیت جنم لینے کے ساتھ اب دوائیں بھی اپنا کام نہیں کرتی تو طبیب یاد آیا۔ حکیم بیچارے نے دوا دی یکسر انگلش دوا بند کر دی ایسے مریضوں کو ڈاکٹر حضرات کارٹیسون بھی لکھ کر دیتے ہیں۔ جیسے دیسی دوا شروع کی کارٹیسون اور دوسری درد والی ادویہ بند کی تو درد شدید شروع ہوگیا۔ اب طویل عرصہ ایلوپیتھک دوا استعمال کرنے کی وجہ سے جو نقصانات ہوئے سارے کے سارے طبیب کے گلے میں اور ساتھ یہ طعنہ بھی دیں گے اس سے تو انگلش دوائی اچھی تھی کم از کم کھانے سے درد تو نہیں ہوتا تھا۔ اب حکیم کیا کرے اگر کہتا ہے کہ بھائی کارٹیسون یا انگلش دوائی آہستہ آہستہ چھوڑو تو اس پر بھی راضی نہیں ہوتے کئی باتیں سننے کو ملتی ہیں کہ انگریزی دوا کھانی ہوتی تو آپ کے پاس کیوں آتے۔ ایسی صورت میں طبیبوں نے بھی دیکھا دیکھی کارٹی سون کے مرکبات گیرو یا ہینگ وغیرہ ملا کر دینا شروع کر دیں۔ ایسے طبیبوں پر بڑا رش ہوتا ہے اب تو ایسے

نمک کی تصاویر لی جاتی ہیں اسی طرح کیمیائی تجزیے بھی کیے جاتے ہیں۔ اس کے بعد نتائج اخذ کیے جاتے ہیں۔ اسی طرح پورے ہندستان میں اکثر طبیہ کالجوں میں اسی طرح کی ریسرچ جاری ہے۔ پاکستان میں اسی طرح کا کوئی اکا دکا واقعہ ہوتا ہے لیکن اس کی بھی اشاعت نہیں ہوتی جس سے اطبا کا طبقہ مستفید ہو سکے۔ انڈیا بنگلہ دیش سریلنکا کے طبیہ کالجوں کی اسی طرح کی ریسرچ بیس رپورٹیں اکثر ہمدرد کے انگلش سہ ماہی مخزن ہمدرد میڈیکس میں شایع ہوتی ہیں۔ راقم الحروف چونکہ ہمدرد میڈیکس کا مستقل قاری ہے اس لئے ان تحقیقات سے بخوبی واقف ہوں۔ موجودہ کتاب میں ان تحقیقاتی مجربات کا ذکر کم ہے لیکن میری دوسری کتاب "جدید سائنسی ٹرائیل بیس مجربات" میں ذکر کروں گا۔ اس مجربات کی کتاب میں السرین کے نام سے ایک نسخہ موجود ہے یہ کمال کا نسخہ ہے انے السر میں کامیاب دوا قرار دیا جا سکتا ہے میں دعوی سے کہتا ہوں کہ مجربات کی کتابوں سے لیکر دواخانوں کے مرکبات اتنے السر میں مفید نہیں جتنا یہ حقیر نسخہ کام کرتا ہے۔ میں یقین کے ساتھ کہتا ہوں کہ ہمدرد کی اندامل، سوی، قرصین اس کے مقابلے میں کچھ نہیں میں نے حقیر کا لفظ اس لئے استعمال کیا ہے کہ یہ انتہائی سستہ یعنی کم خرچ مفردات آسانی سے دستیاب ہوتی ہیں ہفتے کی دوا پر ۱۵ روپیے سے زیادہ خرچہ نہیں ہوتا۔ اسی طرح انگلش دوا فلیجل کی نعم البدل دوا صرف پوست انار ہے۔ یہ بھی ریسرچ بیس نسخہ ہے، فلیجل سے زیادہ کارآمد ساتھ ساتھ پاخانے سے اگر خون آتا ہو تو اس میں بھی انتہائی مفید ہے۔ اسی

بھی حالت انتہائی نازک ہے کہنے کو تو وہاں سے مستند طبیب نکل رہے ہیں لیکن
حقیقت تو یہ ہے انہیں مستند کہنا تو درکنار وہ عطائی طبیب بھی کہنے کے لائق نہیں
اب میں ایک حقیقت لکھ رہا ہوں۔ یہ لطیفہ نہیں۔ میرا ایک دوست تھا اس کے
والد عطائی طبیب تھے۔ اس کے دواخانے پر آنا جانا تھا۔ انہوں نے کہا میاں تم اور
عزیز الرحمان طبیہ کالج میں داخلہ لے لو میں نے حامی بھر لی حکیم صاحب نے
پرنسپل کے نام ایک چٹ لکھ کر دے دی۔ ہم نے داخلہ لیا مجھے بہت شوق تھا
اس لئے میں روزانہ جانے لگا پندرہ بیس لڑکوں کی حاضری تھی دو مہینوں کے بعد کوئی
اکا دکا میرے جیسا بندہ آیا تو آیا آگے چل کر پتہ پڑا کہ بھائی گھر جا کے پڑھو امتحان دینے
کے وقت آجانا۔ کالج کی اچھی لائبریری تھی لیکن مقفل کسی شاگرد کو کتاب نہیں
ملتی تھی صرف کالج کے کتب خانے سے خریدنے کے لئے کتابیں دستیاب تھیں
۔ پہلے سال کے ایک دو مہینے کلاس چلتی تھی اس کے بعد نہ تو استاد ہوتے تھے نہ
ہی شاگرد، میرے بڑے بھائی نے بھی داخلہ لیا تھا اسی طرح ہم تینوں مستند طبیب
بن کر فارغ ہوئے۔ میرے علاوہ دونوں بے روزگاری کے باوجود خود کو طبابت کا
اہل نہ سمجھتے ہوئے دواخانہ نہیں کھولا راقم الحروف بھی بڑی جدوجہد کے بعد اس
قابل ہوا کہ لطیفی دواخانے کی بنیاد رکھی۔ اس حساب سے میں بھی ایک عطائی مستند
حکیم ہوں یہ حشر صرف سندھ میں نہیں پورے پاکستان میں یہ ہی حالت ہے البتہ چند
ایک طبیہ کالجوں میں باقاعدہ تعلیم دی جاتی ہے۔ میں بہاولپور کا کالج محض اس

لے دیکھنے گیا تھا کہ ممکن ہے وہاں کا تعلیمی نظام شاید بہتر ہو گا کیوں کہ یہ واحد طبیہ کالج تھا جو کہ پنجاب گورنمنٹ کے زیر انتظام تھا لیکن اس کی حالت بھی تسلی بخش نہ تھی ایک طبیہ کالج تو صرف دو کمروں پر مشتمل تھا۔ اب پاکستان میں بھی ہندستان کی طرح معیاری طبیہ کالج قائم ہونے شروع ہو گئے ہیں یہ پانچ سالہ ڈگری کورس یونیورسٹی کے زیر اہتمام ہیں ہمدرد یونیورسٹی ،بہاولپور یونیورسٹی اور قرشی یونیورسٹی کے طبیہ کالج بلا شبہ معیاری کالج ہیں ہمدرد طبیہ کالج میں تعلیم حاصل کرنا عام آدمی کے بس کی بات نہیں بقیہ کا مجھے معلوم نہیں ۔میرے خیال میں ایسے ڈگری کالج قائم ہوں تو تمام ڈپلومہ کورس کرانے والے طبیہ کالج بند کرنے چاہئیں کیوں کہ بلا شبہ چند ایک کے سوا ایسے طبیہ کالج طب کے لئے شدید نقصان کار ہیں۔ یہ ہے تو کڑوا گھونٹ لیکن بالآخر پینا پڑے گا۔ انگریزی کا ایک مقولہ ہے کہ کوانٹٹی سے کوالٹی پر توجہ دینی چاہئے۔ لیکن ہم کوالٹی پر توجہ نہیں دے رہے ہیں ۔ لیکن پاکستان میں بے سروسامان دیسی طب کو ہر طرف سے ہم ناکارہ کرنے میں مصروف عمل ہیں ۔طب کی تباہی میں پنسار کا کاروبار کرنے والوں کا بھی کوئی کم ہاتھ نہیں۔ لاتعداد کثیر الاستعمال مفرد دوائیں نقلی مل رہی ہیں ،رسوت، صندل، عود، جندبیدستر، بھیر بھوٹی ،سقمونیا، چاندی کے ورق، مشک، موصلی ثعلب مصری ترکی والی، طباشیر، ست گلو ایسی لاتعداد دوائیں نمبر دو کے نام سے دستیاب ہیں کوئی پوچھنے والا نہیں ان دو نمبر دواؤں کو نسخوں میں شامل کرنے سے تو بہتر ہے کہ ان ادویہ کو شامل ہی نہ کیا

جائے حال ہی میں ریوت ایک نمبرا ایلوے کی طرح تھوک ریٹ ۸۰۰۰ روپے کلو۔ اسی طرح آج سے ۳۰ سال پہلے ملنے والا عقر قرحہ اب ۱۶۰۰۰ روپیہ کلو جبکہ ریوت ۱۰ روپیہ تولہ دستیاب ہے عقرقرحہ ۲۰ روپے تولہ ملتا ہے ایسی حالت میں کون اتنی منگی دوائیں خریدے گا۔ بعض طبیب ایسی چیزوں کے ان نرخوں کو مزاق سمجھتے ہیں ستم بالائے ستم تو یہ ہے کہ بعض ادویہ کی ماہیت سے ہم واقف نہیں حکیم منیر قریشی کے بقول کہ ہمیں جو گل غافث دستیاب ہے سرے سے وہ گل غافث نہیں ہم ایران سے دوسرا پودا درآمد کر رہے ہیں جبکہ وہ پودا ہمارے یہاں کثیر تعداد میں دستیاب ہے جس کا نام ایگری مونی ہے، جعدہ یہ بھی دستیاب نہیں ہمدرد فارما کو پیا میں لکھا ہے کہ یہ دستیاب نہیں اس لئے اس کا بدل ڈالا جا ہے۔ لیکن بلوچستان میں کھل پھوڑ کے نام سے دستیاب پودا جعدہ ہے ہم لکیر کے فقیر بنے ہوئے ہیں فطراسالیون کا نام بھی طبی کتابوں میں موجود ہے لیکن دستیاب نہیں کوئٹہ کے عسکری باغ میں یہ پودا گھاس کی طرح اگتا ہے۔ اب میں اہم مفرد دواؤں کا ذکر کرتا ہوں جن کا ذکر طبی کتابوں میں چیستان کی طرح موجود ہے لیکن پنسار والے تو کیا اکثر اطبا کو یا تو معلوم نہیں یا انہوں نے توجہ نہ دی۔ شکاعی، بادآور، دہماسہ میری طبیب دوستوں سے گذارش ہے کہ کچھ اس طرف بھی توجہ دیں کہ آخر یہ تینوں دوائیں ہمیں دستیاب ہیں یا نہیں طبی کتابوں کو پڑھنے سے آپ کو معلوم ہوگا کہ یہ تینوں الگ الگ جڑی بوٹیاں ہیں لیکن ماہیت یا شناخت پر آپ نظر دوڑائیں گے تو آپ کو بڑی

کتاب میں نہیں۔ معالجات کو لیجیے ابھی تک طبی کاؤنسل لکیر کی فقیر بن کر بیٹھی ہے۔ شرح اسباب کے پڑہانے کا کیا فائدہ، بھائی اب تو نت نئے امراض اور علاج کے طریقے طب میں رائج ہو چلے ہیں اب طب کا شاگرد فارغ ہونے کے بعد جدید بیماریوں کا خاک علاج کرے گا۔ طبی کاؤنسل کی بھاگ دوڑ آہنی ہاتھوں میں ہے میں کسی کا نام لینا نہیں چاہتا، بھائی کیوں نہیں محمد حسن قرشی کی جامع الحکمت کو ہی نصاب میں شامل کرتے، وقت کے ساتھ ہر دوسرے سال اپ ٹوڈیٹ کرتے رہو لیکن مسئلہ ہے کہ مفت میں کام کون کرے بجٹ نہیں۔ ہر ایسے ادارے کا طبی مخزن ہونا چاہیے تاکہ اطباء کو جدید طبی تحقیقات سے آگاہ کیا جائے لیکن ابتدائی زمانے کو وقت طبی مخزن شایع ہوا تھا لیکن اس میں بھی معیاری مضمون پڑھنے کو نہیں ملا اب تو شاید کب کا بند ہو چکا ہوگا، ہماری اہم مفرد دوا افیم طبیبوں کو دستیاب نہیں اسی طرح سندھ میں بھنگ کا دستیاب ہونا بھی عذاب سے کم نہیں ہم چوروں کی طرح یہ مفردات لیتے ہیں جب تک دوا نہیں بنے تو خوف طاری رہتا ہے طبی کاؤنسل اس معاملے میں طبیبوں کی کوئی مدد نہیں کر سکی ہے حالانکہ ہومیوپیتھی والوں نے تو الکوحل مہیا کرنے میں اتنی آسانی پیدا کر دی ہے کہ اب تو ڈاکٹر منشیات کے طور پر بھی استعمال کر رہے ہیں یہ وسکی شراب سے دوگنا نشہ کرتا ہے جبکہ سندھ میں ہمیں بھنگ بھی نہیں ملتی افیم تو دور کی بات ہے۔ یہ تو طبی کاؤنسل کے ارباب اختیار کو بھی معلوم ہونا چاہیے کہ افیم سے لاتعداد مرکبات بنتے ہیں اور بڑے موثر ہوتے

نام بھی نہیں لکھے۔کہنے کا مقصد ہے کہ ہم نے کبھی بھی طب کے معاملے کو سنجیدگی سے نہیں لیا یہ تو مفردات کا حشر ہے یہ کس کی ذمیواری ہے کہ ان مسائل کا حل کیا ہے۔صاف ظاہر ہے کہ یہ کام کم ازکم طبی کاؤنسل کے زمرے میں آتا ہے کاؤنسل صرف تیں کاموں پر زور دیتی ہے۔بجٹ گورنمنٹ سے کس طرح نکالی جائے۔حج طبی وفد میں من پسند لوگوں کو کیسے بھیجا جائے،چونکہ بعض دواساز اداروں کا طبی کاؤنسل پر اثر ہوتا ہے ان کا تحفظ کس طرح کیا جائے۔طبی وفد میں ایسے لوگ بھی بھیجے گئے جن کا طب سے دور کا واسطہ بھی نہیں تھا،یعنی وہ عطائی مستند طبیب بھی نہ تھے میں ایسے ایک طبیب کو جانتا ہوں جس کا کوئی دواخانہ مطب نہیں یہاں تک اس کو کسی اہم طبی کتاب کا نام معلوم نہیں لیکن طبی سیاست میں فعال ہونے کے ناتے طبی کاؤنسل کے میمبر بن گئے اسی وجہ سے طبی وفد میں ان کا انتخاب اس کا حق بن گیا۔ اس نے حج کے موقعے پر کیا خدمات سرانجام دی ہونگی اس کا اندازہ آپ لگا سکتے ہیں۔طبی کاؤنسل آج تک علم الادویہ کی معیاری کتاب نہیں دے سکے میں تو کہتا ہوں کہ حکیم رام لبھایا کی مفردات پر لکھی ہوئی کتاب بھی اگر نصاب میں شامل کریں تو یہ بھی عظیم کام ہو گا لیکن طبی کاؤنسل بیچاری کے پاس فنڈ کی کمی ہے بھائی اس میں فنڈ کی کیا ضرورت ہے خان عثمان غنی کی علم الادویہ کا اردو ترجمہ کر کے نصاب میں شامل کیا جائے تو یہ اول سے بہتر ہوگی کیونکہ خان عثمان غنی نے بعض مقامی مفردات کا سائنسی انداز میں ذکر کیا ہے جو حکیم رام لبھایا کی

مشکل ہوگی کوئی شکائی کو بادآورد کہ رہا ہے کوئی باآورد کو شکائی کہ رہا ہے۔ کوئی ان تینوں کو ایک ہی مفرد دوا سمجھ رہا ہے اس کتاب کے بعد طبیب حضرات ان تینوں کے مضامین طبی کتابوں میں پڑھ کر مشاہدہ کریں ۔ میں نے اپنی کتاب علم الادویہ لطیفی جلد چہارم میں ایک طویل مضمون لکھا ہے اس میں ثابت کیا ہے کہ قدیم طبیبوں نے جس شکائی کا ذکر کیا ہے وہ دراصل دھماسہ ہی ہے ۔ اور بادآورد حقیقت میں برہم ڈنڈی ہے عربی سے فارسی میں ترجمہ کرنے والے طبیبوں نے بادآورد کا ذکر اسی نام سے کیا اور آیور ویدک کی کتب سے برہم ڈنڈی کا الگ ذکر کیا اسی طرح یہ ایک پودا دو ناموں سے مشہور ہوگیا عربی کتابوں سے ترجمہ کرنے والوں نے شکائی کا مقامی نام معلوم نہ ہونے کی وجہ سے اسکا ذکر شکائی کے نام سے کیا۔ اس کے بعد مقامی طبیبوں نے اپنی کتابوں میں نقل در نقل شکائی کا ذکر کرنے کے ساتھ مقامی جڑی بوٹی دھماسے کا الگ ذکر کرتے رہے اسی طرح دو جڑی بوٹیوں کا تمام کتابوں میں ذکر ہونے لگا ۔ یہاں تک کہ فارماکوپیا انڈیکا جیسی اہم مفردات کی کتاب میں دونوں کا ذکر ہے لیکن شکائی کے بیان میں نہ تو نباتاتی نام ہے نہ ہی انگلش نام ، خان عثمان غنی پاکستان کے معروف سائنسدان ہیں اور ہمدرد سے منسلک ہیں انہوں نے مفردات پر انگلش میں ایک اہم کتاب لکھی ہے میرے خیال میں یہ انتہائی بہتر کتاب ہونے کی وجہ سے علم الادویہ کے نصاب کے لئے انتہائی موزوں ہے انہوں نے بھی تینوں نام کو ملا کر بیان کردیا ہے ان کے الگ الگ انگلش یا لاطینی

ہیں ،ایسی حالت میں طب کا زندہ رہنا معجزے سے کم نہیں لیکن یہ سب کچھ کب
تک چلے گا ایلوپیتھک ڈاکٹروں کی یلغار اور ہربل ادویہ کے نام سے ڈاکٹر دوائیں لکھ
دے رہے ہیں اب تو انگریزی فارماسیوٹیکل کمپنیوں نے بھی ہربل ونگ قائم
کر کے دیسی دوائیں چلانی شروع کر دی ہیں ۔ ہم نے اگر ہوش کے ناخون نہیں
لئے تو ایک دن طب قصہ پارینہ بن کر رہ جائیگی۔ خدا کرے ایسا وقت کبھی نہ
آئے۔علاج کرنے کے معاملے میں بھی ہمیں کافی مشکلات کا سامنا ہے اب منضج
و مسہل کا زمانہ نہیں رہا۔ جھٹ منگنی پٹ بیاہ والا معاملہ ہے مریض دوا لے کر جاتا
ہے تو دوسرے دن شکایت لیکر آتا ہے کہ اب تک کوئی فائدہ نہیں ہوا ہے یا کسی
بچے کے علاج کے لئے دوا دی تو دوسرے دن والدین پہنچ گئی جی بچہ دوائی نہیں
پیتا کوئی میٹھی سی دوائی دو، سفوف، کڑوا سیرپ یا جوشاندہ نہیں پیتا۔ اب خاک دا
دیں سندھ میں تو عورتیں خمیرہ جیسی دوائیں بھی کھانے کو تیار نہیں ، حکیم سید ظل
الرحمان نے خوب کہا ہے کہ ہم کو اب جدید دواؤں کا مقابلہ کرنے کے لئے مختصر اور
کم وزن اور آسانی سے کھانے والی دوائین بنانی چاہیے ورنہ ہم انگریزی دوائیوں کی
خوبصورتی اور قلیل الوزن ادویہ کا مقابلہ نہیں کر سکیں گے۔اس نہج پر ہم نے اب
تک کام نہیں کیا خدا کی مہربانی سے ہماری کافی ادویہ ایسی ہیں جنہیں ہم قلیل مقدار
یا شربتوں کی صورت میں استعمال کر سکتے ہیں لیکن ایسی دوائوں پر خرچہ کافی زیادہ آتا
ہے۔جواہر مہرہ قدیم اوزان پر بنانے کے لئے ہزاروں پیسہ خرچ آتا ہے۔ کشتہ طلا

کلاں بڑا موثر نسخہ ہے لیکن ہمدرد والا کشتہ ۱۳ ہزار کا ملتا تھا لیکن اب تو ہمدرد نے بنانا چھوڑ دیا ہے۔ اسی طرح اجمل والوں کی دوائی الماس کیمیائی، جوہر عجائب اجملی قلیل الوزن ہونے کے باوجود مہنگی ہونے کی وجہ سے عام آدمی خرید نہیں سکتا۔ میں نے ایسی کافی سستی مفرد ادویہ پر کام کیا ہے مفرد ادویہ قلیل الوزن ۲۵۰ ملی گرام کیپسول بھر کر دینے سے بہت مفید نتائج برآمد ہوتے ہیں۔ اگر زندگی نے ساتھ دیا تو ایسی ۱۰۰ سے زائد مفردات لکھوں گا جن سے حیرت انگیز فائدہ ہوگا اور کمال یہ بھی ہوگا کہ وہ مفردات مقامی طور پر کوڑیوں کے مول دستیاب ہیں کئی ایک تو آپ کے ارد گرد موجود ہیں۔ اس مجربات کی کتاب میں ایسی ادویہ دی گئی ہیں جو کہ ہر جگہ سے آسانی سے دستیاب ہوتی ہیں، سستی اور بنانے میں آسان ہوتی ہیں البتہ کھانے میں کوئی ایک نسخہ مشکل ہوگا لیکن فائدہ بہت زیادہ ہوتا ہے، اگر کہیں مشکل ہو تو کیپسول میں بھر کر استعمال کی جا سکتی ہیں، ہاتھ یا مشین سے گولیاں بنائی جا سکتی ہیں، اس کتاب میں جوشاندے بھی دیے گئے ہیں۔ وہ چینی ملا کر استعمال کیے جا سکتے ہیں، میں نے اس کتاب میں بڑی محنت کر کے ذاتی نسخہ جات کے علاوہ برصغیر کے چوٹی کے اطبا کے مجربات کا نہ صرف انتخاب کیا گیا ہے لیکن ان کو مریضوں پر استعمال کر کے تجربات کر کے پرکھا ہے۔ میرے خیال میں اس کے بعد میرے دوست طبیب بھی اس نہج پر کام کریں گے کیونکہ ہر ایک کے پاس کوئی نہ کوئی اہم نسخہ اور مفرد دوا کے نسخے ہوتے ہیں۔ وہ بھی ایک قدم آگے آئیں۔ ہم ایلوپیتھک طب کو یکسر بیکار

کہتے ہیں اور طب یونانی کے ہی گن گاتے ہیں ۔ عوام سے لیکر طبیب تک انگلش طب کی لاتعداد خامیاں بیان کرتے ہیں ۔ لیکن پھر بھی علاج کی سلسلے میں ہم ایلو پیتھک کے ہی محتاج ہیں ۔ میں کسی کا نام لئے بغیر کہتا ہوں کہ میں نے لاتعداد حکیموں کو ایلو پیتھی کے خلاف زہر اگلتے دیکھا ہے ۔ لیکن جب خود یا اس کے گھر والے بیمار ہوتے ہیں تو ایلو پیتھی کا رخ کرتے ہیں ۔ حکیم انیس احمد صدیقی میرے پسندیدہ طبیب ہیں میں ان کی قابلیت کا معترف رہا ہوں ان کا علمی کام اتنا بہتر ہے کہ شاید و باید ۔ انہوں نے بھی ایلو پیتھک کے لاتعداد نقائص کا اپنی کتابوں میں ذکر کیا ہے ۔ کچھ حوالے وہاں سے میں لکھ رہا ہوں ۔ گو میں ان سے مکمل متفق نہیں ہم حکماء صرف ان کی سرجری کے معترف ہیں لیکن میں ان کی سریع الاثر دواؤں کا بھی معترف ہوں ، مخالفت برائے مخالفت نہیں ہونی چاہئے ۔ لاتعداد بیماریوں کا موثر علاج ہمارے پاس نہیں ، امراض دماغ سے لیکر پاؤں تک لاتعداد بیماریوں کا اضافہ ہوا ہے ہماری کتابوں میں ان کا کوئی ذکر نہیں ۔ پولیو کی مثال لیں ہم اس کا علاج فالج کی طرح کرتے تھے لیکن جدید سائنس نے ہی ہمیں بتایا کہ یہ وائرل مرض ہے ۔ اب پوری دنیا میں اس کا خاتمہ ہو چکا ہے لیکن چند ایک ملکوں میں موجود ہے پاکستان بھی سر فہرست ہے ، ہمارے لوگوں کے ذہن میں یہ بات بٹھا دی گئی ہے کہ یہ اسلام کے خلاف ہے یا اس سے اولاد نہیں ہوگی کئی ایک پولیو کے وائرس کے خلاف رسالوں میں مضامین شائع کرا کے لوگوں کو ترغیب دے رہے

ہیں کہ بچوں کو پولیو کے ٹیکے نہیں لگائیں ۔ ممکن ہے کہ اس کے نقصانات ہوں
لیکن فوائد بھی تو بے شمار ہیں ۔ ہمارے علاقے کی پولیو زدہ خواتین اور لڑکوں کی شادی
محض اس وجہ سے نہیں ہو رہی ہے کہ وہ پولیو زدہ ہیں ۔ اسی طرح چیچک کے ٹیکے
کے خلاف بھی بڑی مہم چلی تھی لیکن وہ ناکام ہوئی آج پوری دنیا میں چیچک کا نا
ونشان نہیں ۔ ملیریا ٹائیفائڈ ، ڈینگی بخار، بیکٹریل بخار، طاعون کئی ایک وائرس ا
جراثیموں کا ہمارے پاس علاج نہیں یہ ہی سبب ہے کہ جب خود ہمارے بچے ایسی
بیماریوں میں مبتلا ہوتے ہیں تو ہم ڈاکٹروں کے پاس جاتے ہیں نت نئی بیماریوں
علاج نہیں ذیابیطس کو ہی لیں نان انسولین ڈیپینڈنٹ تو ہماری یا انگلش دواؤں سے
کام چلا لیتے ہیں جب دوائیں کام چھوڑ دیں تو انسولین کا سہارا لینا پڑتا ہے میں نے
کئی ایک مشہور طبیبوں کو یا ان کے گھر کے افراد کو انسولین لگاتے ہوئے دیکھا
ہے ۔ الرجک دمہ شیزوفرینیا، ہیپاٹائیٹس بی سی تو کیا میں نے ڈی کے مریض کو
سال سے چلتے ہوئے دیکھا ہے ۔ جب ایل ۔ ایف ۔ ٹی بڑھتی ہے تو میرے پاس
آتا ہے لیکن ہیپاٹائیٹس ڈی سے جان نہیں چھوٹ رہی ۔ کئی مشہور حکیم و ڈاکٹر
علاج ہوا حکیموں نے تو ۲۰-۲۰ ہزار تک لئے لیکن ہنوز دلی دور است والا معا
ہے ۔ کہنے کا مقصد ہے کہ ہر طریقہ علاج طب یونانی، ایلو پیتھک، ہو
پیتھک، آیورویدک، ایکیوپنکچر، سدھا طب، اس کی علاوہ بھی اکثر ممالک میں اپنی طب
رائج ہے ۔ اس لئے ہم کسی کو برا تو کہہ نہیں سکتے البتہ جب ہم دعویٰ کریں کہ ہمار

طب سب سے بہتر ہے تو عملاً ہمیں ثابت کرنا ہوگا، طب یونانی کی تو ساکھ بنی ہوئی تھی کہ بھائی زیادہ نہیں تو قوت باہ کا علاج حکیموں کے پاس موجود ہے لیکن اب تو، ویاگرا، پینا گرا، نن باؤ جیسی ٹیبلیٹوں نے کئی ایک اشتہاری طبیبوں کو اچنبے میں ڈال دیا لیکن ہمارے دوست بھی کم ہوشیار نہیں وہ گیرو ملا کر ٹیبلیٹ کا پوڈر کیپسول میں بھر کر دے رہے ہیں۔ لیکن یہ کام بھی اتنا نہیں چلا ایک تو طبیب ان کیپسولوں کے ایک سے دو سو روپیہ وصول کر رہے ہیں لیکن میڈیکل سٹور والے ۲۵ روپیے میں گولی دے رہے ہیں جب ۵۰ ساٹھ گولیاں استعمال کیں اور فائدہ کرنا چھوڑ دیا اب تو کوئی دوا کام نہیں کر رہی ہے۔ دوبارہ حکیموں کا رخ کیا۔ اب تو حکیم بھی بے بس ہو گیا ہمارے ایک دوست ڈاکٹر کا کہنا ہے کہ ان گولیوں سے جگر فوری متاثر ہوتا ہے۔ جس سے یرقان ہوتا ہے جس کا کوئی علاج نہیں بالآخر موت ہی اس کا واحد علاج ہے۔ میں نے حکیم انیس احمد صدیقی کا ذکر کیا کہ انہوں نے اپنی معالجات کی کتاب جامع العلاج میں ایلوپیتھک طب کی خامیوں کا ذکر کیا ہے۔ ساتھ طب یونانی کی خوبیوں کا بھی تذکرہ ہے۔ صفحہ نمبر ۳۰ پر رقمطراز ہے کہ

ڈاکٹر ایوانز کی رائے ہے کہ موجودہ میڈیکل پریکٹس اپنی بہترین شکل میں بھی غایت درجہ ناقابل اطمینان اور غیر یقینی طریقہ علاج ہے نہ اس میں عقل سلیم کا پتہ چلتا ہے نہ اس کی بنیاد کسی معقول فلسفے پر ہوتی ہے۔

ڈاکٹر اوسلر لکھتا ہے ڈاکٹری دوائیں غیر یقینی ناقابل اطمینان اور ناقابل بھروسہ ہے
ایک نوجوان ڈاکٹر کو معلوم ہونا چاہئے کہ اس مکسچر سے فائدے کے بجائے مریضوں کو
نقصان زیادہ پہنچتا ہے
ڈاکٹر جی ایم گڈ کی رائے ہے کہ میڈیکل سائنس موٹی موٹی اصطلاحات کا گورکھ دھندہ
ہے اور انسان پر ہماری دوائوں کا جو اثر مرتب ہوتا ہے وہ غایت درجہ غیر یقینی ہے
البتہ ان دوائوں کا اثر تو یقینی ہے وہ یہ کہ وبا و جنگ قحط مل کر بھی اتنی جانیں تلف
نہیں کرتے جتنی جانیں یہ لے مرتے ہیں ڈاکٹر کیبر لکھتا ہے یہ پرانی مثل کینسر میں
بالکل صحیح ثابت ہوتی ہے کہ مرض سے زیادہ غلط ڈاکٹری سے نقصان پہنچتا ہے
بہت سی جسمانی خرابیوں کا علاج محض قدرت ہی کر دیتی ہے ایک معالج جو کچھ کر سکتا
ہے وہ بس اس قدر ہونا چاہئے۔ وہ بیماری کی علامات کو نوٹ کرتا رہے اور حسن تدبیر اور
عقل سلیم سے کام لے کر مریض کو صحت کی طرف لائے اور یہ دیکھتا رہے کہ
مرض کے مضر اثرات بیمار کے جسم میں نہیں رہنے پائیں اگر وہ اس سے زیادہ کرنے
کی جرت کرے گا اور مریض کی دوائیں استعمال کرنے کا شوق بڑھائے گا تو بلاشبہ
نقصان پہنچائے گا۔ بلا خوف و تردید کہا جا سکتا ہے کہ مرض پرانا دوائوں کے ہی
استعمال سے ہوتا ہے اسی وجہ سے میں تو ہر مریض کو موجودہ دوائوں کے دور خبط میں
یہی مشورہ دوں گا کہ ڈاکٹر سے اسی طرح خوف کھائے جس طرح خطرناک سانپ سے
کھائے۔

۳طب اسلامی میں مزاج کو بڑی اہمیت دی گئی ہے اور گرم سرد مزاجوں میں دوائوں میں مناسب تغیر کیا جاتا ہے اکثر دوسرے طریقہ علاج اس امر کو مدنظر نہیں رکھتے امریکہ کے مشہور ڈاکٹر رابنس نے بیان کیا ہے کہ مرض کا نہیں بلکہ مریض کا علاج کرنا چاہئے۔ عام طور ڈاکٹر تسلیم کرتے ہیں کہ بعض مریض کو نین سلفا ڈرگس.غیرہ برداشت نہیں کرسکتے۔ طب اسلامی مین امراض کا استیصال کیا جاتا ہے حالانکہ دوسرے طریقہ علاج میں صرف امراض کو دبایا جاتا ہے جس کے نتیجے میں وہی امراض دوسری شکل میں حملہ آور ہوتے ہیں۔

۴طب اسلامی مین تشخیص نظری کو بڑی وقعت دی جاتی ہے۔ اور طبیب کے حواس کو تربیت دی جاتی ہے سر جیمز میکنزی نے بیان کیاکہ طب جدید میں اس کی کمی ہے کہ دق وسل وغیرہ کے ابتدائی درجات میں تشخیص مشکل ہوگئی ہے خصوصاً آجکل کے ڈاکٹر بغیر قیمتی آلات اور پیچیدہ امتحانات وغیرہ ،مرض کی تشخیص سے قاصر اور عاجز بن گئے ہیں پھر آلات سے غلط اور صحیح تشخیص ایک علیحدہ مسئلہ ہے۔

۵طب اسلامی میں علاج کے لئے غذا اور دوائی اور ہلکی نباتی دوائوں کے استعمال کی ہدایت کی گئی ہے سمی دوائوں سے پرہیز کا حکم دیاگیا ہے الا بشرط حاجت قوی ، بعض دوسرے طریقہ علاج کا سرمایہ ہی سمی ادویات ہیں حالانکہ ان سے مریض کو فائدہ پہنچنے کی صورت میں بھی بدن کو نقصان پہنچتا ہے ڈاکٹر کوفر وغیرہ نے سمی ادویہ

ے نقصانات کے کئی واقعات بیان کیے ہیں۔کونین سے کونیزم، برومائڈز سے
برونزم ،اور آیوڈین سے آیوڈزم اور سیرموں سے سیرم سکنیس وغیرہ نامی امراض پیدا ہو
جاتے ہیں

۶طب اسلامی میں تازہ رس خیساندے وغیرہ استعمال ہوتے ہیں جو بقول اطباء
مغرب حیاتین کی سرمایہ دار ہوتے ہیں ۔

اس کے مرکبات معجون الطریفل،غیرہ شہد نبات سے تیار کیے جاتے ہیں اور شہد
کے متعلق فیہ شفاء اللناس کا ارشاد گرامی موجود ہے حالانکہ طب جدید کی اکثر ادویات
بالواسطہ بلاواسطہ الکحل سے تیار کی جاتی ہیں اور اب اکثر ڈاکٹر بھی اس کا اعتراف
کرتے ہیں کہ الکحل قلیل مقدارمین بھی مضرت رساں ہے۔

۸طب اسلامی نظام اغذیہ زیادہ مکمل ہے چنانچہ اس کا اعتراف اکثر صوبائی سرکاری
طبی کمیٹیون نے کیا دوسرے بعض طریقہ علاج میں نزلہ اور زکام وجع مفاصل وغیرہ
میں دودھ دیا جاتا ہے ۔جو اکثر مفید نہیں ہوتا۔

۹طب اسلامی امراض مزمنہ میں خاص طور سے کامیاب ہے چنانچہ ڈاکٹر میکلرین
نے اس امر کا اعتراف کیا ہے دوسرے طریقہ علاج اس سے تہی دامن ہیں

۱۰طب اسلامی میں ماء الجبن کا نہایت مفید اور بہترین طریقہ علاج موجود ہے جس کی
خوبیوں کو آرم راتھ راٹ نے تسلیم کیا ہے ۔

ڈاکٹر ہین سن کرول کہتا ہے کہ آج جس طریقے پر ڈاکٹری جاری رہی یہ انسان کے لے طاعون کی حیثیت رکھتی ہے خونی لڑایوں میں اتنے انسانوں کا خون نہیں ہوتا جتنا اس طریق علاج کی علم برداروں نے انسانوں کی بستیاں کی بستیاں ختم کر دی ہیں۔

اگر مشہور و معروف قابل اور فاضل ڈاکٹروں کی آراء طب مغربی کی خلاف جمع کی جائیں تو ایک بڑی کتاب مرتب ہو سکتی ہے لہذا خوف طوالت سے انہی آرا پر اکتفا کیا جاتا ہے۔ اور یہ آرا اور اقوال بھی ہم کو اس لئے نقل کرنے پڑے کہ بد نصیبی سے ہم انگریزوں کی غلامی سے آئینی طور پر آزاد ہو کر بھی ذہنی حیثیت سے غلام ہیں اور اس ہی لئے ہمارا ایجوکیٹڈ طبقہ فن طبابت کو عطائیت اور مغربی طب کو سائنس کے شاندار نام سے یاد کرنے لگا۔ اس نام نہاد سائنس کے متعلق ہم اگر کچھ کہتے تو وہ بھی عطائیت اور عصبیت کے تحت ہوتا اس لئے ہم نے زیادہ تر محققین یورپ کے کے اقوال پیں کرنا مناسب سمجھا

ذرا آہستہ لے چل کاروان کیف و مستی کو
کہ سطح زمین انسان سخت ناہموار ہے ساقی

طب اسلامی کی چند خصوصیات

طب اسلامی میں طبیعت کو مدبرہ بدن قرار دیا گیا ہے۔ اور طب کو اس کی اعانت کا حکم دیا گیا ہے امریکہ اور یورپ کے بہترین ڈاکٹر سب اسی طریقہ علاج کو صحیح قرار دے رہے ہیں

(۱۱) اس میں بار بار کی تجربہ شدہ دواؤں کا قابل اعتماد ذخیرہ موجود ہے کرنل ڈاکٹر بھولا ناتھ آئی ایم ایس نے لکھا ہے بیشتر یونانی دوائیں امپریکل تو ہیں مگر پشت با پشت کا تجربہ اور مشاہدہ ان کی کامیابی کی سند ہے اس کی علاوہ ملک میں آسانی سے دستیاب ہونا اور کم قیمت ہونا ان کی مزید سفارش ہے۔ دوسری دوائیں آج ایک دوا کی شہرت ہوتی ہی اور کل اس کی مذمت کی جاتی ہے ڈاکٹر آر لیور ونڈیل ہومز لکھتے ہیں کہ یورپی میٹریا میڈیکا سمندر میں غرق کر دی جائے تو اس سے بنی و نوع انسان کو زیادہ فائدہ ہو گا

ایوز کلارک رقم طراز ہیں ہماری دوا کی ہر ایک خوراک انسان کی قوت حیات کو گھٹاتی ہے۔

(۱۲) طب اسلامی کی ایک خوبی یہ ہے کہ اس کی اکثر و بیشتر ادویات ہند و پاک میں ملتی ہیں اس طرح ہمارا سرمایہ دوسرے ممالک کی طرف منتقل نہیں ہو گا۔

(۱۳) طب اسلامی میں حلال و حرام کا فرق رکھا جاتا ہے بر خلاف اس کے دوسرے طریقہ علاج میں سور کی چربی اور سور کی معدے کا خلاصہ اور شراب وغیرہ بکثرت مستعمل ہے

(۱۴) اگر کسی وجہ سے غیر ملکی دوائیں آنی بند ہو جائیں تو ایسے معالجین اپنا مطب جاری رکھ سکتے ہیں۔ بر خلاف اس کے دوسرے طریقہ علاج والے اپنی پریکٹس کس طرح بھی قائم نہیں رکھ سکتے

(۱۵) طب اسلامی کا اصول علاج کلیات پر مبنی ہوتا ہے برخلاف اس کے بیدوں
علاج میں صرف چند جزیات سے بحث کی جاتی ہے۔

شہادت اغیار

طب قدیم کی ان خوبیوں نے بالآخر بلند مرتبہ منصب مزاج حاملین طب جدید کو بھی
اعتراف پر مائل کر دیا چند آرا ملاحظہ فرمائیں

سر پارڈے لیوکس ڈائریکٹر جنرل میڈیکل ڈپارٹمینٹ گورنمنٹ آف انڈیا حکیموں اور
ویدوں کے بہت سے طریقہ علاج نہایت بیش قیمت ہیں جن باتوں کو آجکل جدید
اکتشافات کے طریقہ پر پیش کیا جاتا ہے ان میں اکثر ان کو پہلے سے معلوم ہیں۔

ڈاکٹر میکلرن سابق سول سرجن الہ آباد دیسی طب ہر ایک مرض کی تشخیص اور علاج کر
سکتی ہیں ان کا امراض مزمنہ کا علاج خاص طور سے قابل ستائش ہے اور استسقا
،جنون دماغی ، نخاعیہ اور تناسلی امراض میں ملکی آب و ہوا اور جمہوری عادات کی
مطابق ان کا علاج بہت کامیاب ہے۔

ڈاکٹر ہیرالڈ براؤن سابق آئی ایم ایس بہت سی دیسی دوائیں کامیاب ہیں مگر مغربی
طب کے طلبہ کو ان کا علم نہین مدراس کمیٹی کے سیکریٹری ڈاکٹر سری نواس مورتی
ہر پیشہ کے لوگوں کو بہت سی ایسی تصدیقات ہمارے پاس پہنچی ہے جن مین ان
فوائد عظیم کا اعتراف کیا گیا ہے جو انہیں دیسی طریقہ علاج سی حاصل ہوئے حالانکہ
ڈاکٹروں نے ان کو لا علاج سمجھ کر جواب دے دیا تھا۔ کلکتہ یونیورسٹی کمیشن کے صدر

سی مائیکل سڈلز جس نظام طب کو ہوبرنل، نیوبرگ بارڈلے لیوکس، ہیرالڈ براؤن جیسے
ماہرین طب جدید نے ان الفاظ میں توضیع کی ہو ان کی نشونما ہونی چاہئے۔ اس میں
کوئی شک نہیں کہ نشونما ہونی چاہئے لیکن اب کون کرے گا اغیار تو کب کے چلے
گئے۔ اب ہماری ذمیواری ہے کہ طب کو ترقی کی راہ پر گامزن کریں۔ میں نے اپنی
پریکٹس کے دوران کئی معرکے کے علاج کیے لیکن ان کو پایہ تکمیل تک پہنچانا ہنوز
دلی دوراست والا معاملہ ہے۔ ایک مریض جوکہ ۸ سال سے اندھا تھا۔ ڈاکٹروں نے
کہ دیاکہ اب بینائی واپس نہیں آئے گی اور دوسری آنکھ بھی نہیں لگے گی۔ میں نے
اس کا علاج کیا خرچہ ۸۰ روپیا دس دن کی دوا کا ۶ ماہ میں نظر بحال ہوگئی مریض نے
شادی کرلی اب تک زندہ ہے اور اخبار بھی پڑھ رہا ہے۔ اس وقت میں وہ مرض
تشخیص نہیں کرسکا تھا۔ ایک ڈاکٹر دوست نے مرض بتایا۔ اس کے بعد کئی لوگ
صحتیاب ہوئے۔ جگر کے پھوڑے جن کی اپریشن ممکن نہیں تھی ڈاکٹروں نے
موت کا فتویٰ دے دیا تھا ۱۰ دن میں تندرست ہوگیا۔ ڈائیلاسس کے مریض کئی
تندرست ہوگئے۔ کئی دوا کھا رہے ہیں۔ ڈائیلاسس کی ضرورت نہیں، ڈاکٹر نہیں
مانتے۔ منی کے جراثیم کی کمی دوست ڈاکٹر میرے پاس رفر کرتے ہیں، ایک فارماسیو
ٹیکل کمپنی کے مالک نے دعویٰ کیا کہ ۳۰ ملین سے کم مریض کا سیمن نارمل نہیں
ہوگا۔ تازہ ایک مریض جس کا سیمن کاؤنٹ آدھ ملین تھا ایک مہینے میں ۴۰ ملین ہو
گیا موٹلٹی بھی بڑھ گئی دو مہینے میں سیمن رپورٹ نارمل آگئی۔ جوڑوں کے درد مین آر

تل سفید ۳ گرام

ترکیب استعمال

پانی یا دودھ کی مدد سے دواؤں کو پیس لیں اور حسب ضرورت پانی یا دودھ کا اضافہ کر کے چھان لیں اور شکر ملا کر استعمال کریں ۔ یہ ہمدرد کا نسخہ ہے جسے انہوں نے سفوف کی صورت میں بنایا ہے اور اب یہ نسخہ خوبصورت پیکنگ میں مارکیٹ میں دستیاب ہے آپ کو سوبینا کے نام سے ہر جگہ سے مل جائے گا۔

فوائد

یہ نسخہ ان مریضوں کو استعمال کرایا جاتا ہے جو موجودہ تہذیب کے کشتے اور عصبی تناؤ میں مبتلا ہو چکے ہیں اور جن کو سکون کی تلاش ہے بلا شبہ ایسے لوگوں کے لئے بہتر کوئی دوا نہیں ہو سکتی اسی طرح جنون اور پاگل پن میں یہ نسخہ استعمال کرایا جا سکتا ہے بے خوابی کے لئے یہ نسخہ بہت مفید ہے ۔ اور دوسرے امراض کے لئے یہ نسخہ کارآمد ہے ۔ میں سر کے درد کے لئے استعمال کراتا ہوں اکثر لوگ شفایاب ہو جاتے ایسے لوگوں کو استعمال کرایا جن کو جما کے دوران یا اس کے بعد درد ہوتا تھ یہ لوگ سالوں سے سر درد جماعی میں مبتلا تھے ۱۵ دن کی دوا استعمال کرنے سے مکمل صحتیاب ہو گئے۔

(۳) حب مقوی دماغ

کندر ۱۵ گرام

وج ترکی ۱۵ گرام

زنجبیل ۱۵ گرام

تیزپات ۱۵ گرام

لونگ

امرض دماغ)

امراض دماغ کا ہماری طبی کتابوں
میں کثرت سے نہ صرف ذکر ہے
لیکن بڑا موثر علاج بھی اطباء قدیم
نے تحریر کیا ہے۔ لیکن وہ زیادہ تر
منفج و مسل پر مشتمل ہے ہمارے
اطبا سہل پسندی اور مریض کے عدم
تعاون کی وجہ سے ہم دماغ کے
عسیرالعلاج امراض کا علاج نہیں
کرسکتے ۔ جب کہ اطباء قدیم اس
معاملے میں کامیاب علاج کرتے
تھے ۔ لیکن ہم اب ویلیم اور زینیکس
کے محتاج ہو کر رہ گئے ہیں میںنے
کافی نسخے اپنے تجربہ شدہ اور دور حاضر
کے طبیبوں کے علاوہ قدیم اطبا کے
نسخے بھی لکھے ہیں۔

(۲) اکسیر دماغ

کشتہ نقرہ ۳ گرام
کشتہ شاخ مرجان ۲۳ گرام
کشتہ فولاد ۱۲ گرام

ترکیب تیاری

تمام ادویہ کو کھرل میں پیس کر ملا کر
رکھیں دوا تیار ہے

ترکیب استعمال

۲۵۰ ملی گرام صبح و شام مناسب
بدرقہ سے کھلائیں

فوائد

ضعف دماغ اور دماغی نزلہ زکام
کے لئے مفید ہے

(۱) سومینا

مغز بادام ۵ دانہ
مغز کدوئے شیریں ۳ گرام
تخم کاہو ۳ گرام
تخم خشخاش ۳ گرام

ایچ ای فیکٹر نیگیٹو ہو جاتا ہے۔ ڈاکٹر ماننے کے لئے تیار نہیں۔ اسی طرح کی کئی لا علاج بیماریون کا علاج کیا۔ تو کبھی عام بیماریوں میں بھی ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔ اس لئے اب ہمیں اپنے معمولات کو اگلی نسل کو منتقل کرنا پڑے گا کیونکہ کسی نہ کسی طبیب کے پاس کسی ایسی بیماری کا علاج ہوتا ہے جس کا علاج عموماً حکیم نہیں کر پاتے۔ اس جذبے کو مدنظر رکھتے ہوئے، میں نے بھی اپنے مطب کے تمام نسخہ جات لکھ دیے ہیں جن کا موثر ہونا کسی شک و شبہ سے بالا تر ہے۔ کچھ نئے مجربات و تجربات، نئی باتیں نظر آئیں گی جن کا ذکر آپ کو طبی کتابوں میں نظر نہیں آئے گا۔ میری اس کاوش میں مشہور معروف اطباء کی کاوشوں کا بھی بڑا ہاتھ ہے۔ مجھے امید ہے اطبا اس سے نہ صرف مستفید ہوں گے بلکہ اپنے نت نئے تجربات کو شامل کریں گے۔ آخر میں میں ان تمام اداروں اور اطباء کا شکریہ ادا کرتا ہوں جن کی کتابوں اور تجربات سے میں نے استفادہ کیا ہے۔

مصطگی رومی
ناگر موتھ
دارچینی، ہر ایک ۷ گرام
قند سفید ۱۴۰ گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر حب بقدر ۱۴۰ ملی گرام تیار کریں

فوائد

دماغ کو قوت دیتی ہے نسیان کے لئے موثر ہے

ترکیب استعمال

ایک گولی صبح ایک گولی دوپہر ایک رات کو پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

(۴) حب برہمی

برہمی بوٹی ۵۰ گرام
طباشیر
دانہ الائچی خورد
ثعلب مصری،
ہر ایک ۲۰ گرام
کشتہ مرجان سادہ ۱۰ گرام

ترکیب تیاری

سب دوائوں کو باریک کر کے نبات کے شیرے کی مدد سے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

مقدار و خوراک

ایک ایک گولی صبح و شام دودھ کے ساتھ کھائیں

(۵) حب اسطوخودوس

اسطوخودوس اعلیٰ قسم کوٹ چھان کر شہد سے ۵۰۰ ملی گرام کی گولیاں تیار کریں۔

ترکیب استعمال

مندرجہ ذیل علاج

گئے

(۸) معجون اسطوخودوس بنفشہ

اسطوخودوس ۱۰۰ گرام

گل بنفشہ ۱۰۰ گرام

چینی ۳۰۰ گرام

عرق گلاب حسب ضرورت

پہلی دونوں چیزیں پیس کر عرق گلاب ۱۰۰ ملی لیٹر ملاکر رکھیں تاآنکہ معجون تیار ہوجائے

مقدار و خوراک

۲۰ سے ۳۰ گرام رات کو سوتے وقت دیں

فوائد

یہ نسخہ علامہ داؤد انطاقی کا وضع کردہ ہے اور حکیم جلیل احمد انصاری کا معمول مطب رہا ہے ان کا کہنا ہے ضعف بصر کے لئے مفید ہے حکیم جلیل احمد مسہل و منضج کے بعد استعمال کراتا تھا لیکن میں یہ معجون لطیفی کے نام سے استعمال کراتا ہوں۔ مرگی میں بھی فائدہ کرتی ہے

(۹) سفوف صرع

افتیمون

اسطوخودوس

عقرقرحہ

بسفائج ہر ایک ۳۰ گرام

کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں

مقدار و خوراک

ایک گرام سے ۳ گرام تک اکسیر صرع کے ساتھ دیں

فوائد

مرگی کے لئے مفید ہے چند یوم میں
فائدہ شروع ہوگا اور ایک دو ماہ میں
کامل صحت ہوجاتی ہے

(۱۰) اکسیر صرع

عود صلیب ۳ گرام
استخوان سر آدمی سوختہ ۵ گرام
سمندر جھاگ ۲ گرام
سہاگہ ایک گرام
کشتہ جست ڈیڑھ گرام

مقدار و خوراک

صبح و عصر کو مندرجہ بالا سفوف کے
ہمراہ دیں۔
مرگی کی لئے معمول و مجرب ہے۔

صبر سقوطری
سقمونیا
تربد سفید

ہم وزن پانی کے ہمراہ ۲۵۰ ملی گرام
کی گولیاں بنائیں

مقدار و خوراک

ایک گولی صبح و شام روزانہ کھلائیں

فوائد

مرگی کے لئے معمول و مجرب
ہے اس کے استعمال سے پاخانہ
صاف آتا ہے اور دماغ کا تنقیہ
ہوجاتا ہے۔

(۱۱) حب سلحفات

کچھوے کا گوشت ۳۰ گرام
عود صلیب ۱۰ گرام
فلفل سیاہ ۱۴ گرام
جند بید ستر ۷ گرام

ترکیب تیاری

سب کو کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر
گولیاں بقدر فلفل بنائیں اور نگاہ رکھیں

چار گولیاں مختلف اوقات میں
مناسب بدرقہ سے دیں

فوائد

درد سر شقیقہ امرض دماغ و معدہ کے لئے مفید ہے۔ یہ نسخہ مجربات بابائے طب فرید احمد عباسی مرتبہ حکیم محمد یوسف کھتری سے ماخوذ ہے۔

حکیم فرید احمد کے تجربات:

نزلی رطوبات کو دور کرتا ہے رطوبت فضلیہ کو تحلیل کرتا ہے اعصاب محرکہ کو قوی کرتے ہیں ایک شخص کو نفخ کی شکایت رہتی تھی۔ میں نے چار گولیان یومیہ اسطوخودوس دینا شروع کیں ایک ہفتے میں گرانی دور ہو گئی حکیم شریف خان نے ارشاد فرمایا ہے کہ یہ جاروب دماغ ہے میں اسے جاروب معدہ بھی لکھتا ہوں

جدید تجربات

مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کی ایک ریسرچ میں اسطوخودوس کا سفوف ۳-۳ گرام دینے سے صرع شدید کا مریض تندرست ہوا دماغی ٹیسٹ یعنی سی ٹی سکین بھی نارمل ہو گئی۔ اس ریسرچ کا تفصیلی ذکر جلد دوم میں کیا جائیگا میری رائے ہے کہ جب اسطوخودوس بھی مرگی کے لئے کارآمد ہیں میں اسطوخودوس میں شہد ڈال کر معجون تیار کر کے ۱۰ گرام صبح و شام دیتا ہوں اکثر لوگوں کو مرگی میں فائدہ ہو جاتا ہے

(٦) اکسیر درد سر

کوکنار ۵ گرام
اسپغول ۲۰ گرام
اسطوخودوس ...

ترکیب تیاری

تمام اشیاء کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار و خوراک

۵۰۰ ملی گرام تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں

فوائد

درد سر میں فوری فائدہ ہوتا ہے اور نیند آجاتی ہے

(۷) صداع تزعزی

استوخودوس ۳۰ گرام
نبات سفید ۱۵ گرام
سفوف تیار کریں۔

استوخودوس ۵ تولا ایک لٹر پانی میں میں بھگو کر ابال کر آدھ کلو شہد میں پانی چھان کر ملا کر شربت تیار کریں۔اب سفوف ڈیڑھ گرام شربت ۱۵ ملی لٹر اس میں عرق گلاب ۶۰ ملی لٹر ملا کر پی لیں ایسی تین خوراکیں دن ساتھ سوپینا ہمدرد ۲ چمچ صبح و شام دیں یا سوپینا خود تیار کر کے دیں سوپینا کا نسخہ اس کتاب میں موجود ہے۔

فوائد

ایک شخص کے سر پر جو محکمہ جیل سے تعلق رکھتے تھے ایک قیدی نے اس زور سے ڈنڈا مارا کہ وہ بے ہوش ہو گئے فوراً سپتال پہنچائے گئے جہاں ان کا قریباً ایک ماہ علاج ہوتا رہا اس سے زخم وغیرہ تو اچھا ہو گیا خون نکلنے سے جو کمزوری ہو گئی تھی وہ بھی رفع ہو گئی لیکن درد سر مستقل ہونے لگا اس کا بھی وہ کئی ماہ تک مختلف معالجین سے علاج کرتے رہے لیکن کہیں بھی شفا نہیں ہوئی

مندرجہ ذیل علاج سے تندرست ہو گئے

(۸) معجون اسطوخودوس بنفشہ

اسطوخودوس ۱۰۰ گرام

گل بنفشہ ۱۰۰ گرام

چینی ۳۰۰ گرام

عرق گلاب حسب ضرورت

پہلی دونوں چیزیں پیس کر عرق گلاب ۱۰۰ ملی لٹر ملا کر رکھیں تاآنکہ معجون تیار ہو جائے

مقدار و خوراک

۲۰ سے ۳۰ گرام رات کو سوتے وقت دیں

فوائد

یہ نسخہ علامہ داؤد انطاقی کا وضع کردہ ہے اور حکیم جلیل احمد انصاری کا معمول مطب رہا ہے ان کا کہنا ہے کہ درد سر شقیقہ سدر، رمد مزمن اور ضعف بصر کے لئے مفید ہے حکیم جلیل احمد مسل و منضج کے بعد استعمال کراتا تھا لیکن میں یہ معجون لطیفی کے نام سے استعمال کراتا ہوں۔ مرگی میں بھی فائدہ کرتی ہے

(۹) سفوف صرع

افتیمون

اسطوخودوس

عقرقرحہ

بسفائج ہر ایک ۳۰ گرام

کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں

مقدار و خوراک

ایک گرام سے ۳ گرام تک اکسیر صرع کے ساتھ دیں

فوائد

سے ہے اور مجرب ہے حکیم جلیل احمد انصاری کا کہنا ہے کہ صرع مزمن کے لئے مفید ہے۔

(۱۴) حب صرع بو علی سینا

جندبیدستر ۱۰ گرام

ایلوا ۱۰ گرام

کندر ۱۰ گرام

ترکیب تیاری

تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر پانی سے ۵۰ ملی گرام کی گولیاں تیار کریں۔

مقدار خوراک

بڑوں کو ایک سے دو کیپسول صبح و شام بچوں کو ایک گولی صبح و شام ماں کے دودھ میں گھس کر پلائیں

فوائد

مرگی کے لئے مفید ہے ام الصبیان کو بھی فائدہ بخشتی ہے

یہ مشہور و معروف نسخہ ہے اکثر دواخانے بشمول اجمل دوا خانہ بناتے ہیں حکیم ایس ایم اقبال نے اخبار جہاں میں اس نسخے کی خوب تعریف کی ہے

(۱۵) دوائے لکنت

عاقر قرحہ ۱۰ گرام

تیزپات ۱۰ گرام

مرچ سیاہ ۵ گرام

ترکیب تیاری

دوائوں کو کوٹ چھان کر باریک کرلیں تھوڑا سا سفوف دن میں تین بار آہستہ آہستہ زبان پر ملیں

میرا ذاتی تجربہ ہے کہ مندرجہ بالا دوا کے ساتھ اگر معجون فلاسفہ کھلایا جائے تو بہت جلد فائدہ ہوتا ہے ۱۵

مقدار و خوراک

دو گولی صبح دو گولی شام ہمراہ آب تازہ دیں۔

فوائد

حکیم علوی خان مرحوم و مغفور نے صرع کے لئے ان گولیوں کو مجربات سے تحریر فرمایا ہے۔

(۱۲) حب صرع عزیزی

سم الفار سفید ۳ گرام
خولنجان ۱۲ گرام
طوطیا سبز ۳ گرام
کتھ سفید ۶ گرام
طباشیر عمدہ ۶ گرام

جملہ ادویہ کو عرق برگ تنبول میں کھرل کر کے گولیاں بقدر دانہ جوار بنالیں یا نصف رتی کیپسول میں ڈال کر دیں

فوائد

اس کے استعمال سے کہنہ سے کہنہ صرع بفضلہ تعالیٰ چند دن میں جاتی رہتی ہے۔ یہ نسخہ حکیم عزیزالدین صاحب بھوپال کا ہے۔

(۱۳) معجون عقر قرحہ

عقر قرحہ ۳۵ گرام باریک کر کے چھلنی سے چھان لیں اس کے بعد ہاون دستے میں سرکہ کہنہ ۳۶ گرام کے ساتھ کھرل کریں اور شہد خالص دوچند میں ملا کر معجون بنائیں

مقدار و خوراک

۹ گرام سے ۱۲ گرام تک بقدر حاجت آب نیم گرم کے ساتھ دیں

منافع

یہ معجون جالینوس کی تالیف ہے صاحب تحفہ لکھتے ہیں کہ اسرار الاطبا

مرگی کے لئے مفید ہے چند یوم میں
فائدہ شروع ہوگا اور ایک دو ماہ میں
کامل صحت ہوجاتی ہے

(۱۰) اکسیر صرع

عود صلیب ۲ گرام
استخوان سر آدمی سوختہ ۵ گرام
سندر بھاگ ۲ گرام
سانگ ایک گرام
کشتہ جست ڈیڑھ گرام

مقدار و خوراک

صبح و عصر کو مندرجہ بالا سفوف کے
ہمراہ دیں۔
مرگی کی لئے معمول و مجرب ہے۔
صبر سقوطری
سقمونیا
تربد سفید

ہم وزن پانی کے ہمراہ ۲۵۰ ملی گرام
کی گولیاں بنائیں

مقدار و خوراک

ایک گولی صبح و شام روزانہ کھلائیں

فوائد

مرگی کے لئے معمول و مجرب
ہے اس کے استعمال سے پاخانہ
صاف آتا ہے اور دماغ کا تنقیہ
ہوجاتا ہے۔

(۱۱) حب سلحفات

کچھوے کا گوشت ۳۰ گرام
عود صلیب ۱۰ گرام
فلفل سیاہ ۱۴ گرام
جند بید ستر ۲ گرام

ترکیب تیاری

سب کو کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر
گولیاں بقدر فلفل بنائیں اور نگاہ رکھیں

سال کے بچوں کو حیرت انگیز فائدہ ہوتا ہے

(۱۶) اکسیر لکنت

خولنجان ۴ گرام

عقر قرحہ ۶ گرام

فلفل سیاہ ۴ گرام

شہد خالص ۱۲ گرام

ورق نقرہ ایک گرام

کچلہ مدبر ایک گرام

ترکیب تیاری

سب ملا کر معجون تیار کریں

ترکیب استعمال

دو تین مرتبہ زبان کے نیچے لگا دیا کریں

فوائد

لکنت کے لئے اکسیر ہے۔ نہایت مفید دوا ہے صرف ۸ دن میں فائدہ ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

(۱۷) اکسیر چکر

مربہ آملہ ایک عدد

ورق نقرہ ایک عدد

مربے کا ایک دانہ لیکر دھوکر ورق نقرہ لپیٹ کر چاندی کا ورق لگا کر استعمال کریں

فوائد

سر چکرانا یعنی سدر ودوار کے لئے مفید ہے۔

(۱۸) اکسیر املی

املی کا گودہ ۲۵ گرام

چینی ۶ گرام

ترکیب تیاری

املی کے گودے کو ۱۲۰۰ ملی لٹر پانی میں
ایک گھنٹہ بھگوئیں اس کے بعد نتھار
کر شکر ملا کر دن میں صبح و شام
دوبار استعمال کریں۔

(۱۹) دوائے کدو

مغز کدو ۱۰ گرام پیس کر مصری ۱۰۰
گرام تھوڑی تھوڑی ملا کر خوب کھرل
کر کے رکھیں۔

مقدار و خوراک

ایک گرام سے دو گرام تک

فوائد

نیند نہیں آنے میں مفید ہے

تجربات

جب میں بہرہ گیا تو نواب سید محمد شام
کو ڈاکٹروں نے بلڈ پریشر تشخیص کیا نیند
نہ آنے کی بھی شکایت تھی سفوف
مذکورہ دیا دوسرے دن ۴ گرام دیا
خوب نیند آگئی
معمولات بابائے طب

(۲۰) حب تلخ

اندرائن ۵۰ گرام
ایلوا ۵۰ گرام
تربد ۵۰ گرام
گلاب کے پھول ۵۰ گرام
سنا ۵۰ گرام
گوگل ۵۰ گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر گوگل کو پانی میں حل
کر کے ۵۰۰ ملی گرام کی گولیاں تیار
کریں

مقدار و خوراک

ایک گولی پانی کے ساتھ لیں قبض کی صورت میں دو گولیاں بھی لی جا سکتی ہیں

فوائد

پرانے نزلہ زکام کھانسی میں مفید ہونے کی ساتھ حلق کی ریزش اور کوا گرنے میں مفید ہے میں اس نسخے کے ہمراہ کوئی عمدہ ناس دیتا ہوں اس مقصد کے لئے اسی کتاب سے کوئی ناس بناکر استعمال کرائیں

(۲۱) اکسیر نزلہ رضوانی

ہلیلہ زرد ۲۰ گرام
ہلیلہ سیاہ ۲۰ گرام
ہلیلہ کابلی ۲۰ گرام
آملہ ۲۰ گرام
بلیلہ ۲۰ گرام
کشنیز ۲۰ گرام
اسطوخودوس ۵ گرام
تخم خطمی ۵ گرام
تخم خبازی ۵ گرام
گل بنفشہ ۵ گرام
خشخاش ۵ گرام

ترکیب تیاری

ان دوائوں کو باریک بناکر سفوف بنائیں اور روغن بادام ۵۰ ملی لٹر میں جذب کریں ۔اس کے بعد عناب سپستاں ہر ایک ۵۵ عدد گل بنفشہ ۱۰ گرام سب کو پانی میں جوش دیکر چھان کر پانی نکالیں اس کے بعد ۱۷۰ گرام شہد اور ۳۴۰ گرام چینی میں اس کا قوام تیار کریں اس میں سفوف ڈالیں آخر میں مغز کدو مغز پیٹھہ ،بادام شیریں مغز تربوز ہر ایک باریک کرکے ملائیں ایک ماہ رکھنے کے بعد استعمال کرائیں۔

پوست بلیلہ زرد

بلیلہ سیاہ

اسطوخودوس ہر ایک ۲۰ گرام

تخم بوزمائل ۱۰ گرام

روغن بادام شیریں ۳۰ گرام

ترکیب تیاری

سب کا سفوف کرکے شہد ۶۰۰ گرام
ملاکر معجون تیار کریں

مقدار و خوراک

ایک گرام

فوائد

نزلے زکام اور سر درد میں مفید ہے
معمولات فرید احمد عباسی ترتیب و
تالیف حکیم محمد یوسف

تجربات

راقم الحروف نے یہ نسخہ استعمال کرایا
ایک گرام سے اتنا فائدہ نہ ہوا البتہ
دو گرام اور نشہ کرنے والے لوگوں کو
۳ گرام دینی پڑتی ہے۔

(۲۶) اکسیر عجیب

سنا مکی ۶۰ گرام

اسطوخودوس ۶۰ گرام

بسفائج ۶۰ گرام

گاؤزبان ۶۰ گرام

منقیٰ ۶۰ گرام

افتیمون ۶۰ گرام

مصری ۳ کلو

ترکیب تیاری

مصری کے علاوہ تمام اشیا کو ۲ لٹر پانی
میں ابال لیں جب ایک لٹر رہے
تو چھان کر مصری ملاکر شربت تیار
کریں

مقدار و خوراک

باریک سفوف ہونے کی بعد شیشی
میں سنبھال کر رکھیں

مقدار و خوراک

ایک گرام صبح و شام پانی کے ساتھ
دیں

فوائد

نزلہ حار میں مفید ہے۔

(۲۴) جوشاندہ نزلہ حار

بیدانہ ۳گرام
عناب ۵ دانہ
سپستاں ۵ دانہ
خاکشی ۳گرام

ترکیب استعمال

ایک پاؤ پانی میں میں بھگو کر ہلکا
جوش دیکر چھان لیں دوبارہ اسی میں
پانی ڈال کر ہلکا جوش دیکر چھان کر
پئیں

فوائد

اکثر اطبا نزلہ حار سے کم واقف ہیں اور
علاج بھی دشوار ہوتا ہے انفلوائنزا
ہے فیور بھی نزلہ حار کے زمرے
میں آتے ہیں مندرجہ نسخہ حکیم اجمل
خان نے انفلوائنزا میں استعمال کرا
کے بڑی شہرت حاصل کی تھی یہ
نسخہ مندرجہ بالا امراض کے علاوہ
ذات الجنب جسے انگلش میں
پلیوریسی کہتے ہیں اس میں مفید ہے
۔شدید کھانسی میں لعوق سپستاں
استعمال کیا جا سکتا ہے گرمی کے شدید
نزلے جس میں شدید جلن ہوتی ہے
اس میں مفید ہے

(۲۵) تریاق نزلہ

کشنیز خشک مقشر ۴۰ گرام
پوست آملہ

مقدار خوراک

۲ گرام سے ۹ گرام تک صبح و شام
دیں

فوائد

یہ دائمی نزلے زکام کی لئے مجرب
اور ہزاروں بار آزمائی ہوئی ہے

(۲۲) حب اسطوخودوس

اسطوخودوس ۲۰ گرام
فلفل دراز ۱۰ گرام
افیمون رومی ۵ گرام

ترکیب تیاری

تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر گوند کیکر کی
مدد سے چنے کے برابر گولیاں تیار
کریں

مقدار خوراک

۲ گرام بعد غذا دو وقت ہمراہ آب تازہ
دیں

فوائد

دماغ کو فضلے کے اجتماع سے پاک کرتا
ہے سردرد وسواس، نسیان جنون
مالیخولیا وغیرہ کے لئے نہایت مفید
ہے

نوٹ: افتیمون کی جگہ اگر ۵۰ گرام
آکاش بیل کے پانی کے ساتھ کھرل
کرکے استعمال کریں تو بہتر رہے گا

(۲۳) سفوف بہیدانہ

۱۰ گرام بہیدانہ
۱۰۰ گرام مصری

کتب خانہ طبیب

ترکیب تیاری

بہیدانے کو پیس کر ۱۰ گرام مصری
ڈال کر کھرل کریں خوب حل ہونے
کے بعد دوبارہ ۱۰ گرام مصری ڈالیں
اسی طرح ۱۰۰ گرام مصری ختم کریں

پوست ہلیلہ کابلی ۱۰ گرام

ہلیلہ سیاہ ۱۰ گرام

پوست بلیلہ ۱۰ گرام

آملہ ۱۰ گرام

گل سرخ ۱۰ گرام

سنامکی ۲۰ گرام

کتیرا ۱۶ گرام

ترکیب تیاری

سب کو کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کریں اور ترنجبین ۳۰ گرام پانی میں حل کر کے چھان کر تمام ادویہ سے کھرل کریں۔ اس کے بعد گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار و خوراک

۱۔۵ گرام بوقت خالی پیٹ گرم پانی کے ہمراہ دیں اسی طرح ہفتے میں دو مرتبہ مسلسل استعمال کراتے رہیں یہاں تک کہ مریض صحت یاب ہو جائے

منافع

صاحب جامع فرماتے ہیں کہ ایک ایک شخص کو مرض کابوس کے ساتھ صرع کی بھی شکایت تھی۔ ان گولیوں کے استعمال سے بالکل صحت یاب ہوگیا۔

(۳۰) معجون مالیخولیا

اسطوخودوس

تربد سفید مجوف خراشیدہ

بسفائج

افتیمون ہر ایک ۱۰ گرام

ہلیلہ سیاہ ۱۰ گرام

ہلیلہ کابلی ہر ایک ۱۰ گرام

لاجورد ۱۰ گرام

شہد خالص ۱۶۰ گرام

مصری کا عرق بید مشک میں قوام تیار کریں لاجورد کے علاوہ تمام ادویہ کا سفوف تیار کرکے معجون تیار کریں معجون تیار ہونے کے بعد لاجورد اس میں ملا دیں

ترکیب استعمال

صبح نہار منہ یا شب کو سوتے وقت ہمراہ عرق منڈی یا عرق شیر مرکب ۹ گرام کے ساتھ استعمال کریں

فوائد

تمام سوداوی امراض مالیخولیا وغیرہ کے لئے انتہائی مفید ہے نیز دوہری شخصیت کے حامل امراض دماغ کے مریضوں کے لئے بھی مفید ہے۔

(۳۱) کشتہ شنگرف آچاری

یہ نسخہ میرے پیدائشی شہر ماٹلی کے طبیب محمد آچر کا ہے۔ مرحوم کا میرے خاندان اور بالآخر مجھ سے بھی اچھے تعلقات رہے مرحوم بنیادی طور پر نائی تھے کیمیاگری کے شوقین تھے اس لئے ان کی دکان پر ایسے لوگوں کی بڑی رش ہوا کرتی تھی، لیکن مریض کم اور کیمیاگر زیادہ تھے ٹنڈو محمد خان سے ایک شخص اس کے پاس جایا کرتا تھا اس نے راقم الحروف کو بتایا کہ حکیم محمد آچر کے پاس فالج کا نسخہ ہے جس سے کافی لوگوں کو فائدہ ہوا ہے۔ اس کے بعد میری اس سے ملاقات نہ ہو سکی اور ان کا انتقال ہوگیا۔ لیکن وہ ہی نسخہ حکیم محمد صالح لاکھو نے اپنی کتاب باب الحکمت عرف حکمت جا ہیرا میں قلمبند کیا نسخہ مبارک اس طرح ہے۔

شنگرف ۱۲ گرام فلفل دراز ۳۰ گرام
فلفل دراز کو کوٹ چھان کر مٹی کے
توے پر آدھی فلفل دراز کو کر رکھیں
اس کے اوپر شنگرف رکھیں اس
کے بعد بقایا فلفل دراز رکھیں نیچے
ہلکی آنچ دیں اگر کہیں سے شنگرف
ظاہر ہو تو فلفل دراز کا سفوف
لگادیں۔ فلفل دراز جلنے کے بعد
شنگرف نکال کر اس میں سے ۳ گرام

سونٹھ

لونگ

مرچ سیاہ

دارچینی ہر ایک ۳ گرام کھرل کر کے
رکھیں

مقدار و خوراک

ایک گرام شہد سے صبح و شام
کھلائیں ۔ایک ہفتے کے اندر فائدہ ہو
جاتا ہے

فوائد

یہ نسخہ فالج لقوہ، استرخاء کے لیے لا
جواب ہے مناسب بدرقے سے
استعمال کریں۔ ساتھ معجون سیر اور
معجون اذراقی کے ساتھ بھی دے
سکتے ہیں

(۳۲) اکسیر پتافی

عقرقرحا

فلفل دراز

ہم وزن کوٹ کر پیس کر رکھیں

مقدار و خوراک

۵۰۰ ملی گرام ہمراہ ماء العسل صبح دو
پہر و شام دیں

فوائد

جس فالج میں ورم اور بلڈ پریشر نہ ہو
اس میں اکسیر ہے۔ یہ نسخہ حکیم رفیق
احمد پتافی کا ہے

ان دوائوں کو پانی میں پیس چھان کر علی الصبح درد ہونے سے ایک گھنٹہ قبل بغیر مصری ملائے ایک ہفتہ تک پئیں

فوائد

ہر قسم کے سر درد میں مفید ہے راقم الحروف کا تجربہ ہے کہ یہ ہی نسخہ ہائے بلڈ پریشر میں مفید ہونے کے ساتھ مرگی میں بھی مفید ہے ۔چونکہ آجکل گھوٹنا وغیرہ کا رواج کم ہوتا جارہا ہے اس لئے اسے سفوف بناکر دو حصے کریں صبح و شام دیں مندرجہ بالا تمام امراض میں مفید ہے ۔یہ نسخہ گلدستہ مجربات گنجینہ مجربات طب مخفی ،کنزالمجربات اور اکثر طبی کتب میں موجود ہے ۔لیکن اسی نسخہ کا بلڈ پریشر اور مرگی میں مفید ہونا راقم الحروف کا ذاتی تجربہ ہے۔

(۳۴) لطیفی ناس

پرانی اینٹ جو کہ سرخ رنگ کی اور پرانی ہو کوٹ چھان کر رکھیں اس کو آک کے دودھ میں بھگوکر خشک کرکے سوکھنے کے بعد فی ۱۰ گرام ۶ عدد لونگ پیس کر ڈالیں اس کے بعد ایک گھنٹہ کھرل کرکے سنبھال کر رکھیں ۔

ترکیب استعمال

ایک چٹکی بھر ناک میں سڑکیں

فوائد

سر کا درد نزلہ زکام دانت کا درد میں مفید ہے سب سے زیادہ اس کا اہم فائدہ یہ ہے کہ مرگی میں بھی مفید ہے

(۳۵) ناس برائے شقیقہ

فلفل دراز ۲۰ گرام

نمک سنگ ۶ گرام دونوں کو پیس

چھان کر سنبھال کر

رکھیں

ترکیب استعمال

ناک میں ہلاس کریں پرانی سے پرانی

درد شقیقہ میں مفید ہے

(۳۶) عطوس دماغی

برگ کشمیری ۶ گرام

نکچھنی ۶ گرام

پوست ریٹھا ۴ گرام

بنڈال ۳ گرام

کتیرا ایک گرام

تخم حنظل ایک گرام

قرنفل ایک گرام

عقرقرحہ ایک گرام

تمباکو ۴۰ گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں

ترکیب استعمال

ناک میں ناس کریں

فوائد

اکثر دماغی امراض میں مفید ہے

(۳۷) نسوار صداع دودی

ایسا جوتا تلاش کریں جو کسی میدان میں

جلا کر راکھ کریں

ترکیب استعمال

مریض کو بطور ناس استعمال کرائیں

فوائد

ناک کے کیڑوں کو خارج کر کے

صداع دودی کو مفید ہے

اسی ناس سے ایک مایوس مریض

کے ۲۵ کیڑے آدھ گھنٹے میں بندہ

نے ایک دفعہ میں خارج

کیے۔ (طب مخفی)

(۳۸) حب زنجبیل

(۳۲) مفرح صالح

درونج عقربی

زرنباد

فرنجمشک

دارچینی

الائچی خورد

تیزپات ہرایک ۲۰ گرام

بالچھڑ

لونگ

عود غرقی

صندل سفید

صندل سرخ

تخم تلسی

ہرایک ۱۲ گرام

جدوار خطائی

کہربا شمعی

دریائی ناریل ہرایک ۱۰ گرام

کشتہ عقیق ۶ گرام

ورق نقرہ ۳ گرام

تمام اشیا کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں

مقدار و خوراک

ایک ایک گرام صبح و شام آملے کے مربے کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد

مقوی دماغ ہے ہاضمہ بڑہاتی ہے نسیان کی لئے مفید ہے قوت حافظہ بڑہاتی ہے گھبراہٹ بے چینی نظر بڑہاتی ہے عجیب و غریب خیالات درست کرتا ہے۔

(۳۳) درد سر شقیقہ

اسطوخودوس ۶ گرام

سیاہ مرچ ۶ عدد

کشنیز خشک ۴ گرام

سونٹھ

بلیلہ ذرد،

کوٹ چھان کر گوند کیکر کے ساتھ چھوٹے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

ترکیب استعمال

صبح دو پہر اور رات کو منہ میں رکھ کر چوسیں

فوائد

آواز صاف کرتی ہے۔اور گلے کے درد میں بھی مفید ہے۔یہ نسخہ راقم الحروف کو حکیم عبدالمالک نظامانی نے عطا کیا تھا بہت مفید نسخہ ہے

(۳۹) حب روشن آواز

برہمی

خولنجان

اجوائن دیسی

الائچی خورد

ست ملٹھی

پیپل سب ہم وزن لے کر عرق پان یا ادرک میں کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں ایک گولی منہ میں رکھ کر چوسیں

فوائد آواز صاف ہو جاتی ہے۔

امراض صدر

(۳۹) سفوف رفعت

کباب چینی اصلی ۵۰ گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر رکھیں

مقدار و خوراک

۱۲۵ ملی گرام سے ۲۵۰ ملی گرام تک

فوائد

ذیہ کھانسی نکار اور تصفیہ خون اسہال
میں مفید ہے۔
میرے ایک عزیز رفعت حسین نے
اس کی منافع مجھے بتائے۔ میں نے
اسے استعمال کیا اس کا نام سفوف
رفعت رکھ دیا بچوں کے امراض میں
بہت مفید ہے ایک بچے کو شدید
کھانسی تھی خیال ہوا کہ ذیہ نہ ہو
جائے ۱۲۵ ملی گرام شہد میں ملا کر
چٹایا بچہ آرام سے سو گیا بچوں کے
اسہال کھانسی میں اس کے فوائد
مسلمہ ہیں (مجربات بابائے طب
مرتبہ حکیم محمد یوسف)

(۴۰) حب کھانسی

کاکڑاسنگی ۶۰ گرام
پوست بلیلہ زرد ۶۰ گرام
ہم وزن سفوف بنا کر ادرک کے رس
میں ملا کر گولیاں تیار کریں
صبح دوپہر شام ایک ایک گولی
چوسیں

(۴۱) چٹنی سعال

صمغ عربی
کتیرا
رب السوس
شکر تیغال
ہم وزن سفوف بنائیں شہد میں
ملا کر چٹنی تیار کریں

ترکیب استعمال

دن میں تین مرتبہ چٹائیں۔

فوائد

کھانسی کے لئے مفید ہے۔

(۴۲) اکسیر سعال بلغمی

سونٹھ ۵۰ گرام
کاکڑاسنگی ۵۰ گرام
ملٹھی ۵۰ گرام

ترکیب تیاری

تینوں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار
کریں حسب دستور پانی کے ساتھ ۲۵۰
ملی گرام کی گولیاں تیار کرائیں

مقدار و خوراک

ایک سے دو گولی دن میں تین
مرتبہ پانی کے ساتھ استعمال کریں

(۴۳) اکسیر سعال بلادری

بلادر مسلم کو گھی میں ڈال کر اس قدر
بریاں کریں کہ سوختہ ہوجائے پھر نکال
کر محفوظ رکھیں

ترکیب تیاری

کھرل میں خوب باریک کرکے
رکھیں اگر چھوٹے نخود کے
برابر گولیاں بنائی جائیں تو اسے مقوی
اعصاب گولیاں کہا جائے گا۔

مقدار و خوراک

۲۵۰ گرام شہد کی ہمراہ قوت باہ کے
لئے ایک گولی رات کو پانی کے ساتھ
یا دودھ کے ہمراہ استعمال کریں

تجربات

ایک صاحب کو اسی سفوف کی
نخودی گولیاں دی جاتی تھیں بدن کی
طاقت اور ضعف باہ میں ان کو فائدہ
ہوتا ہے۔

تجربات

مین اکثر یہ نسخہ استعمال کرتا تھا بعض
لوگوں کی طبیعت پر گراں گزرتا
تھا لیکن بلغمی کھانسی کے لئے
لاجواب ہے۔میں کینسر کے
مریضوں کو بھی دیتا ہوں ،کینسر اور
گینگرین کے درد میں مفید ہے

(۴۴) سفوف صدر نزلی

پیپل ۱۰۰ گرام

کوکنار ۶۰ گرام
اصل السوس ۶۰ گرام
اجوائن دیسی ۶۰ گرام
خطمی ۶۰ گرام
بادیاں ۶۰ گرام
سپستاں ۱۵۰ گرام
بہیدانہ ۳۵ گرام
برگ بانسہ ۱۲۰ گرام
شکر تیغال ۱۲۰ گرام
تخم کتاں ۱۲۰ گرام
پرسیاؤشاں ۱۲۰ گرام

ترکیب تیاری

تمام اشیا کو رات کو پانی میں بھگو دیں
صبح جوش دے کر مل چھان کر پانچ کلو
قند سفید کا قوام کریں اور شربت تیار
کریں

ترکیب استعمال

صبح دو پہر شام کو ۱۵ ملی لٹر عرق
گاؤزباں یا پانی میں ملا کر پئیں

فوائد

سینے اور پھیپھڑوں کے امراض میں
اکثر امراض میں مفید ہے دق و سل
،خشک کھانسی ،خشک دمہ ،پھیپھڑ
وں کی خشکی پلورسی گلے کی خراش اور
نزلہ زکام میں بہت فائدہ دیتا ہے۔
یہ اجمل دواخانہ بڑے اہتمام سے تیار
کرتے ہیں اطبا کو چاہئے بنا بنایا
شربت صدر استعمال کریں۔

(۴۸) حب دمہ

گل مدار ۱۰ گرام
نمک لاہوری ۲ گرام

ترکیب تیاری

دوائوں کو باریک کر کے تھوڑا پانی ملا کر
چنے کے برابر گولیاں بنائیں

فوائد

دمہ شعبی، دمہ کھانسی، الرجک نزلہ، سانس میں دشواری، کالی کھانسی، ٹی بی کی کھانسی، بلغم کو خارج کر کے اس کو ختم کرتے ہیں

(۴۶) انتصابی

لوبان خراسانی
لوبان دیسی
نمک ڈھوری
ہر ایک ۶۰ گرام
سم الفار ۲۲ گرام
جنگلی کبوتر ایک عدد

ترکیب تیاری

سب کو کوٹ چھان کر جنگلی کبوتر کو آلائش سے خوب پاک و صاف کر کے شکم میں بھر دیں اور ایک ہانڈی میں رکھ کر اور گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر اور باریک پیس کر رکھیں

مقدار و خوراک

بقدر ۱۲۵ ملی گرام سے ۲۵۰ ملی گرام تک مکھن یا شہد میں ملا کر شب کو سوتے وقت دیں۔

فوائد

دمہ کے لئے اس سے بہترین کوئی دوا نہیں اکثر دواخانے اسے بناتے ہیں اجمل دواخانہ بھی اسی نام سے بناتا ہے۔ شریفی خاندان میں مستعمل رہا ہے۔

(۴۷) شربت صدر

گاؤزباں ۱۰۰ گرام
عناب ۶۰ گرام
ابریشم مقرض ۶۰ گرام

کاکڑا سنگی ۱۰۰ گرام

پوست انار ۱۰۰ گرام

ملٹھی ۱۰۰ گرام

لونگ ۱۰۰ گرام

جوکھار ۱۰۰ گرام

مرچ سیاہ ۵۰ گرام

سونٹھ ۵۰ گرام

نوشادر ۵۰ گرام

کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں

ایک گرام سے ۲ گرام تک

فوائد

کھانسی حاد و مزمن میں مفید ہے نزلے زکام میں بھی کارآمد ہے۔

(۴۵) ایسمو کلین کیپسول

سالکہ ۱۰ گرام

بانسہ ۱۰ گرام

پھٹکنڈہ ۱۰ گرام

بابچی ۱۰ گرام

دھتورہ ۱۰ گرام

سجی کھار ۲۰ گرام

مرچ سیاہ ۳۰ گرام

نوشادر ۲۰ گرام

اجوائن ۲۰ گرام

پوست خشخاش ۲۰ گرام

قلمی شورہ ۲۰ گرام

فلفل دراز ۳۰ گرام

گل آک ۲۰ گرام

پھٹکڑی ۲۰ گرام

ترکیب تیاری

تمام دواؤں کو کوٹ کر ۲۵۰ ملی گرام کے کیپسول بھر کر رکھیں

ترکیب استعمال

ایک سے دو کیپسول ہر ایک گرم پانی یا دودھ کے ہمراہ استعمال کریں

ترکیب استعمال

دو دو گولیاں دن میں چار مرتبہ منہ میں
ڈال کر چوسیں
دمہ کے لئے مفید ہے۔

(۴۹) کیپسول ماسیلاسول

اننت مول ۱۵۰ گرام
کٹیلی ۱۵۰ گرام
بانسہ ۱۰۰ گرام
سوما بوٹی ۱۰۰ گرام
پوکر مول ۷۵ گرام
تخم سرس ۵۰ گرام
ملٹھی ۵۰ گرام
پیپل ۱۰ گرام
ہلدی ۲۵ گرام
تمام اشیا کو کوٹ چھان کر سفوف
بنائیں ۵۰۰ ملی گرام کی کیپسول تیار
کریں

ترکیب استعمال

شدید بیماری میں ایک سے دو کیپسول
ہر ۶ گھنٹے کے بعد پرانی بیماری میں
رات کو دو عدد کیپسول دیں۔

فوائد

دمہ شعبی، مزمن کھانسی الرجک
دمہ، سوکر کھانسی، اور سانس کے
دوسرے سینڈروم میں کارآمد ہے۔

(۵۰) ضماد برائے ذات الجنب

آرد جو ۲۰ گرام، اکلیل الملک ۲۰ گرام
پوست خشخاش ۲۰ گرام کوٹ چھان
کر موضع ماؤف پر لیپ کریں

فوائد

ذات الجنب کے درد میں سکون پیدا
کرنے کے لئے مجرب ہے

حکیم جلیل احمد انصاری کا معمول رہا
ہے بہت مفید و مجرب ہے مگر میں
اس طرح استعمال کرتا ہوں ادویہ مذکورہ
کو کوٹ چھان کر موم کو روغن گل میں
پگھلا کر ملاتا ہوں اور موضع ماؤف پہ
لگا کر ہلکی مالش کراتا ہوں

(۵۰) اکسیر سل ودق

ورق طلا ۱۰ گرام
مروارید ۱۰ گرام
کہربا شمعی ۱۰ گرام
دار فلفل ۵۰ گرام
تمام اشیا کو روح گلاب میں کھرل
کریں یہاں تک کہ سونے کی چمک
ختم ہو جائے اس کے بعد سنبھال کر
رکھیں

مقدار خوراک

۱۲ ملی گرام مناسب بدرقہ سے
کھلائیں
یہ نسخہ دق و سل کے لئے ہمیشہ
اپنے کامیاب نتائج پیش کرتا ہے یہ
دوا اگر پاس ہو تو دق کے مریض کے
علاج کے لئے ہرگز پس و پیش نہ کرنا
چاہئے
نوٹ: اس کتاب کا اہم مقصد سستے
نسخے پیش کرنا ہے لیکن اس نسخے کے
لکھنے کا مقصد یہ ہے کہ آجکل ٹی بی
کی دواؤں سے بیکٹریا ریزسٹ ہو
جاتے ہیں ایسی حالت میں یہ دوا
دینے سے مریض صحت سے ہمکنار
ہو جاتے ہیں لیکن ایلوپیتھک
دوائیں بھی جاری رکھنی چاہئیں
ایک گرام سونے کا نسخہ بنانے سے
لاگت کم آئے گی۔

(۵۲) دواءِ کھانسی

ایک سیر گودہ گھیکوارلے کر اس کالعاب نکال کر قلعی شدہ برتن میں ہلکی آنچ پر رکھیں جب پانی آدھ ہو جائے تو ۴۹ گرام نمک سیاہ پسا ہوا ڈال کر آنچ دیتے اور ہلاتے رہیں جب سفوف تیار ہو جائے تو اتار کر رکھیں

مقدار و خوراک

۲۵۰ ملی گرام سے ۵۰۰ ملی گرام تک صبح و شام دیں۔

فوائد

(۵۳) کالی کھانسی آئل

روغن ناریل ایک چمچ چائے برابر دن میں تین مرتبہ حسب عمر و طاقت دیا کریں

کالی کھانسی نمبر ۲

سہاگہ ۱۰ گرام

نوشادر ۱۰ گرام

جوکھار ۱۰ گرام

نمک سونچر ۱۰ گرام

اجوائن خراسانی ۳ گرام

پھل کٹائی خورد پختہ ۱۲۰ گرام

سب کو ملا کر یکجا کرکے اور کسی کوزہ گلی میں بند کرکے ۵ کلو اپلوں کی آگ دیں اس کے بعد نکال کر کھرل کرکے رکھیں

ترکیب استعمال

۵۰۰ ملی گرام دن میں تین مرتبہ دیں

آنکھوں کی بیماریاں

(۵۴) تریاق چشم

تج سفید

کف دریا

مرچ سفید

نوشادر قلمی

سرد چینی

فلفل دراز

ہر ایک ۱۰ گرام

کشتہ جست ۱۲۰ گرام

ترکیب تیاری

تمام ادویہ کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر مانند غبار کر کے یکجان کریں اور بارہ گھنٹے مسلسل کھرل کریں

ترکیب استعمال

دو دو سلائی رات کو سوتے وقت آنکھوں میں لگائیں

فوائد

یہ اکسیر بے نظیر سرمہ ہے جملہ امرض چشم کے لئے تریاق کامل کا حکم رکھتا ہے یہ فوری اثر دکھانے والا بے نظیر سرمہ ایک ہفتے میں تمام امراض چشم مثلاً دھند۔ غبار۔ جالا۔ ککرے، پڑبال، غرض کہ تمام امراض چشم کا اکسیری علاج ہے وہ ککرے جو آپریشن کرنے کے بعد بھی نہ گئے ہوں اس کے استعمال سے انشاءاللہ تعالیٰ رفع ہوجائیں گے میرا معمول مطب ہے ہزاروں مریض صحتیاب ہوچکے ہیں (مطب و نسخہ نویسی)

(۵۵) شعیرہ گوہانجنی

لونگ ایک عدد پانی میں گھس کر گوہانجنی پر لگائیں

نمبر دو نسخہ

ہلدی ۶ گرام

سہاگہ بریاں ۶ گرام

۲۵۰ ملی لٹر پانی میں ڈال کر جوش
دے کر چھان لیں ایک صاف
کپڑے کا ٹکڑا پانی میں بھگو کر بار بار
لگائیں۔

(۵۶) برود رمانی

انار شیریں اور انار ترش بقدر ضرورت
مساوی لیں اور ان کی تخم و تخم کوٹ
کر پانی نچوڑ کر پارچہ بیز کر لیں اگر یہ پانی
آدھ کلو ہو تو شہد مصفی ۱۸۰ گرام
دونوں پتھر کے برتن میں ڈالکر نرم
آنچ پر پکائیں اور جھاگ اتارتے رہیں
یہاں تک قوام پر آجائے۔ اس کے
بعد چاندی یا شیشہ کے برتن میں نگاہ
رکھیں اور آنکھ میں تنہا یا قدرے
گلاب میں ملا کر ڈالا کریں

منافع

اس کا نام برود نقاشین بھی ہے آنکھ
کو قوت بخشنے اور ضعف بصر کو زائل
کرنے کے لئے مجرب ہے۔ حکیم
جلیل احمد انصاری کا کہنا ہے کہ
انہوں نے چند مرتبہ بنا کر استعمال
کرایا۔ نسخہ موثر اور مفید ہے۔

(۵۷) سرمہ خاص

سرمہ سیاہ ۲۰۰ گرام
قلمی شورہ ۲۰ گرام
سمندر جھاگ ۱۰ گرام
فلفل سفید ۳ گرام
کافور ۴ گرام
کشتہ جست ۵ گرام
پھٹکڑی سفید ۱۰ گرام
زنگار خالص ۳ گرام
سفیدہ کاشغری ۷ گرام
ست لیموں ولایتی ۲۰ گرام
نیلا تھوتیا ۵ گرام

سرو چینی ۲۰ گرام

تمام ادویہ کو باریک پیس کر مانند غبار کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال

صبح و شام سلائی سے آنکھوں میں لگائیں

فوائد

امراض چشم، خارش ضعف بصارت، آنکھوں سے پانی بہنا اور گکروں کے لئے بیحد مفید ہے بینائی کو تیز کرتا ہے اور عینک کی عادت چھڑا دیتا ہے صاحب مطب و نسخہ نویسی کا کہنا ہے کہ یہ سرمہ برادرم مولوی عبدالعزیز کا مصدقہ ہے۔ انہوں نے ذاتی طور پر اس کو آزمایا اور نزولالما کے لئے مفید پایا۔

(۵۸) نارائن سرمہ

تخم سرس سیاہ ۲ گرام
برگ نیم ایک گرام
فلفل دراز ساڑھے سات گرام
برگ سرس خشک ۲ گرام
چاکسو ایک گرام
سرمہ سیاہ ۱۴ گرام
قلمی شورہ ۱۴ گرام
کشتہ جست ۵ گرام
پوست بلیلہ سیاہ ۱ گرام
آب مقطر ۱۱۰ گرام

ترکیب ساخت

جملہ ادویہ کو باریک پیس لیں اور سرمے کو آگ میں گرم کر کے اور آب ترپھلہ میں بجھا کر صاف کر لیں اب سفوف ادویہ میں ملا کر سات یوم متواتر آب گلاب میں کھرل کریں

ترکیب استعمال

(۶۰) دوا برائے درد چشم

لودھ پٹھانی ۱۲ گرام

میدہ گندم ۱۲ گرام

روغن گاؤ ۱۲ گرام

سب کو پانی میں خمیر کر کے چار غلولے بنائیں اور مٹی کا ٹھیکرا ہلکی آگ پر رکھیں ایک غلولہ اس پر رکھیں جب گرم ہو جائے ٹکیہ بنا کر آنکھ پر رکھ دیں جب ٹھنڈا ہو جائے تو دوسرا غلولہ اسی طرح ٹھیکری پر رکھ کر گرم کر لیا گیا ہو۔ آنکھ پر رکھ دیں، اسی طرح چار مرتبہ کریں

منافع

آنکھ کے درد کو ایک لحظہ میں سکون بخشتی ہے۔ مندرجہ بالا طریقہ پر چار سینک کرنے سے درد بالکل برطرف ہو جاتا ہے۔

حکیم جلیل احمد انصاری کا کہنا ہے کہ یہ ان کی بارہا کی مجرب ترکیب ہے بعض امزجہ میں اس قدر سرعت کے ساتھ فائدہ بخشتی ہے۔ کہ حیرت ہوتی ہے۔

(۶۱) دوا برائے گل چشم

زنجبیل ۱۰ گرام

پھٹکڑی ۱۰ گرام

نمک سنگ ۱۰ گرام

کوٹ چھان کر کھرل کر کے سنبھال کر رکھیں اور روزانہ دو تین مرتبہ آنکھ میں لگائیں

فوائد

گل چشم، (پھولا) انسان کی آنکھ میں ہو یا ہاتھی گھوڑے کی آنکھ میں ہو اس سے زائل ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔

یہ نسخہ انتخاب جلیل اور القرابادین
کبیر الدین مطب و نسخہ نویسی میں درج
ہے حکیم اللہ بخش سلیمانی اور حکیم
ایوب مدحتی کا معمول مطب ہے۔
تمام اطبا نے اس نسخے کو مفید و مجرب
قرار دیا ہے۔

(۶۲) کماد طرفہ

افسنتین رومی کو کوٹ کر پارچہ کتاں
میں پوٹلی باندھیں اور گرم پانی میں ڈبو
کر آنکھ کو سینکیں

فوائد

پلکوں کے موٹاپے اور طرفہ کی لئے
عجیب النفع دوا ہے۔
حکیم جلیل احمد انصاری کا کہنا ہے کہ
وہ ململ کے صاف کپڑے میں پوٹلی
باندھ کر سینک کراتا ہوں ۔اسی طرح
حکیم ایس ایم اقبال نے بھی بارہا
اسے استعمال کرایا اور مفید پایا ہے۔

(۶۳) کھرہ برائے چشم

آب لیموں کاغذی ۱۲۰ گرام افیون
خالص ۲ گرام شب یمانی ۲۴ گرام
پہلے پھٹکڑی کو کسی آہنی توے پر
بریاں کریں اس کے بعد افیون داخل
کر کی آب لیموں میں ڈال دیں
دستہ آہنی سے خوب حل کریں تاکہ
خوب مخلوط ہو جائے اس کے بعد
گولیاں بنا کر نگاہ رکھیں اور وقت
ضرورت پانی میں گھس کر نیم گرم گردا
گرد چشم لیپ کریں یا قدرے آنکھ میں
ڈالیں

منافع

درد چشم آشوب چشم اور دمعہ کی لئے
بہت مجرب ہے۔

دو سے تین سلائی تک رات کو
سوتے وقت لگائیں

فوائد

جالا پھولا دھند غبار، سفیدی چشم
اندھراتا شب کوری اور ناخونہ وغیرہ کو
دور کرکے نظر کو تیز کرنے کے لئے
بے نظیر تحفہ ہے جس کے چند ہی
یوم کے متواتر استعمال سے عینک
کی عادت بھی چھوٹ جاتی ہے۔

(ارمغان جواہرات)

(۵۹) دوائے بیاض

آب پیاز سفید ۳۰ گرام
آب ترب ۳۰ گرام
آب صعتر ۳۰ گرام
شہد خالص ۳۰ گرام

پہلے شہد کو نرم آگ پر رکھیں جھاگ
اتارتے رہیں پھر آب پیاز آب ترب
اور آب صعتر کا علی الترتیب تین
مرتبہ تسقیہ دے کر آگ سے نیچے
اتار لیں اور شیشے کے برتن میں لگا
رکھیں

طریقہ استعمال

گرم مزاج کے لوگوں کی آنکھ میں
گلاب یا شیر زن کے ساتھ ڈالیں اور
سرد مزاجوں میں تنہا ہی قطور کریں

منافع

یہ کحل بیاض کے لئے مجرب
ہے تاریکی چشم، سبل، جالا، جرب اور
دمعہ کو بھی زائل کرتا ہے (انتخاب
جلیل)

حکیم جلیل احمد انصاری کا کہنا ہے کہ
اس نے صعتر سبز نہ ملنے کی صورت
میں جوشاندہ صعتر استعمال کیا اور
امراض میں مفید و مؤثر ہے۔

(۶۴) اکسیر شب کوری

فلفل سفید

فلفل سیاہ

دار فلفل

تینوں ادویہ ہموزن لے کر نہایت باریک پیس کر بطور سرمہ آنکھوں میں لگائیں

فوائد

شب کوری کے لئے مفید ہے۔

یہ نسخہ حکیم جلیل احمد انصاری کا ہے تذکرہ جلیل میں اس کا ذکر ہے۔وہاں انہوں نے بکری کے جگر میں فلفل دراز گھاڑہ کر جگر کا خون ان میں توے پر گرم کرکے جذب کرنے کا ذکر کیا ہے ساتھ ان کا کہنا ہے کہ بغیر جگر کے خون جذب کرنے کے بعد بھی یہ نسخہ مفید و موثر ہے۔

(۶۵) اکسیر سیلان اُذن

روغن مغز تخم نیم ۶۰ گرام

رسکپور ایک گرام

ترکیب تیاری

باریک پیس کر روغن میں حل کر لیں بس تیار ہے۔

فوائد

برسوں کا سیلان اذن دنوں میں دور ہوجاتا ہے میرا معمول مطب اور بارہا کا مجرب ہے یہ ایک قابل اخفا اور بہترین نسخہ ہے۔(مطب و نسخہ نویسی)

(۶۶) روغن سماعت کشا

روغن تارپین ۲۰ گرام

رائی کا تیل ۴۰ گرام

روغن بادام ۸۰ گرام

سب کو ملا کر رکھیں

ترکیب استعمال

سوتے ہوئے روئی کا پھایہ اس تیل
سے تر کرکے کانوں میں رکھ لیں اور
صبح کو نکال لیں

فوائد

اعلیٰ درجے کی سماعت کشا
دوا ہے جس میں رائی کا تیل ملا کر زود
اثر بنا دیا گیا ہے مدتوں کے مریض
ایک دو ماہ کے استعمال سے
تندرست ہو جاتے ہیں بشرطیکہ کان
کے پردوں میں کوئی ایسا نقص نہ ہو
جو اپریشن کے سوا ٹھیک نہ ہو سکے۔
(مطب و نسخہ نویسی)

(٦٧) دوا ثقل سماعت

دانہ ہائے لسن خام مقشر ۱۰ گرام
روغن بادام ۳۰ گرام میں ڈال کر اس
قدر جوش دیں کہ لسن کے جوئے
سیاہی مائل ہوجائیں اس کے بعد
صاف کرکے روزانہ تین قطرے دو
ہفتے تک کان میں ٹپکائیں۔

فوائد

حکیم علی مرحوم نے اسے طرش یعنی
ثقل سماعت کے ازالے کے لئے
جو اکثر امراض سے پیدا ہو جاتا
ہے اپنے مجربات سے اس کو شمار کیا
ہے۔ نیز اس طرح کے جو اورام گوش
کے انفجار سے پیدا ہوتا ہے بیحد کمال
نافع اور عجیب الفعل ہے چند بار
تجربہ کیا جا چکا ہے۔

(٦٨) اذنول

خاکستر افیون ۱۲۰ ملی گرام
جند بید ستر ۲۵۰ ملی گرام

دونوں کو روغن گل میں گھول کر کان میں ڈالیں اس سے درد میں فوری سکون ہو جاتا ہے یہ حکیم جلیل احمد انصاری کا نسخہ ہے لطیفی دواخانے میں کافی سال تیار ہوتا رہا لیکن اب ہمدرد کی اوزونین استعمال کراتا ہوں اس میں بھی جند بیدستر ڈالا جاتا البتہ وہ افیم نہیں ڈالتے تاہم فائدہ ایک جیسا ہی ہوتا ہے

(۶۹) سنون برائے قروح لثہ

عقر قرحہ ۶ گرام

گلنار ۶ گرام

اقاقیا ۶ گرام

نمک لاہوری ۶ گرام

موئے انسان ۶ گرام سوختہ

آردجو ۴۴ گرام

ترکیب تیاری

سب کو باریک کرکے شہد میں گوندکر ظرف گلی میں گل حکمت کرکے جلالیں اور حسب ضرورت دانتوں پر ملیں اور منہ پر پھر دکھیں

فوائد

مسوڑوں کے زخموں خون بہنے اور دانتوں کے دیگر امراض کے لئے عجیب الاثر ہے۔ حکیم عابد سرہندی نے اس نسخے کو کتاب نزہت سے نقل کرکے تحریر کیا ہے یہ سنون تمام اوجاع دہن و دندان کے لئے مجرب ہے حکیم جلیل احمد انصاری کا کہنا ہے کہ نسخہ واقعی مفید و مجرب ہے۔

(۷۰) سنون استحکام دندان

پوست ببول ۴۰ گرام

سنگجراحت ۱۰ گرام

تمام ادویہ کو باریک پیس کر رکھیں۔

فوائد

یہ ایک فوری اثر ہے۔ منہ کیسا ہی پکا ہوا ہو آبلے ہی آبلے ہوں ان کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے مریض کھانے پینے سے عاجز ہو اس حالت میں ایک بہترین اور لا جواب تحفہ ہے۔

(۴) ذرور خوردنی

سہاگہ ۱۰۰ گرام

طباشیر ۱۰۰ گرام

دانہ ہیل کلاں ۱۰۰ گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں

ترکیب استعمال

۲ گرام سفوف صبح و شام پانی سے لیں اور ساتھ ہی منہ میں چھڑکیں

(ہمدرد مطب)

(۵) سفوف بخر الفم

زرنبچور ۱۰ گرام

بادیاں ۱۰ گرام

الائچی کلاں ۱۰ گرام

زیرہ سفید ۱۰ گرام

باپھڑ ۱۵ گرام

شکر ۵۰ گرام

دوائوں کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں پھر شکر ملائیں

مقدار و خوراک

۲ گرام پانی کے ساتھ یا ویسے ہی منہ میں ڈال کر چبائیں

فوائد

منہ کی بدبو کے لئے بہت مفید ہے

(۶) دوائے کوا لٹکنا

مازو ایک گرام

چٹکی بھر دانتوں اور مسوڑوں پر ملیں اور سو جائیں صبح کو کلی کریں

فوائد

دانتوں سے خون آنے میں مفید ہے اور اسے مستحکم کرتی ہے۔

(۳) ذرور لطیفی

عقر قرحہ ۱۰۰ گرام
دندانہ ۵۰ گرام
پھٹکڑی بریاں ۶۰ گرام
مرچ سفید ۱۰۰ گرام
مرکی ۲۰ گرام
عقبرات ۲۰۰ گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں

ترکیب استعمال

چٹکی بھر ہاتھ میں لیکر صبح و شام دانتوں پر ملیں

فوائد

تمام دانتوں کے درد میں اکسیر ہے ایسے لوگ جن کو ڈاکٹر صاحبان دانتوں کی صفائی کا مشورہ دیتے ہیں ایسی حالت میں انتہائی کار آمد ہے داڑھ کے درد میں معمولی فائدہ ہوتا ہے درد والی داڑھ پر دوا رکھ کر ۱۵ منٹ سے آدھ گھنٹے تک منہ بند رکھنا ضروری ہے

(۳) ذرور قلاع الفم

طوطیا بریان ۲ گرام
شورہ قلمی ۱۲ گرام
دانہ الائچی ۱۲ گرام
کتھ سفید ۱۲ گرام
گل سرخ ۱۲ گرام
کافور ۶ گرام

ترکیب تیاری

ہ پاپڑیہ ۱۰ گرام

سپاری چھالیہ ۱۰ گرام

فلفل سیاہ ایک گرام

زنجبیل ایک گرام

ترکیب تیاری

تمام دوائوں کو کوٹ چھان باہم ملاکر
نگاہ رکھیں

فوائد

دانتوں کو خواہ وہ گرنے کے قریب ہو
مضبوط کر دیتا ہے اور مسوڑوں کے
دیگر امراض کو بھی نافع ہے

(۱) سنون جنبش دندان

کچلہ جلاکر کوئلہ کردیں تخم املتاس ۱۰
گرام

فلفل سیاہ ۶ گرام

نمک لاہوری ۶ گرام

ترکیب تیاری

سب کو کوٹ چھان کر منجن بنالیں اور
دانتوں پر مل کر اوپر سے پان کا بیڑہ
کھالیا کریں۔

فوائد

دانتوں کے ہلنے کو مفید ہے تاثیر بلا
کی رکھتا ہے۔ بارہا کا مجرب
ہے۔ (حکیم جلیل احمد انصاری)

(۲) سنون دندان

مائیں کلاں

مائیں خورد

پھٹکری بریاں

کتھ گلابی

ہر ایک ۲۰ گرام

ترکیب تیاری

تمام اشیا کو باریک کر کے رکھیں

ترکیب استعمال

گلنار ایک گرام دوائوں کو باریک سفوف کرکے ۱۰ ملی لٹر پانی میں ملائیں۔

ترکیب استعمال

روئی کی پھریری سے حلق پر لگائیں۔

(۷۷) نسخہ خلل شکم

گل بنفشہ ۴ گرام
مویز منقی ۵ گرام
بیخ کاسنی ۴ گرام
بادیان ۵ گرام
گاؤزبان ۴ گرام

ترکیب تیاری

تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر پانی میں بھگوکر صبح جوش دیکر مسل کر چھان لیں اگر استطاعت ہو تو خمیرہ بنفشہ ۲۰ گرام ملاکر پلائیں اسی طرح دوبارہ اسی میں پانی ڈالکر گرم کرکے رات کو استعمال کریں۔

فوائد

بنیادی طور پر یہ نسخہ معدے کی خرابی کثرت ریاح اپھارہ بھوک کی کمی اور پیٹ کی سختی وغیرہ کو دور کرتا ہے یہ نسخہ حکیم شریف خان دہلوی کا وضع کردہ ہے اگر بلڈ پریشر اور سر درد ہو تو اسرول ۳ گرام کا اضافہ کریں نزلہ زکام ہو تو ۵ گرام تخم خطمی اور تخم خبازی کا اضافہ کریں اگر کھانسی ہو تو ۵ گرام اصل السوس کا اضافہ کریں ورم اور ضعف جگر کی شکایت ہو تو مکو خشک ۵ گرام کا اضافہ کریں پیچش مروڑ ہو تو ۵ گرام ریشہ خطمی کا اضافہ کریں فساد خون ہو تو شاہترہ ۵ گرام کا اضافہ کریں ادرار کے لئے قرطم ۵ گرام تخم خربوزہ ۵ گرام کا اضافہ کریں صفرا کی

زیادتی کے لئے آلو بخارا ۲ عدد کا
اضافہ کریں اگر پتی اچھلی ہو تو اسرول
تیزپات ہر ایک ۲ گرام کا اضافہ کریں
بلغم کی زیادتی کے لئے تربد سفید
بجوت خراشیدہ ۵ گرام کا اضافہ کریں
قبض کی صورت میں گل سرخ ۲
گرام اور سنا ۲ گرام کا اضافہ کریں اگر
جوڑوں کے درد میں یہ نسخہ دینا ہو تو ۳
گرام سورنجان کا اضافہ کرنا چاہئے
معجون سورنجان رات کو ۵ گرام تک
کھلائی جا سکتی ہے اگر قبض وغیرہ ہو تو
قرص ملین ہمدرد بھی دیے جا سکتے
ہیں جگر کے لئے قرص افسنتین کا
بھی اضافہ کیا جا سکتا ہے دائمی نزلہ
زکام کے لئے دو عدد قرص اسطو
خودوس دینا چاہئے

(۸) دوائے سفید

تخیہ ۲۵۰ گرام
جست ۲۵۰ گرام

اس کے بعد جست پگھلا کر چینی کے
برتن یا شیشے کے برتن میں توتیا پانی
میں ملا کر حل کریں اور جست کے
چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے ڈالیں
چند روز روزانہ لکڑی سی گھماتے رہیں
اس کے بعد اوپر کا پانی حاصل کریں
اسے کسی چینی کے برتن میں خشک
کریں سفید سفوف بعض اوقات
شفاف ٹکڑے حاصل ہوتے ہیں ۔۔
جلد سفید ہو جاتے ہیں کھرل کر کے
رکھیں

مقدار و خوراک

ایک سے دو چاول

فوائد

سنگرہنی تپ امعائی اور امراض
انتڑیوں کی لئے مفید ہے۔

معمولات بابائے طب مرتبہ حکیم محمد یوسف کھتری۔

(۷۹) اکسیر سنگرہنی

پارہ مصفی ۱۰ گرام
گندھک آملہ سار ۱۰ گرام
مرچ سیاہ ۱۰ گرام
کشتہ کوڑی زرد ۲۰ گرام
کشتہ سنکھ ۲۰ گرام

تمام اشیا کاغذی لیموں کے عرق میں کھرل کریں۔
جب خوب باریک ہو جائیں تو ۱۲۵ ملی گرام یعنی رتی کی گولیاں تیار کریں

مقدار و خوراک

بوقت ضرورت ایک گولی صبح و شام و بمابہ سے استعمال کریں (حکیم خواجہ رضوان احمد)

(۸۰) سفوف عجیب

فلفل دراز ۱۰ گرام
مرچ سیاہ ۱۰ گرام
سونٹھ ۱۰ گرام
کاکڑا سنگی ۱۰ گرام
بھارنگی ۱۰ گرام
سونف ۲۰ گرام
سنا مکی ۴۰ گرام
نمک سانبھر ۵ گرام
نمک خوردنی ۵ گرام
نمک سیاہ ۵ گرام
نمک شیشہ ۵ گرام
جوکھار ۵ گرام
نوشادر ۵ گرام
ذا خوردنی ۲۰ گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں

مقدار و خوراک

بیج کاسنی
بیج اذخر ہر ایک ۱۰ گرام
سنا مکی ۲۰ گرام
ریشہ خطمی
اصل السوس
گل بنفشہ
گاؤزباں ہر ایک ۲۵ گرام
بیج کرفس
مویز منقیٰ
تمر ہندی
ملودانہ
انجیر زرد ہر ایک ۶۰ گرام
گڑ ۳ کلو

ترکیب تیاری

تمام دوائوں کو کوٹ کر تین کلو پانی میں جوش دے کر مسل کر چھان کر گڑ ملا کر حسب دستور شربت تیار کریں۔

مقدار و خوراک

۲۵ ملی لٹر شربت عرق برنجاسف یا تازہ پانی کے ہمراہ کھلائیں

فوائد

پیٹ کی گرانی درد شکم بھوک نہ لگنا بد ہضمی وغیرہ میں مفید ہے جگر کے ورم اور سختی کو دور کرتی ہے۔ اور پیٹ کی خرابی سے پیدا ہونے والے بخاروں میں سود مند ہے۔

(۸۴) اکسیر غیسانده پیچش

ریشہ خطمی ۳ گرام
اسبغول ۳ گرام
بہیدانہ ۳ گرام
بادیاں ۴ گرام
حب الآس ۴ گرام
بیج انجبار ۳ گرام
بیل گری ۳ گرام

پودینہ خشک ۵ گرام
فلفل نیم کوفتہ ۵ دانے
نوشادر ایک گرام
زیرہ سفید ۳ گرام
بادیاں نیم کوفتہ ۵ گرام

ترکیب تیاری

تین گرام دوائیں پانی میں ڈال کر خوب بلائیں آدھ گھنٹے کے بعد اوپر کا پانی نتھار کر دیں

فوائد

اصلاح ہضم اور اعضائے ہضم کو بیدار کرنے کے لئے سے یہ بہت اچھا نسخہ ہے۔ بالخصوص ان حالات میں جب کہ معدہ میں برودت غالب یا جگر سدود ہو علاوہ ذیابیطس ہو۔ نفخ شکم ہوجاتا ہو اس نسخے کا استعمال مفید ہوتا ہے ایسے لوگ جن کا ہاضمہ بیٹھے رہنے سے خراب ہوگیا یا کسی قسم کی ورزش نہ کرنے سے بگڑگیا ہو یا جو بہت زیادہ کھاتے ہوں ان کے لئے یہ نسخہ بہت مفید ہے۔ اس کے علاوہ ذیابیطس میں جب کہ وہ صادق نہ ہو بلکہ اعضائے ہضم کی خرابی سے اخراج شکر ہورہا ہو تو یہ نسخہ مفید ہوتا ہے استسقا ذقی کی مریضوں کو صبح و شام دیا جائے اور رات کے وقت افسنتین جوش دیکر پلائی جائے اس سے فائدہ ہوتا ہے اگر ضرورت ہو رات کو قرص ملین بھی دی جاسکتی ہے۔ یہ نسخہ ہمدرد انڈیا اور ہمدرد پاکستان کے مطب میں مستعمل ہے

(۸۳) سی کو

بادیاں
بیخ بادیاں

۴ گرام بعد از غذا دو وقت ہمراہ آب
تازہ سے لیں

فوائد

ہضم کو تیز کرتا ہے قبض دور کرنے
میں بے مثل ہے بلغم کی پیدائش کو
روک کر بلغم کی ذخیرے کو بدن سے
پاک کرتا ہے خصوصاً دمہ بلغمی کے
لئے اکسیر ہے

(۸۱) حب پپیتہ

دیسی پپیتے کو چھلکے اور تخم سے صاف
کرکے خشک کرکے ۱۰۰ گرام لیں

سونٹھ
نوشادر
نمک لاہوری
مرچ سیاہ ہر ایک ۲۰ گرام

ترکیب تیاری

سب کو کوٹ چھان کر نم کرکے ہر
کے دانے کے برابر گولیاں بنالیں

مقدار و خوراک

دو گولیاں کھانے کے بعد یا درد وغیرہ
کی تکلیف کی وقت پانی کے ساتھ
کھلائیں۔

فوائد

ہضم کو درست کرتی ہے ریاح کو
تحلیل کرتی ہے۔ قبض کی شکایت کو
دور کرتی ہے ورم جگر وطحال کو تحلیل
کرتی ہے ۔اور پیٹ کے درد میں
فائدہ پہنچاتی ہے۔ یہ نسخہ اکثر
دواخانے بناتے ہیں۔ اجمل دواخانہ
اور طبی دوا خانے کے حب پپیتہ
دستیاب ہیں۔

(۸۲) نسخہ ضعف ہضم

زنجبیل نیم کوفتہ ۵ گرام

ترکس ۲۰گرام

بیلون ۲۰گرام

ترکیب ساخت

جملہ ادویہ کو باریک پارچہ پیچ کرلیں اور
شیشی میں محفوظ رکھیں

ترکیب استعمال

۲۵۰-۲۵۰ ملی گرام سے ۵۰۰ ملی گرام
تک ہمراہ شربت انار استعمال کرائیں
بچوں کو حسب ضرورت دیں

فوائد

اسہال و پیچش کے لئے بھروسے کی
کارآمد دوا ہے۔ جادو کی طرح فوراً
اثر کرتی ہے۔

(۸۸) جوشاندہ دست روک

برگ گاؤزبان ۳گرام
زرشک ۳گرام
بالنگو ۳گرام
زیرہ سفید ۳گرام

ترکیب استعمال

تمام دواؤں کو ڈیڑھ کپ پانی میں
جوش دے کر چھان کر شکر ملا کر
استعمال کرائیں

فوائد

معدہ اور امعا کے ہضم کی خرابیوں
میں جبکہ اسہال بھی ساتھ ہوں اس
نسخے کو استعمال کیا جاتا ہے یہ
خصوصیت کے ساتھ بچوں کے
اسہال میں بھی مفید ہے
اسہال کے لئے یہ تنہا کافی ہوتا ہے
لیکن شدت کی صورت میں نوشدارو
سادہ لولوی کی ساتھ بھی دیا جا سکتا
ہے گرمی کی موسم میں گاؤزبان کا
لعاب جبکہ چھلکا کوٹ کر شیرہ بنا کر
دیں۔ یہ نسخہ ہمدرد مطب انڈیا اور ہمدرد

شنگرف ۵۰ گرام

مرچ سیاہ ۱۰۰ گرام

ادرک کا پانی ۱۲۰ ملی لٹر

ترکیب تیاری

پہلے شنگرف کو کھرل میں ڈال کر دو تین گھنٹے کھرل کریں یہاں تک کہ چمک ختم ہو جائے اس کے بعد مرچ سیاہ کا سفوف تھوڑا تھوڑا کر کے ملاتے جائیں یہاں تک کہ سیاہ مرچ حل ہو جائیں۔ اس کی بعد ادرک کا پانی ملا کر کھرل کریں یہاں تک کہ پانی جذب ہو جائے جب سفوف تیار ہو جائے تو سنبھال کر رکھیں

مقدار خوراک

۲۵۰ ملی گرام صبح کو نہار منہ مکھن میں ڈال کر دیں۔ یاد رہے کہ مکھن میں دینے سے زیادہ فائدہ ہوتا ہے چاہے مکھن کھانے سے پینے میں جلن بڑھتی ہو۔ اگر مکھن دستیاب نہ ہو تو کھانے کے نوالے سے یا شہد میں دے سکتے ہیں۔

مزید معلومات

یہ نسخہ ٹنڈو محمد خان میں ایک حکیم صاحب فالج کے لئے استعمال کراتے ہیں کافی لوگ خریدتے ہیں اور فائدہ بھی ہوتا ہے لیکن راقم الحروف اسے صرف تیزابیت کی لئے استعمال کراتا ہے یہ ہی نسخہ مفتاح الخزائن میں بھی موجود ہے۔

(۸۷) ڈائریا پاؤڈر

موچرس ۲۰ گرام

حب الآس ۲۰ گرام

اقاقیا ۲۰ گرام

دارچینی ۶ گرام

چوب چینی ۶ گرام

ترکیب تیاری

بہی بیج دوائوں کو ۱۰۰ ملی لٹر پانی
میں بھگو کر رکھیں ۱۵ منٹ بعد خوب
ہلا کر لعاب آجائے، باقی ادویہ کو پانی
کی مدد سے پیس کر اور تھوڑا پانی ملا کر
چھان لیں یعنی لعاب بھی اسی میں
ملالیں شربت یا چینی ملاکر استعمال
کریں۔

یہ نسخہ پیچش میں استعمال کیا جاتا ہے
لیکن خیال رہے کہ پیچش میں اگر خون
آتا ہے۔تو پہلے روز قبض دور
کرنے کے لئے روغن بید انجیر کسی
دوسرے مناسب۔اور ہلکے مسہل
سے اس کے بعد ہی یہ نسخہ استعمال
کرایا جائے شدت کی صورت میں
رات کو بھی ایک قرص دینا چاہئے۔
یہ نسخہ بھی ہمدرد مطب میں مستعمل
ہے

(۸۵) حب پیچش اجمل

مائیں خورد
مازو ہرا ایک ۳۰ گرام
صمغ عربی ۱۰ گرام
افیون خالص ۹ گرام
سہاگہ ۲۰ گرام

ترکیب تیاری

تمام دوائوں کو کوٹ چھان کر سیاہ مرچ
کے برابر گولیاں تیار کریں

مقدار و خوراک

صبح کے وقت بچوں کو ایک گولی اور
بڑوں کو دو گولی پانی سے کھلائیں۔

فوائد

پیچش کے لئے نافع درد مروڑ میں
تسکین دیتی ہے۔

یہ نسخہ اجمل دواخانہ بناتا ہے

(۸۶) اکسیر تیزابیت

طب پاکستان میں مستعمل ہے

میرے تجربے میں اس سے بہتر بچوں کے دستوں میں طب یونانی میں کوئی نسخہ نہیں۔ ایلوپیتھک بھی اس کے مقابلے کی دوا ایجاد نہیں کر سکے ہیں۔

(۸۹) جوشاندہ قے

سونف

تیزپات

گلاب کے پھول خشک

زیرہ سفید ہر ایک ۲ گرام

دار چینی ۲ گرام

لونگ ۶ عدد

ترکیب تیاری

یہ ایک وزن ہے اس کو ایک چھوٹے گلاس کے پانی میں ابال کر چھان کر پلائیں

فوائد

طب یونانی میں قے کے لئے اس سے بہتر کوئی نسخہ نہیں گو کہ حکیم جلیل احمد انصاری اسے بارد مزاج اور سرد موسم میں مفید گردانتے ہیں لیکن میں اکثر لوگوں کو دیتا ہوں۔ کسی اور دوا کی ضرورت نہیں رہتی حتیٰ کہ ہاسپیٹل میں داخل مریض ڈرپ سے بھی الٹی بند نہ ہو اس نسخے سے قے بند ہو جاتی ہے طب یونانی کے کمالات کی جھلک اس نسخے میں نظر آتی ہے

(۹۰) ستاوری

سنگجراحت

گیرو

ملٹھی

سوڈا بائیکارب

ستاول موصلی
گوند ببول
ہر ایک ۱۰۰ گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر ۵۰۰ ملی گرام کی گولیان
بنا کر رکھیں

مقدار خوراک

روزانہ دو گولیاں صبح ،دو پہر اور رات
کو کھانا کھانے سے قبل اگر اس کو
سفوف کی صورت میں رکھا جائے
تو اور بھی زیادہ مفید رہتی ہیں

فوائد

السر کے لئے تمام مرکبات و نسخہ
جات سے مفید ہے اسی ایک نسخہ
کے مفید ہونے کے بعد کسی
دوسرے نسخہ کی ضرورت نہیں
طبی دواخانے کا مایہ ناز نسخہ ہے اکثر
دوستوں نے نسخہ طلب کیا تھا۔ میں
ان کو ٹالتا رہا، اور بخل کا الزام بھی لگتا
رہا لیکن اب ان دوستوں کی شکایت
کا ازالہ کر رہا ہوں ۔یہ نسخہ قابل
اخفا ہے بلا شبہ السر میں انتہائی مفید
ہے

(۹۰) السرینا

ملٹھی ۱۰۰ گرام
بادیاں ۱۰۰ گرام
رال ۱۰۰ گرام
دھنیا ۱۰۰ گرام
لاجونتی ۵۰ گرام
اسپغول سالم ۵۰ گرام

ترکیب تیاری

تمام اشیا کو کوٹ چھان کر بعد میں
اسپغول سالم شامل کریں

مقدار و خوراک

ثاول موسلی
گوند ببول
ہر ایک ۱۰۰ گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر ۵۰۰ ملی گرام کی گولیاں
تیار رکھیں

مقدار خوراک

روزانہ دو گولیاں صبح دوپہر اور رات
کو کھانا کھانے سے قبل اگر اس کو
حلوہ کی صورت میں رکھا جائے
تو اور بھی زیادہ مفید ثابت ہے

فوائد

... کے لئے تمام مرکبات و نسخہ
... سے مفید ہے اس ایک نسخے
کے مفید ہونے کے بعد کسی
... نسخے کی ضرورت نہیں
... کا مادہ ... نسخہ ہے اگر
... نے نسخہ طلب کیا تھا۔ میں

ان کو ٹالتا رہا۔ اور بخل کا الزام بھی لگتا
رہا لیکن اب ان دوستوں کی شکایت
کا ازالہ کر رہا ہوں۔ یہ نسخہ قابل
اخفا ہے بلاشبہ السر میں انتہائی مفید
ہے

(۹۰) السرینا

ملٹھی ۱۰۰ گرام
بادیاں ۱۰۰ گرام
رال ۱۰۰ گرام
دھنیا ۱۰۰ گرام
لاجونتی ۵۰ گرام
اسپغول سالم ۵۰ گرام

ترکیب تیاری

تمام اشیا کو کوٹ چھان کر بعد میں
اسپغول سالم شامل کریں

مقدار خوراک

بادبرنگ ۶۲ گرام

مرچ سیاہ ساڑھے بارہ گرام

بڑی الائچی ۱۲ گرام

لونگ ساڑھے ۱۲ گرام

سونف ۶۵ گرام

کالا دانہ ۶۲ گرام

تخم میتھی ساڑھے ۱۲ گرام

دانہ انار ۶۰ گرام

چترک ۲۵ گرام

سوڈیم بائے کاربونیٹ ۲۵ گرام

نمک سیاہ ۶۲ گرام

مصری ۱۲۵ گرام

ترکیب تیاری

وٹ چھان کر سفوف تیار کریں

مقداو خوراک

ے ۱۰ گرام تک دن میں دو

ہ پانی کے ساتھ دیں

فوائد

معدے کی تیزابیت بد ہضمی قبض معدے کی تکالیف کے لئے انتہائی مفید ہے۔

(۹۵) دوائے کانچ نکلنا

مربہ آملہ آدھ کلو

کشتہ صدف صادق ۲۰ گرام

آملوں کی گھٹلی نکال کر کوٹ کر کشتہ ملائیں

مقدار و خوراک

صبح و شام ۱۰ گرام

فوائد کانچ نکلنے کی لئے مفید ہے

(حکیم تنویر صاحب)

(۹۶) سفوف ارنڈ خربوز

بیج پپیتہ (ارنڈ خربوز) ۱۰ گرام

دانہ الائچی سبز ۱۰ گرام

چینی ۲۰ گرام

شام دیا کریں - میرے خیال میں
عرق بادیاں اور عرق مکو زیادہ بہتر
رہے گا

فوائد

تیزابیت اور زخم معدہ کے لئے
مجرب ہے - یہ نسخہ حکیم رفیق احمد
پتافی کا ہے

(۹۳) اکسیر السر

دم الاخوین ۲۰ گرام
کندر
گل ارمنی
کہربا
گلنار ہر ایک ۲۰ گرام
گل سرخ ۵۰ گرام
کوٹ چھان کر سفوف بنائیں سیب کا
شربت خود تیار کریں

مقدار و خوراک

ایک گرام صبح و شام ۲۵ ملی لیٹر
شربت سیب کے ہمراہ استعمال
کریں -
فوائد السر کے لئے مفید ہے یہ نسخہ
مجھے حکیم علی محمد موہنجو نے دیا
تھا، لیکن بعد معلوم ہوا کہ یہ نسخہ مخزن
حکمت حکیم غلام جیلانی کے کتاب
میں بھی موجود ہے -

(۹۴) لطیفی انڈین چورن

سنا مکی ۱۰۰ گرام
ہلیلہ زرد ۵۰ گرام
تربد سفید ۶۵ گرام
ملٹھی ۵۰ گرام
سونٹھ ۶۲ گرام
آملہ ۶۲ گرام
گلاب کے پھول ۶۲ گرام

۲ گرام صبح، دوپہر، رات کو کھانا
کھانے سی پہلے پانی کے ساتھ
دیں۔

فوائد گیسٹرک السر کے لئے مفید ہونے
کے ساتھ ورم معدہ آنتوں سے خون
آنا معدے سے خون آنا اور معدے کی
تیزابیت کیلئے مفید ہے۔

(۹۱) سفوف تسکین

سونف ۱۰گرام
سونٹھ ۱۰گرام
دانہ الائچی کلاں ۱۰گرام
ب السوس ۱۰گرام
ج سیاہ ۱۰گرام
ب لاہوری ۶گرام
ادر ۶گرام
ب سیاہ ۶گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں

فوائد

یہ پیٹ کے امراض کی لئے انتہائی
مفید ہونے کے ساتھ پیٹ سے
گیس کا اخراج اور ڈکار لانے کے
لئے مفید ہے (کنزالمجربات جلد
سوم)

(۹۲) اکسیر تیزابیت پتانی

ملٹھی ایک حصہ
بادیاں ایک حصہ
رال ایک حصہ
کشنیز ایک حصہ
لاجونتی مسلم آدہ حصہ

ترکیب تیاری

تمام ادویہ کوٹ چھان کر رکھیں

ترکیب استعمال

ملاکر کوئیں سفوف تیار کریں یہ پوڈر
مسک اور اور لذت میں لا جواب
ہے

مقدار و خوراک

۲۵۰ ملی گرام سے ۵۰۰ ملی گرام تک
بعد از طعام دونوں وقت پانی سے
کھائیں

فوائد

ہر قسم کے پیٹ کی خرابی کا واحد
علاج ہے۔

(۹۷) سفوف سویدی

نوشادر ٹھیکری ۱۲ گرام

زیرہ سفید ۱۲ گرام

زیرہ سیاہ ۱۲ گرام

نمک سیاہ ۱۲ گرام

سرکہ ۶۰ ملی لٹر

مندرجہ بالا چاروں ادویہ کو پانچ پانچ تولہ
سرکے میں سات مرتبہ تر و خشک
کریں خشک ہونے کے بعد کوٹ کر
سفوف تیار کر کے رکھیں

مقدار و خوراک

ایک گرام پانی کے ساتھ استعمال
کریں

یہ نسخہ حکیم رازی کا ہے صاحب
کامل الصناعۃ امام سدیدی کا معمول
رہا ہے

(۹۸) سفوف دیدانی

کمیلہ ۲۰ گرام

باؤ بڑنگ ۴۰ گرام

برگ نیم ۲۰ گرام

مردار سنگ ۲۰ گرام

ترکیب تیاری

تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر ۳ گھنٹے
کھرل کریں

مقدار و خوراک

ایک گرام تک پہلے دودھ میں
پی لیں بعد ازاں ۵۰۰ ملی گرام سے
ایک گرام یہ دوا ہمراہ گلقند ۶۰ گرام
ستعمال کریں

فوائد

امعا کے لئے یہ دوا نہایت
ہے اس کے چند روز کے
ں سے موجود کرم تمام مردہ ہو
یں (حکیم ایوب صدیقی)

سفوف برقی

ق ہندی یعنی رینٹھے کا
پیس کر ہم وزن قند سیاہ
اس قدر کوٹیں کہ یکجان
ہو جائیں اس کے بعد حبوب نخودی
تیار کریں

مقدار و خوراک

دو گولیاں پانی یا عرق بادیاں کے
ساتھ دیں

فوائد

قولنج کے لئے مجرب دوا ہے خواہ
آپ برے سے بری حالت کے
مریض کو بھی دیں فوراً دست اور قے
اگر مایوس حالت میں صحت ہو جاتی
ہے ایسی حالت میں دو سے چار
گولیاں دے سکتے ہیں (حکیم ایوب
صدیقی)

(۱۰۰) عجیب ملین

اجمود ۸۰ گرام
زیرہ سفید ۸۰ گرام
بلیلہ سیاہ ۸۰ گرام

ٹھی ۸۰ گرام

ونٹھ ۱۰۰ گرام

ک کلر ۱۰۰ گرام

یا ایک کلو

ترکیب تیاری

ٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار و خوراک

آدھ گرام سی ایک چمچ یعنی ۵۰، ملی گرام سے ڈیڑھ گرام تک

فوائد

بواسیر، آپریشن کے بعد قبض حاملہ کی قبض نفسیاتی مسائل اور دل کی بیماریوں کے لئے مفید ہے

(۱۰۱) قبض کشا گولیاں

ہرڑ جلابہ ۲۰ گرام

سقمونیا ۶ گرام

ریوند عصارہ ۶ گرام

ایلوا ۶ گرام

مرکی ۶ گرام

گوند کتیرا ۱۰ گرام

مصطگی رومی ۶ گرام

ترپھلہ ۲۰ گرام

ترکیب تیاری

تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

فوائد

دائمی قبض کا نہایت مفید، اور معدے میں جاتے ہی اپنا اثر دکھانے والی ہے نہایت عمدہ اور اچھی چیز ہے۔

ترکیب استعمال

ایک سے دو گولی رات کو عرق مناسب یا پانی کے ساتھ استعمال کریں

(۱۰۲) قرص ملین

برگ سنا مکی ۷۵ گرام

گل سرخ ۷۵ گرام

گل بنفشہ ۸۰ گرام

بہیدانہ ۷۵ گرام

پوست ہلیلہ کابلی ۶۰ گرام

مغز حب الملوک ۱۵ گرام

ترکیب تیاری

جملہ ادویہ کو الگ الگ باریک کرلیں اور خوب اچھی طرح سے کھرل کرکے ۵۰۰ ملی گرام کی گولیاں تیار کریں

ترکیب استعمال

رات کو سوتے وقت ایک گولی دودھ کے ہمراہ استعمال کریں

فوائد

یہ اعلیٰ درجے کی قبض کشا ہے اور بلا تکلیف پاخانہ لاتی ہے۔

(۱۰۳) ریچک چورن

جلاپہ بریدہ ۱۰۰ گرام

ہلیلہ سیاہ ۵۰ گرام

لاہوری نمک ۱۰ گرام

جوہر پودینہ ۱۰ گرام

سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں

مقدار خوراک

۳ گرام رات کو دودھ کے ساتھ دیں

فوائد

یہ ٹھنڈا جلاب ہے اس سے نہ مروڑ نہ گرمائش ہوتی ہے دو تین جلاب آکر پیٹ ہلکا محسوس ہونے لگتا ہے لطیفی دواخانے میں اسی نام سے

فروخت ہوتا ہے۔ ۳۰ روپیا ۳ گرام کا
وصول کیا جاتا ہے۔

(۱۰۴) عرق ریاح شکن

بادیان ۲۵۰ گرام
انیسون ۲۵۰ گرام
اجوائن ۲۵۰ گرام
تخم سویا ۲۵۰ گرام
دارچینی ۲۵۰ گرام
زیرہ سفید ۲۵۰ گرام
پودینہ خشک ۲۵۰ گرام
صعتر ۲۵۰ گرام
کال پتر ۲۵۰ گرام
تخم قرطم ۲۵۰ گرام
گل سرخ ۲۵۰ گرام
تالیس پتر ۲۵۰ گرام
بدستور ۲۰ کلو عرق کشید کریں

فوائد

امراض معدہ کی لیے مفید ہے۔ ریح
الکلیہ اور ریاح شکم کے لیے نہایت
مفید ہے ریاح کی وجہ سے جسم پھول
گیا ہو اس قسم کے موٹاپے کو دور کرتا
ہے یا عورتوں کے خون ماہواری بند
ہونے سے جو موٹاپا ہوتا ہے اس
کے لئے مفید ہے۔

ترکیب استعمال

۶۰ ملی لیٹر دن میں دو مرتبہ دیا جا سکتا
ہے

(۱۰۵) گنگا دھرس

پارہ مصفیٰ
کبریت مصفیٰ
ہر ایک تولہ کجلی تیار کریں اس کے
بعد سعد کوفی
بیل گری
گل دھاوا
لودھ پٹھانی

اندر جو شیریں

افیم

موچرس

ہر ایک ۱۰ گرام کو خوب باریک
کر کے بجلی میں ملا کر آب لیموں ۴ تولہ
میں کھرل کر کے خشک کر لیں اور
شیشی میں محفوظ رکھیں

ترکیب استعمال

پیچش سدی میں پہلے سدہ کو خارج
کر کے ایک سے دو رتی تک کھانڈ
یا قند سیاہ میں رکھ کر ہمراہ ترش چھاچھ
یا چاولوں کی پیچ یا ہمراہ آب انار دانہ
سے صبح و شام دیا کریں۔

فوائد

ہر قسم کے اسہال اور پیچش مزمنہ یا
دیرینہ کے علاوہ سنگرہنی کے لئے
ایک نادر تحفہ ہے یہ آیورویدک نسخہ
ہے اکثر دواخانے بناتے ہیں مشہور
نسخہ ہے اگر اسے صحیح طریقے
سے استعمال کیا جائے تو بہت ہی مفید
نسخہ ہے

(۱۰۶) مطبوخ برائے فواق

پوست بیرون پستہ

بیخ اذخر

دونوں کو پانی میں صاف کریں اور
مصری ملا کر رکھیں

فوائد

سرد ہچکی کی لئے غایت درجہ مفید
ہے۔

(۱۰۷) معجون نانخواہ بقراطی

نانخواہ ۳۵ گرام

تخم گندر ۳۵ گرام

زنجبیل ۳۵ گرام

زعفران ۳ گرام

بسفائج ۳ گرام

...ج کرفس ۱۰گرام

...مصطگی ۵گرام

...دنام ۷گرام

عقرقرحہ ۵ گرام

ترکیب تیاری

...ب کو کوٹ چھان کر سہ چند شہد میں
...ملا کر معجون بنائیں

مقدار و خوراک

۱۰گرام پانی کے ساتھ لیں

...معدہ اور جگر کو قوت دیتی ہے بلغم کو
...دفع کرتی ہے بھوک لگاتی ہے۔ بد
...ہضمی کو دفع کرتی ہے منہ کو خوشبودار
...کرتی ہے۔ سیلان لعاب کو روکتی ہے
...مفتح سدد اور قاتل کرم ہے ریاح کو
...تحلیل کرتی ہے مقوی گردہ ہے
...ریگ گردہ و مثانہ کو پاک کرتی ہے
...کو بڑھاتی ہے بقراط کا قول ہے کہ
...کوئی شخص سال بھر میں ایک
ہفتہ ہر روز یہ معجون ۱۰گرام کھایا
کرے تو شہوت سے متعلق اس کی ہر
مراد پوری ہوگی۔

(۱۰۸) کمر درد

گل بابونہ

گل سرخ

حلبہ

سنبل الطیب

تخم السی

تخم سویہ

بوسہ گندم

نمک طعام

اکلیل الملک

ہر ایک ۱۰گرام

ترکیب تیاری

ہر قسم کی دوائوں کو جو بھی دستیاب ہوں پانی میں جوش دیکر اسفنج یا پارچہ میں بھگوکر عضو پر رکھیں۔

فوائد

درد معدہ، درد گردہ، درد جگر، درد طحال اور دیگر اعضا کے درد کو نافع اور سریع العمل ہے قولنج کو کھولتا ہے اور غایت درجہ مفید ہے۔ یہ نسخہ حکیم جلیل احمد انصاری کا معمول تھا۔

(۱۰۹) سفوف حابس افیونی

گل دھاوا ۵۰ گرام

رال ۵۰ گرام

کوٹ چھان کر سفوف تیار کر کے رکھیں

مقدار و خوراک

ایک گرام دہی کی لسی لوہے کی چیز میں بجھائی ہوئی سے استعمال کریں۔

فوائد

اسہال کے لئے مفید ہے خصوصاً افیونی کے اسہال کو جس کا علاج بہت دشوار ہوتا ہے۔

(۱۱۰) سفوف برائے اسہال

بلیلہ سیاہ ۸ گرام

نانخواہ ۸ گرام

زیرہ سفید ۸ گرام

تینوں کو جدا جدا بریاں کرلیں اور کوٹ چھان کر رکھیں

مقدار و خوراک

۹ گرام ہمراہ لسی

منافع جو پیچش اور اسہال کسی دوا سے اچھے نہ ہوتے ہوں ان کے لئے نافع ہے۔

(۱۱۱) سفوف انار مشتہی

انار دانہ ترش ۱۰ گرام

بلیلہ ۱۰ گرام

آملہ ۱۰ گرام

پیپل ۱۰ گرام

مرچ سیاہ ۱۰ گرام

بوکھار ۱۰ گرام

اجوائن ۱۰ گرام

لونگ ۱۰ گرام

نمک لاہوری ۱۰ گرام

نمک سیاہ ۱۰ گرام

سونف ۱۰ گرام

انمود ۱۰ گرام

کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور کھانا کھانے کے بعد کھائیں

فوائد

کمال درجہ بھوک پیدا کرتی ہے اور ہاضم طعام ہے۔

(۱۱۲) سفوف نانخواہ

اجوائن ۲۰ گرام

کرفس ۲۰ گرام

قند سفید ۴۰ گرام

کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں

فوائد

ریاح معدہ، درد معدہ، درد طحال کو نافع ہے ہضم کو قوت دیتا ہے تبخیر معدہ اور امعا میں بخارات کی چبھن کو مفید ہے تمام امور میں نفع بخش ہے

(انتخاب جلیل)

(۱۱۳) حب زحیر جدید

پوست بیخ مدار ۲۰ گرام

کافور ۲۰ گرام

رال ۳۰ گرام

شنگرف ۱۰ گرام

تمام دواؤں کو خوب باریک پیس کر نخودی گولیاں بنائیں۔

دو گولی سے چار گولی تک دہی کے
پانی کے ساتھ کھائیں

فوائد

خونی بواسیر میں مفید ہے۔

(۱۱۸) حب بواسیر لطیفی

رہوت

تخم سرس
تخم نیم ہر ایک ۲۵۰ گرام
گوند کیکر ۱۲۵ گرام
سنا مکی ۱۲۵ گرام
سنگجراحت ۱۲۵ گرام

ترکیب تیاری

تمام اشیا کو کوٹ چھان کر ۵۰۰ ملی گرام کی گولیاں بنوالیں

ترکیب استعمال

۲ گولی صبح دو گولی دوپہر دو گولی رات کو پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ شدید تکلیف میں ۳ بار دی جا سکتی ہے۔

فوائد

بواسیر خونی و بادی کے لیے انتہائی مفید ہے۔ یہ نسخہ بنیادی طور پر طب جدید شاہدرہ والوں کا ہے راقم الحروف نے اس میں قبض کی رعایت سے سنا کا اضافہ کیا مشین پر گولیاں بنانے کی لیے سنگجراحت کی ضرورت پیش آتی ہے اس لیے اب یہ نسخہ بادی اور خونی دونوں بواسیر کے لیے انتہائی مفید ہے اس لیے تمام اطبا کو گذارش ہے بناکر استعمال کریں۔

(۱۱۹) نمک بواسیر

کشتہ مرجان ۲۵ گرام

لقوہ ہیضہ ہچکی، اسہال، نزلہ کھانسی
اور تمام عفونتی بخاروں کی واسطے مفید
ہے لقوہ میں ایک گولی پان کے
ہمراہ کھلائیں بقیہ امراض میں
مناسب بدرقہ سے کھلائیں۔

(۱۱۶) بواسیری

اجوائن خراسانی ۳۰ گرام
مغز بکائن ۲۰ گرام
گوگل
آملہ سار ہر ایک ۳۰ گرام
مغز تخم نیم ۱۰ گرام

ترکیب تیاری

جملہ ادویہ کو باریک پیس کر پانی کی مدد
سے حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال

ایک سے دو گولی صبح و شام قبل از
غذا ہمراہ آب تازہ دیں

بواسیر خونی ہو یا بادی ہر قسم میں مفید
ہے کم خرچ اور سہل الحصول ہونے
علاوہ تریاق کامل ثابت ہوگا۔

(۱۱۷) حب سرخ

گیرو
رسوت مصفی
تخم نیم ہر ایک ۲۰ گرام
تخم ترب ۱۰ گرام
زیرہ سفید دانہ
الائچی خورد
مقل ازرق ہر ایک ۱۵ گرام
کوٹ چھان کر آب لگرونده میں آٹھ
روز تک کھرل کر کے گیندے کے
پھول ۲۰ گرام ملا کر چنے کے برابر
گولیاں بنائیں

مقدار و خوراک

مقدار و خوراک

دو گولی صبح اور دو، دو پہر دو شام کے وقت استعمال کریں۔

فوائد

یہ گولیاں پرانی اور نئی ہر قسم کی پیچش کیلئے نہایت مفید اور موثر ہے

(۱۱۴) حب احمر مسہل

جمال گھوٹہ مدبر ۲۰ گرام

سہاگہ ۴۰ گرام

شنگرف ۱۰ گرام

سب کو عرق لیموں میں تین روز کھرل کریں اس کے بعد موم کی برابر گولیاں بنائیں

مقدار و خوراک

ضرورت کے وقت ایک گولی کھلائیں

فوائد

یہ گولیاں سوداوی خلط کو خارج کرنے کے لئے معمول مطب ہیں

(۱۱۵) آنند بھیروں

یہ ویدک نسخہ ہے طبی کتابوں میں اس کا نام آنند بھیروں کی بجائے راحت بھی لکھا جاتا ہے۔

بچھنانگ مدبر

پیپل

مرچ سیاہ

سہاگہ

شنگرف

ہر ایک ۲۰ گرام

کوٹ چھان کر لیموں کے پانی میں آٹھ پہر تک کھرل کر کے چنے کے برابر گولیان بنائیں اور سایہ میں سکھائیں

ترکیب استعمال

نمک چرچٹہ ۲۵ گرام

پوٹاشیم برومائیڈ ۵۰ گرام

ترکیب تیاری

تینوں دواؤں کو کھرل کرکے شیشی
میں محفوظ رکھیں

مقدار و خوراک

۵۰۰ ملی گرام سے ایک گرام ۳۰ گرام
دہی میں ملاکر صبح وشام کھلائیں

فوائد

بواسیر کا خون بند کرنے لئے اس سے
بہتر دوا کا ملنا محال ہے اگر اس نسخہ
سے خون بند نہ ہو تو پھر بواسیر کا
آپریشن کرانا چاہیے یہ قرابادین ہمدرد کا
نسخہ ہے۔ میں اس نسخے میں ہمدرد کا
کشتہ مرجان سادہ ملاتا ہوں

(۱۲۰) حب بواسیر لطیفی

لکڑ چھڑی بوٹی ۵۰ گرام

کالی مرچ ۵۰ گرام

برگ کرنجوہ ۵۰ گرام

زہر مہرہ ۵۰ گرام

چاکسو مدبر ۵۰ گرام

یہ پانچ اجزا میں ایک ایک الگ
کوٹ چھان کر آب گھیکوار میں کھرل
کرکے گولیاں بقدر نخود تیار کریں خشک
ہونے پر محفوظ رکھیں

مقدار و خوراک

دن میں تین مرتبہ ایک ایک گولی
ہمراہ عرق سونف ۶۰ ملی لٹر پانچ
ہفتہ تک جاری رکھیں

فوائد

اس کے استعمال سے ہر قسم ک
بواسیر نیست و نابود ہو جاتی ہے۔
کہ مسے خود بخود سکڑ کر غائب ہو جا
ہیں اور بھگندر ناسور جیسے

استعمال سے
پھوڑے اس کے
جاتے رہیں گے

(۱۲۱) اکسیر بواسیر

مردار سنگ ۵۰ گرام
کت دریا ۵۰ گرام
فلفل دراز ۵۰ گرام
بلیلہ سیاہ ۵۰ گرام
کشتہ صدف ۵۰ گرام
طوطیا ۵۰ گرام
سات روز عرق لیموں میں متواتر
کھرل کریں بقدر نخود گولیاں تیار کریں

مقدار و خوراک

۲ گولی صبح و شام شربت انجبار ۴۰ ملی
لٹر کی ساتھ دیں
رات کو مندرجہ ذیل مرہم مسوں پر
لگائیں چربی خالص از چکتی دنبہ کوہی
سکہ، گاؤ، کافور، موم تازہ مردار سنگ

سب بموزن لیکر اور چربی کو نیم گرم
پگھلائیں پھر اس میں موم ملائیں
جب خوب آمیز ہو جائے پھر مردار
سنگ ملائیں باریک کرکے اس کے
بعد مکھن ملائیں جب ایک جوش
خوب آجائے اتار کر نیم گرم میں کافور
ملائیں اور خوب ملا کر رات کو سوتے
وقت مسوں پر تھوڑا سا مرہم لیپ
کردیا کریں صبح نیم گرم یا تازہ پانی سے
دھو ڈالیں ۳ سے سات دنوں میں
صحت کلی ہوگی

(۱۲۲) اکسیر بواسیر اجلی

تمک برگ کنیر سفید ۲ چاول دہی کی
بالائی میں رکھکر کھلائیں

فوائد

بواسیر کا خون بند کرنے میں مفید ہے

یہ نسخہ بنیادی طور پر شریفی خاندان کا ہے شاید اجمل دواخانے والے کسی زمانے میں گیندے کا نمک برابر وزن ملاکر بھی استعمال کرتے تھے۔

(۱۲۳) اکسیر بواسیر شوری

گندھک ڈیڑھ تولہ

قلمی شورہ ۵۰ گرام

ترکیب تیاری

آگ پر رکھ کر ہلکی آنچ پر گرم کریں قلمی شورے کا پانی خشک ہوجائے تو اتار کر رکھیں۔ اکثر آگ لگ جاتی ہے اس لئے احتیاط سے تیار کریں

مقدار خوراک ایک گرام صبح و شام دیں۔

فوائد

بواسیر کے لئے انتہائی مفید ہے بلڈپریشر لو ہو جاتا ہے۔ اس لئے لو بلڈپریشر کے مریض استعمال نہ کریں۔
(سلک الدرر)

(۱۲۴) قاطع مسہ بواسیر

چونہ پان ۵ گرام

سوڈا بائیکارب ۵ گرام

روغن تل ۱۰ گرام

دواؤں کو پیس کر تیل میں ملالیں دوا تیار ہے۔

ترکیب استعمال

کپاس سے مسہ پر لگائیں اور ٹھیک دو منٹ کے پکڑ کر کھینچ لیں مسہ باہر آجائے گا۔ ضرورت محسوس کریں تو ٹیوب یا ٹنکچر لگائیں۔ (کنزالعنایات)

نوٹ: تجربے سے ثابت ہوا کہ اس
سے مسہ نہیں نکلتا البتہ مسوں کو
پژمردہ کرتا ہے۔

(۱۲۵) ضماد بواسیر

مچی ۶ گرام
چونہ ۱۰ گرام
ہڑتال ۱۰ گرام
کنوار گندل کے پانی میں کھرل
کر کے گولیاں بنالیں اگر ۳ گرام سم
الفار کا اضافہ کریں تو اس کی تاثیر بڑھ
جاتی ہے

ترکیب استعمال

مسوں میں آب دہی میں حل کر کے
ضماد کرتے رہیں تین چار روز میں تمام
مسے شرطیہ طور پر خود بخود خشک ہو کر
اور ٹوٹ کر گر پڑیں گے مجرب ہے

نوٹ: اکثر جگہوں پر مسوں پر دوائی
لگا کر بعض عطائی طبیب مسے نکال کر
دکھاتے ہیں یہ شعبدہ بازی ہے
مسے دواؤں سے جل کر سیاہ ہو جاتے
ہیں یا پیپ سے پر ہو کر پھٹ جاتے
ہیں شعبدہ باز لوگ لوٹے پر بٹھا کر اس
میں نیم کے پتوں کے ساتھ دکھاتے
ہیں یہ شعبدہ بازی ہے مسے دواؤں
سے جل کر سیاہ ہو جاتے ہیں یا پیپ
سے پر ہو کر پھٹ جاتے ہیں شعبدہ
باز لوگ لوٹے پر بٹھا کر اس میں نیم کی
پتوں کے ساتھ پھپھڑوں سے بنے
ہوئے مسے ڈال لیتے ہیں پھر ڈھونڈ
کر نکال کر دکھاتے ہیں بہرحال اکثر
لوگوں کو دوائی سے شدید درد ہوتا ہے
لیکن اب مین پڑی میں استعمال
ہونے والا سن پاؤڈر بھی اس دوائی
کے ساتھ لگاتے ہیں بعض لوگوں

کے مسوں سے پھٹنے کی وجہ سے یا
زخم کی وجہ سے خون بہتا ہے ہمارے
یہاں ایک طبیب آدھ پاؤ سفید سرمہ
۲ تولہ کتیلہ مشین میں پسواکر دو دو
چمچے دن میں تین مرتبہ کھلاتا ہے اور
زخموں پر پولے فیکس مرہم میں
رسول کا پوڈر اور برابر بن پاؤڈر لگاتا
ہے جس سے زخم ختم ہو جاتے ہیں
ایک ایسا معالج بواسیر ہمارا نسخہ سفوف
قمری استعمال کراتا ہے جس سے زخم
خشک ہو جاتے ہیں۔

(۱۲۶) مرہم رال

رال ۱۰ گرام
مردار سنگ ۱۰ گرام
کافور ۵ گرام

ترکیب تیاری

ادویہ کو باریک کرکے مکھن پانی میں
دھوکر اشیا ملاکر کھرل کرکے رکھیں

فوائد

بواسیری مسے ایک دو دن میں
ٹھیک ہوجاتے ہیں

(۱۲۷) مرہم بواسیر

کافور ۱۰ گرام
رسول انڈیا ۱۰ گرام
سہاگہ شگفتہ ۱۰ گرام
روغن ارنڈی ۵۰ گرام
اچھی طرح کھرل کرکے مرہم پولے
فیکس اس میں داخل کریں

ترکیب استعمال

رات کو اور صبح کو انگلی سے صبح
لگائیں

(۱۲۸) مرہم بواسیر

یہ ہمدرد دواخانہ بناتا ہے بڑا موثر نسخہ

ہے

بورک ایسڈ ۶۰ گرام

گیلک ایسڈ ۲۰ گرام

روغن نیم ۳۰۰ ملی لٹر

موم ۱۲۰ ملی لٹر

ترکیب تیاری

کڑاہی میں نیم کا تیل اور موم کو آگ پر رکھ کر گرم کریں جب موم حل ہو جائے نیچے اتار کر دونوں پوڈر ملا کر حل کریں مرہم تیار ہے۔

ترکیب استعمال

رفع حاجت کے بعد آبدست کرکے اور مسوں کو خشک کر کے لگائیں مسوں کو خشک کرنے کے لئے مفید ہے۔

(۱۲۸) مرہم بواسیر علوی

سہاگہ ۲۰ گرام

نوشادر ۲۰ گرام

کمیلہ ۲۰ گرام

میٹھا تیل ۲۰ گرام

ترکیب تیاری

تمام اشیا کو کوٹ چھان کر ملا کر کھرل کر کے مرہم تیار کریں

ترکیب استعمال

تھوڑا سا مرہم لے کر مسوں پر لگائیں

فوائد بواسیر کے لئے انتہائی مفید ہے

امراض جگر

امراض جگر کا بھی طب میں بہترین علاج ہے حتیٰ کہ ورم جگر مقعر اور ورم جگر محدب کا علاج الگ الگ ہوتا ہے۔ آجکل ہیپاٹائیٹس کا دور دورہ ہے، جس نے وبائی شکل اختیار کر رکھی ہے۔ ہمارے دوست اس

لیکن برتن پر سرپوش دیکر مٹی یا آٹے سے وصل کریں۔ تاکہ بھاپ باہر نہ نکلے نہ ہی آگ اس قدر تیز ہو کہ جس سے بھاپ پیدا ہو سکے۔ صرف پانی کو گرم رہنا چاہیے علی ہاذالقیاس ایک رات دن اسی طریقہ پر پکائیں اس کے بعد مطبوخ کو کوٹ چھان کر اس میں باقی ادویہ کو ملا کر آگ پر اس قدر پکائیں کہ مطبوخ کا وزن ۲ کلو رہ جائے اب اس میں ڈیڑھ سیر سرکہ خالص اور قند سفید ساڑھے چار سیر شامل کر کے شربت تیار کریں اور سرد ہونے پر اس میں ۱۵ تولا ریوند چینی کا سفوف شامل کر کے تیار کریں۔

مقدار و خوراک: ۱۰ گرام سے ۳۰ گرام تک ایک یا دو چھٹانگ پانی میں مل کر کے پلایا کریں

فوائد

ضعف جگر، عظم جگر، اور ورم جگر، ضعف طحال، کے لئے مفید ہے قبض اور قولنج کو نافع ہے سوءالقنیہ استسقا، کرم امعا، کمی تولید صفرا، یرقان کے لئے لاجواب ہے۔ بنیادی طور یہ نسخہ طب جدید مشرقی کا ہے اکثر اطبا کا معمول مطب ہے۔ بہت مفید نسخہ ہے ہیپاٹائیٹس بی کی صورت میں تمک جھاؤ اور اور بھوئی آملہ ۵۰۰ ملی گرام تین مرتبہ دینے سے ہیپاٹائیٹس بی ۵۰ فی صد لوگوں کا منفی ہو جاتا ہے۔

(۱۳۲) نوشادر سیال

نوشادر ۴۰ گرام

جوکھار اصلی

شورہ قلمی

کف دریا

جملہ امراض جگر ضعف جگر، عظم جگر، سدہ جگر، درد جگر، سوء القنیہ اور عظم طحال کو نافع ہے علاوہ ازیں جگر یا تلی کی خرابی سے پیدا ہونے والے بخاروں کے لئے نہایت مفید ہے

(۱۳۰) افسنتین کیپسول

افسنتین کو انتہائی باریک کرکے بڑی سائز کے کیپسول جسے ڈبل زیرو کہا جاتا ہے بھر کر رکھیں۔

مقدار خوراک

ایک سے دو کیپسول دن میں تین مرتبہ استعمال کریں

فوائد

بنیادی طور پر یہ تبخیر معدہ کی ساتھ بار بار ہونے والے بخار میں مفید ہے اس کے علاوہ مصفی خون بھی ہے اس لئے ناسور اور پرانے زخموں میں اضافی طور اسے استعمال کیا جا سکتا ہے لطیفی دواخانے میں اسے ہیپاٹائیٹس میں بھی استعمال کیا جاتا ہے لیکن امدادی دواؤں کا ہونا ضروری ہے نمک جھاؤ ۵۰۰ ملی گرام دینے سے L.F.T یعنی جگر کے انزائم نارمل ہوجاتے ہیں

(۱۳۱) شربت مکبود

بیخ کاسنی ڈیڑھ پاؤ

برگ کاسنی تین پاؤ

تخم کشوث ۱۵ تولا

کشنیز خشک ۱۵ تولا

انجیر ولایتی ۴۵ عدد

تمر ہندی ۳۰ تولہ

ترکیب تیاری

پہلے برگ سنا مکی کو ۶ سیر پانی میں ڈالکر مٹی کے برتن میں آگ پر پکائیں

کا دعوی سے علاج کرتے ہیں ۔ ہم
نے دیسی دوائوں سے ہیپاٹائیٹس ،
بی ۔ سی آر ٹیسٹ مثبت والوں کو
منفی ہوتے نہیں دیکھا۔ البتہ ہم
نے ہیپاٹائیٹس بی کے مریض کافی
منفی کیے ۔ ایل ،ایف ،ٹی کو نارمل
کرنا تو طبیبوں کے لئے کوئی مشکل
نہیں لیکن صغرالکبد کے مریض بھی
تندرست ہوتے کم دیکھے ۔اسی طرح
جگر کا کینسر ہیپاٹائیٹس سی کی وجہ سے
عام ہے ایک دو مریض تندرست
دیکھنے میں آئے لیکن بالآخر خدا کو
پیارے ہو گئے بہرحال ہر ایک
طبیب کے اپنے معمولات ہیں ۔
ممکن ہے دوسرے طبیبوں کے
ہاں اس کا علاج ہو ۔ مجھے جن
مریضوں کے علاج کا موقعہ ملا یا
دوستوں سے مجربات حاصل ہوئے
وہ لکھ رہا ہوں

(۱۲۹) کبدی

افسنتین رومی ۳۰ گرام
قلمی شورہ ۶۰ گرام
ریوند خطائی ۳۰ گرام
نوشادر ۳ گرام
فیرس امونیم سائٹراس ۹ گرام

ترکیب تیاری

پہلے ادویہ کا سفوف تیار کریں بالآخر
فرائی کونین شامل کرکے کھرل کریں

ترکیب استعمال

بقدر ڈیڑھ ماشہ تک روزانہ صبح و شام
قبل از غذا ہمراہ مطبوخ کاسنی ۶۰ ملی
لٹر یا عرق کاسنی ۱۲۰ ملی لٹر کے ساتھ
استعمال کریں

فوائد

ہر ایک ۲۰ گرام اجزا کو باریک کر کے
دو سیر پانی میں ملا کر آگ پر رکھیں
جب پانی ایک سیر رہ جائے تو اتار کر
فلٹر کریں

مقدار و خوراک

۱۰ تولہ صبح و شام دیں

فوائد

امراض کبد و معدہ کے لئے نافع
ہے۔

(۱۳۳) حب استسقا

تربد ۱۰ گرام
ریوند چینی
مقل
تخم انگن ہر ایک ۶ گرام
ذرواوند مدحرج ۳ گرام
زراوند طویل ۳ گرام
فرفیون ۳ گرام

ترکیب تیاری

تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر جنگلی بیر
کی برابر گولیاں بنائیں

مقدار و خوراک

دو دو گولی صبح و شام شربت کاسنی،
عرق مکو کے ہمراہ دیں۔

فوائد

استسقا کی تمام اقسام میں مفید ہے۔

(۱۳۴) سفوف عطائی

ریوند خطائی ۵۰ گرام
جیرہ سفید ۵۰ گرام
قلمی شورہ ۵۰ گرام
جو کھار ۵۰ گرام
دانہ مکو ۵۰ گرام
فولاد پتری ۵۰ گرام
پھٹکری بریاں ۱۵ گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر سفوف تیار کر کے رکھیں

فوائد

یرقان کے لئے تین گرام کی پڑیاں ہمراہ لسی دن میں تین بار استعمال فرمائیں عام یرقان ۳ دن میں کافور ہو جائے گا عورتوں کی امراض میں بالخصوص عسرالطمث یا حیض کے دوران کی تکالیف کے لئے پیشاب کی جلن خون کی کمی ضعف جگر چہرے پر چھائیاں پڑجانا رنگت زرد ہوجانا ان تمام امراض میں مفید ہے۔

(۱۳۵) یرقان سدی

سہاگہ بریاں
نوشادر ۵۰ گرام
شورہ قلمی ۵۰ گرام
پھٹکڑی ۵۰ گرام

ہم وزن باریک سفوف بناکر ایک گرام دن میں دوبار دیں

(۱۳۶) جوشاندہ کبد

بادیان ۵ گرام
پودینہ ۳ گرام
مویز منقی ۷ عدد
آلو بخارا ۳ عدد

ترکیب استعمال

ڈیڑھ کپ پانی میں جوش دیکر چھان کر شربت بزوری معتدل یا شکر ملاکر استعمال کریں

فوائد

جہاں جگر اپنا کام نہ کرے وہاں بلا تامل یہ جوشاندہ استعمال کیا جاسکتا ہے یہ نسخہ اصطلاح ہضم کے لئے بڑا کار

آمد ہے اس کے استعمال کے دیگر
مواقع یہ ہیں

شرای (پتی اچھلنا) اگر پتی اچھلتی
ہو صبح معجون دبیدالورد اور اوپر سے یہ
نسخہ استعمال کرائیں اور رات کو ایک
قرص اکسیر شفا دیجئے

ہائی بلڈ پریشر: میں دواء الشفا یا
اسرولین کے ساتھ دیں

قبض کی صورت میں جب کہ ساتھ
نفخ بھی ہو یا ساتھ ہی سینے پر جلن کا
احساس ہو تو یہ جوشاندہ صبح و شام
استعمال کرایا جائے اور بعد از غذا جب
کبد نوشادری دی جائے

۴ اگر متلی کی شکایت ہو تو صبح اس
کے ساتھ جوارش انارین دی جائے

۵ جن مریضوں بالخصوص خواتین کے
منہ میں چھالے ہوں تو اس کے
ساتھ حیاتین بی استعمال کرائی جا
سکتی ہے

(۱۳۷) حب ویلی لو

یہ گولیاں ہندستان کی ایک کمپنی
بناتی ہے

پوست بیخ کبر ۶۵ گرام
کاسنی ۶۵ گرام
مکو ۶۵ گرام
کسوندی ۱۶ گرام
ارجن چھال ۳۲ گرام
افسنتین ۱۶ گرام
مائین خورد ۱۶ گرام
کشتہ خبث الحدید ۳۲ گرام
۴۰۰ ملی گرام کی گولیاں تیار کریں

ترکیب استعمال

۲ سے تین گولیاں دن میں تین مرتبہ
دیں

امراض کا سبب بن رہا ہے۔ طب یونانی میں دل کی امراض کی تشخیص اور علاج دونوں ہنوز ابتدائی مراحل میں ہے۔ انشاء اللہ وہ دن دور نہیں جب طبیبوں کی پاس بھی دل کے امراض کا موثر علا موجود ہوگا۔

(۱۴۰) اکسیر شریانی

لیمو کا رس ایک پیالی

ادرک کا رس ایک پیالی

لہسن کا رس ایک پیالی

سرکہ سیب ایک پیالی

ترکیب تیاری

چاروں چیزوں کو آگ پر رکھ کر چوتھا حصہ ختک کریں باقی ماندہ رس کو چھان کر برابر شہد ملاکر رکھیں۔

مقدار و خوراک

روزانہ ۳ چمچ نہار منہ استعمال کریں۔

فوائد

یہ دل کی کاروزی شریانوں کے بند ہونے میں انتہائی مفید ہے۔ ان کو کھولنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ عوام میں یہ نسخہ مشہور و معروف ہے دواسے وال کھولنے کا نسخہ کہتے ہیں حالاں کہ شریان کا بند ہونا اور وال کا بند ہونا ایک دوسری سے مختلف ہے۔ کاروزی شرائیں دل کی اوپر ہوتی ہیں اور عجیب قدرتی نظام ہے پورے بدن کو سپلائی کرنے والی دل خود کو براہ راست خون سپلائی نہیں کرسکتی ہے اس لئے قدرت کاملہ نے بیرونی شریانوں سے دل کو خون کی سپلائی کا بندو بست کر رکھا ہے طبی لٹریچر میں خون کی نالیوں کی بندش کو لیسٹرول کو گرد جاتا ہے جس سے خون گاڑھا ہو

نوشادر ۱۰۰ گرام

سونٹھ ۱۰۰ گرام

سا ۲۰۰ گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں

مقدار و خوراک

ایک گرام دن میں تین مرتبہ دیں

فوائد

ہمارے یہاں ایک عطائی حکیم کا دعوی ہے کہ اس سے ہیپاٹائیٹس سی اور بی کے کئی مریض درست ہوئے ہیں لیکن میرے تجربے میں وائرس ختم نہیں ہوا البتہ یرقان کی شدت اور ایل ۔ ایف ۔ ٹی اگر نارمل نہ ہو تو اسے درست کرتا ہے۔

امراض قلب

امراض قلب پہلے تو بڑے لوگوں کی بیماریاں سمجھی جاتی تھیں لیکن اب تو غریب لوگ بھی اس مرض میں کثرت سے مبتلا نظر آرہے ہیں۔ تعجب کی بات تو یہ ہے کہ بچے بھی پیدائشی طور پر امراض قلب ساتھ لے آتے ہیں بچوں میں تو خیر کافی تحقیق ہو چکی ہے کہ بعض انگریزی دوائیں الٹرا ساؤنڈ کا غیر ضروری استعمال، ناقص غذا بہرحال پاکستان میں غذائی کمی اور نقص غذا بڑا مسئلہ ہے۔ حاملہ عورت کی ناقص غذا بچوں میں امراض قلب بڑھانے میں بھی کردار ادا کرتی ہے۔ غریب لوگوں میں مشینی دور میں ہاتھ کا کام ختم ہونا بھی ایک سبب ہے بڑے لوگوں میں مرغن غذا کے ساتھ پیدل نہیں چلنا بھی دل کے

فوائد

برائیم وائرل ہیپاٹائیٹس پوسٹ ہیپاٹائیٹس سینڈروم یرقان سدی صغرالکبد، الکوحل، اور ادویاتی جگر کے نقصان کو درست کرتی ہے اس کی علاوہ جگر کے تباہ شدہ سیل کو دوبارہ پیدا کر کے جگر کو نارمل کرتی ہے۔

(۱۳۸) اکسیر ہیپاٹائیٹس

بھوئی آملہ ۱۲۰ گرام

بسکھپرہ ۱۰۰ گرام

سرپھوکہ ۱۰۰ گرام

بھنگرہ ۹۰ گرام

چرائتہ ۳۰ گرام

کاسنی ۳۰ گرام

کٹکی ۳۰ گرام

ترکیب تیاری

تمام اشیا کو کوٹ چھان کر ۵۰۰ ملی گرام کے کیپسول بھرلیں

مقدار و خوراک

ایک سے دو کیپسول دن میں تین مرتبہ استعمال کریں

فوائد

جگر کے اکثر امراض میں مفید ہے۔ بھوک کی کمی عظم جگر یرقان مزمن اور حاد ورم جگر ہیپاٹائیٹس اے، بی، سی، ڈی شراب کی وجہ سے جگر کی خرابی صغرالکبد کی ابتدا میں مفید ہے۔ اس مرض میں جگر سکڑ کر پیٹ میں پانی بھر جاتا ہے۔

(۱۳۹) ہیپاٹائیٹس روک

ریوند چینی ۱۰۰ گرام

قلمی شورہ ۱۰۰ گرام

جوکھار ۱۰۰ گرام

ہے جس کی وجہ سے شریانیں تنگ
ہوجاتی ہیں اسی وجہ سے بلڈ پریشر بڑھ
جاتا ہے اس کے بعد کاروزی
شریانیں ایک ایک کرکے بند ہونا
شروع ہوجاتی ہیں شریانوں کے بند
ہونے سے کسی کو شدید ہارٹ اٹیک
اور درد ہوتا ہے۔ لیکن شوگر کے
مریضوں کو معمولی اٹیک یا درد ہوتا
ہے۔ لیکن کبھی کبھار ایسے لوگوں کو
ہارٹ اٹیک اور درد دل ہوتا ہے جن
کا کولیسٹرول نارمل ہوتا ہے اب جدید
تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ
کولیسٹرول کے علاوہ ایک مادہ
ہوموسٹین کا نام دیا جاتا ہے اس کی
زیادتی سے بھی کاروزی شریانیں
بلاک ہوتی ہیں ابتدائی معلومات کی
مطابق فولک ایسڈ کی کمی کی وجہ سے
ہوموسٹین ہوتا ہے اس لئے ہارٹ
اٹیک سے بچنے کے لئے فولک
ایسڈ کا استعمال بھی ضروری ہے
۔ مندرجہ بالا نسخہ کولیسٹرول کی زیادتی
اور بدن کے موٹاپے کی وجہ سے
شریانیں بند ہو تو اسے کھولتا ہے ساتھ
ہی حیرت انگیز طور پر لوگوں کا وزن
بھی کم ہوتا ہے لیکن اس سے مراد یہ
نہیں کہ اس ۔ سے وزن کم ہوتا
ہے۔ جیسے ہی کولیسٹرول نارمل ہوتا
ہے تو وزن بھی کم نہیں ہوتا دل
کے وال کھولنے میں اس کا کوئی
رول نہیں وہ اس سے قطعاً الگ
مرض ہے میرے خیال میں سواء
مکمل تشخیص کے اس نسخے کو استعمال
نہیں کرنا چاہئے شدید بند شریانوں کو
کھولنے میں اس نسخہ کا کوئی رول
نہیں راقم الحروف نے کئی تجربات
کیے ہیں ۔ میں خود نہ صرف

کارونری شریانوں کے بند ہونے کا
مریض ہوں لیکن دل کی چھوٹی
شریانیں بھی کافی جگہ سے بند ہیں
وہاں بلڈ سپلائی نہ ہونے کی وجہ
سے دل پر بڑے داغ پیدا ہو گئے
ہیں مجھے اس نسخہ سے زیادہ دمہ سے
سے فائدہ ہوا جس کا بیان آگے آئے
گا۔

(۱۴۲) سفوف الائچی

الائچی کلاں ۱۰۰ گرام

پودینہ ۱۰۰ گرام

تخم حلبہ ۱۰۰ گرام

کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدوار و خوراک

ایک چمچ صبح وشام اور رات کو پانی
کے ساتھ دیں

فوائد

یہ نسخہ بھی دل کی شریانوں کو کھولنے
کے لئے مفید ہے دراصل یہ نسخہ
مجھے حکیم محمد محرم ٹنڈو غلام علی ضلع
بدین نے روانہ کیا تھا بقول اس کے
اس سے کافی مریضوں کو فائدہ ہوا
ہے اجزاء نسخہ بہتر معلوم ہوتے ہیں
کم خرچ بالا نشیں نسخہ ہے۔

(۱۴۳) لائپوٹیب

ہلدی

بادرنجویہ

لہسن خشک

ترکیب تیاری

تمام اشیا کو کوٹ چھان کر سفوف تیار
کریں۔ اس کے بعد ۵۰۰ ملی گرام کی
گولیاں تیار کریں۔

مقدار و خوراک

ایک سے دو گولی صبح و شام پانی کے ساتھ استعمال کریں

فوائد

یہ ہمدرد دوا خانہ دہلی کا پیٹنٹ نسخہ ہے مندرجہ بالا نام کے ساتھ مشہر ہوتا ہے کولیسٹرول کم کرنے کی تجربہ شدہ دوا ہے میرے خیال میں شوگر اور دل کے مریض، جن کا کولیسٹرول بڑھا ہوا ہے ان کے لئے اکسیر سے کم نہیں۔

(۱۴۴) اینٹی کولیسٹرول

بسکھپرہ ۱۸۰ گرام

مقل ۱۵۰ گرام

بلیلہ ۱۵۰ گرام

آملہ ۱۵۰ گرام

بلیلہ ۵۰ گرام

باؤبڑنگ ۵۰ گرام

بلا ۱۰ گرام

سونٹھ ۱۰ گرام

ترکیب تیاری

تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر ملائیں اور ۵۰۰ ملی گرام کی گولیاں تیار کریں

مقدار و خوراک

ایک سے دو گولی صبح و شام استعمال کریں

فوائد

کولیسٹرول کم کرنے کے لئے مفید ہے۔

(۱۴۵) سفوف مفرح

ابریشم ۱۰ گرام

کہربا شمعی ۱۰ گرام

جدوار ۱۰ گرام

عود صلیب ۱۰ گرام

تخم فرنجمشک ۱۰ گرام

مقدار و خوراک

ایک ایک گرام ہمراہ مناسب بدرقہ صبح دوپہر شام دیں۔

فوائد

فشارالدم مین مفید و معمول ہے

(حکیم پروفیسر صابر)

(۱۴۹) تریاق بلڈ پریشر

قلمی شورہ ۲۰ گرام
الائچی خورد ۳۰ گرام
تخم کاسنی ۳۰ گرام
صندل سفید ۵۰ گرام
زہر مہرہ ۵۰ گرام
مغز کشنیز ۲۰۰ گرام
گل کنول ۲۰۰ گرام

تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

ترکیب استعمال

صبح دوپہر شام ایک چائے کا چمچ برابر پانی سے کھلائیں

فوائد

ہائی بلڈ پریشر میں فوری فائدہ کرتا ہے گرمی سے ہونے والے تمام امراض کا مکمل علاج ہے پیشاب کی جلن فوری ختم کرتا ہے خفقان گرمی کی وجہ سے ہونے والی پیچش، قے کا فوری علاج ہے

امراض گردہ

آئے دن امراض گردہ کے مریضوں کی بہتات ہو رہی ہے۔ ایک نقص غذا شراب خوری، نشہ آور ادویہ استعمال، اس کے بعد جوڑوں درد میں عطائی طبیبوں کا کارئی کا استعمال نے امراض گردہ میں کردار ادا کیا ہے۔ گردے میں

امراض اعصاب و قلب کیلئے مفید ہے۔ معمولات و مجربات باباء طب

یہ نسخہ راقم الحروف کافی مقدار میں تیار کرکے استعمال کرا چکا ہے اعصابی کمزوری دماغی امراض اور امراض قلب میں اسے استعمال کراتا ہوں ہمارے دیرینہ دوست حکیم لقمان حامی کا کہنا ہے کہ اسے صرف امراض باردہ میں استعمال کرنا چاہئے بہرحال زیرک طبیب اس سے دل ودماغ کے اکثر امراض میں کام لے سکتا ہے۔

(۱۴۷) جوشاندہ تصلب الشرائین

بالچھڑ ۶ گرام
دارچینی ۹ گرام
زنجبیل ۹ گرام

ترکیب استعمال

شکر ملا کر پییں۔

فوائد

تصلب الشرائین و ضغط الدم قوی کی وجہ سے سر درد ہو اس میں مفید ہے۔ یہ ہمدرد انڈیا کا معمول مطب نسخہ ہے۔

(۱۴۸) سفوف فشارالدم

صندل سفید ۵۰ گرام
افتیمون ۲۵ گرام
درونج عقربی ۲۵ گرام
شاہترہ ۲۵ گرام
پوست لیموں ۵۰ گرام
کچور ۲۰ گرام
گل گڑہل ۵۰ گرام

جملہ ادویہ کو خشک کرکے صاف چھان کر سفوف بنالیں۔

تخم ریحان ۱۰ گرام

الائچی خورد ۱۰ گرام

دار چینی ۱۰ گرام

صندل سفید ۱۰ گرام

عود غرقی ۱۰ گرام

ناگ کیسر ۱۰ گرام

لونگ ۱۰ گرام

زرنچور ۱۰ گرام

درونج عقربی ۱۰ گرام

تیزپات ۱۰ گرام

بالچھڑ ۱۰ گرام

پوست ترنج ۱۶۰ گرام

ترکیب تیاری

تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں

مقداو خوراک

ایک گرام دن میں تین مرتبہ

فوائد

مفرح و مقوی قلب ہے۔ دل کی دھڑکن کے علاوہ خون کو پتلا کرنے کے ساتھ درد دل اور شریانوں کی تنگی میں بھی مفید ہے۔

(۱۴۶) حب عباسی

اسطوخودوس

برگ بادرنجویہ

عود صلیب

جدوار

ہم وزن شہد کے ساتھ نخودی گولیاں بنائیں

ترکیب استعمال

ایک حب صبح ایک حب شام ایک رات کو۔

فوائد

اور گردوں کا فیل ہونا تو عام ہے۔ اب تو گردہ نکالنا لگانا بھی کوئی مسئلہ نہ رہا اس کے نتائج کتنے بہتر ہیں اس کی متعلق تو کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ البتہ لاکھوں روپے ہسپتال کی نظر ہو جاتے ہیں لیکن نتائج حوصلہ افزا نہیں ہوتے ڈائیلیس کے مریض تو اب کثیر تعداد میں آپ کو نظر آئیں گے جیسے ایک عام سا مرض ہو۔ لیکن اس کا دوائی علاج ایلوپیتھک میں ممکن نہیں راقم الحروف نے کئی ایک مریض درست کیے جن میں ایک مریضہ کی تو روزانہ ڈائیلیس ہونے لگی ۳۵۰ شوگر رہتی تھی ڈاکٹروں نے کہہ دیا اس کو دوبارہ ڈائیلیس کے لئے نہیں لانا اب یہ دہ نہیں رہے گی۔ وہ معمولی دوا ے ۴ سال زندہ رہی نہ ڈائیلاسس نہ شوگر بڑھی۔ اس کا تفصیلی ذکر آئے گا۔ اسی طرح ایک ایگریکلچر سائنسدان ڈائیلاسس سے نجات پانے کے بعد بھی روزے رکھتا تھا منع کرنے کے باوجود۔ لیکن دو سال کے بعد دوبارہ علاج کے لئے رجوع ہوتا تھا۔ اسی طرح ۴ سال بغیر ڈائیلاسس کے نکالے بہرحال میں نے وہ نسخے اس کتاب میں دیے ہیں۔ لیکن بد قسمتی یہ ہے کہ ہم واقف نہیں کہ گردے فیل ہونے کی کس صورت میں مفید ہیں بس جہاں یوریا، کریٹینن بڑھا ہم یہی نسخے دیتے ہیں کافی لوگوں کا یوریا اور کریٹینن نارمل ہو جاتا ہے۔ ڈاکٹر حضرات نہیں مانتے کہ ایسا ممکن نہیں بہرحال ہم اپنا کام جاری رکھے ہوئے ہیں۔ ہماری یہ خامی بدستور

موجود ہے کہ ہم کیا تشخیص کرتے ہیں
اور کس مرض کا علاج کرتے ہیں
ڈاکٹر حضرات کا بھی یہ ہی حشر ہے۔
اگر الٹرا ساؤنڈ سے معلوم ہوا کہ گردے
سکڑ گئے ہیں تو بتا دیا ورنہ تشخیص وہ
بھی نہیں لکھتے۔ ہمارے ان نسخوں
سے کئی لوگ ڈائیلیس کے عذاب
سے بچے ہوئے ہیں۔ میں پیشاب
بند ہونے کی صورت میں صرف کشتہ
شہد دیتا ہوں۔ دوسری دوائیں
نقصان کرتی ہیں جبکہ گردے سکڑنے
میں بھی فائدہ نہیں ہوتا اس لئے
احتیاط سے علاج کی ضرورت بہرحال
یہ نسخہ جات تب ہی دیں جب
پیشاب جاری ہو، اگر پاؤں وغیرہ
سوجے ہوئے ہوں تو بھی کوئی حرج
نہیں فائدہ ہو جاتا ہے۔

(۱۵۰) مقوی گردہ کیپسول

کشتہ مجرالیہود ۱۰۰ گرام
جوکھار ۱۰۰ گرام
مولی کھار ۱۰۰ گرام
کلتھی ۵۰ گرام
سرپھوکہ ۵۰ گرام
رائی ۵۰ گرام
ریوند خطائی ۵۰ گرام
پکھان بید ۵۰ گرام
برگ ہشکنڈہ ۵۰ گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر سفوف تیار کر کے ۵۰۰
ملی گرام کے کیپسول تیار کریں

ترکیب استعمال

ایک کیپسول دن میں تین مرتبہ

فوائد

حالبین کی انفیکشن بولی اعضا سے
پتھری خارج کرتی ہے جلن پیشاب
کی کمی شدید درد گردہ حاد اور مزمن

کلوی سینڈروم پیشاب کے اعضا
کے جراثیم ای کولی ، کلیبسک حمل
کے دوران بھی اسے استعمال کیا جا
سکتا ہے۔

(۱۵۱)جوشاندہ ورم گردہ

منجیٹھ ۳ گرام
تخم قرطم ۲ گرام

ترکیب تیاری

سفوف بنا کر رکھیں

ترکیب استعمال

ایک کپ گرم پانی میں جوش دیکر
صبح وشام پلائیں۔

فوائد

ضعف گردہ بلڈ یوریا ،پیشاب کی کمی
اورام بدن میں مفید ہے(حکیم
اختر زمان غوری)

(۱۵۲)کشتہ قلعی پارہ شورے والا

قلعی ۲۵ گرام
پارہ ۲۵ گرام
قلمی شورہ ۱۰۰

ترکیب تیاری

قلعی پگھلا کر پارہ ملا کر جھلبند کریں اس
کو کوٹ کر شورہ تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل
کریں حتیٰ کہ مکس ہو جائے۔اس کے
بعد کورے مٹی کے برتن میں رکھ کر
ڈھکن دیکر ۵ کلو اوپلوں کی آگ دیں
اس کے بعد نکال کر کھرل کر کے
رکھیں۔

ترکیب استعمال

سوزاک پیشاب کی جلن میں ۵۰۰ ملی
گرام صبح وشام دیں حکیم محمد عبداللہ
نے اسے یرقان کے لئے اکسیر قرار
دیا ہے اسی طرح حکیم علی محمد
مصنف سلک الدرر نے اسے تپ
دق وسل کی لئے مفید قرار دیا ہے۔

ال ۲۰ گرام نبات سفید ۲۰ گرام
کوٹ چھان کر نگاہ رکھیں

مقدار و خوراک

گرام ہمراہ لسی دودھ سے دیں

فوائد

پیپ کو بند کرنے اور سوزاک کو رفع
کرنے کے لئے بے نظیر ہے۔
(حکیم جلیل احمد انصاری کا معمول
تھا)

(۱۵۶) سفوف سوزاک مزمن

ریوند چینی ۳۰ گرام
تخم سروالی ۳۰ گرام
بلیلہ سیاہ ۳۰ گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک

۵ گرام نہار منہ شیر گاؤ تازہ کے ہمراہ
دن میں دو مرتبہ یعنی صبح و شام دودھ
کی لسی کے ہمراہ استعمال کریں

فوائد

سوزاک مزمن کی لئے اس سے بہتر
کوئی دوسری دوا نہیں
حکیم جلیل احمد انصاری کا کہنا ہے کہ
بکری کے دودھ کی لسی کے ساتھ
استعمال کرتا ہوں اس سے ادرار
خوب آجاتا ہے بعض لوگوں کو دست
بھی آجاتے ہیں تین یا ۵ یوم کے
بعد جب اچھی طرح تنقیہ ہو جاتا ہے تو
سفوف مذکورہ یا کوئی دوسری مناسب
مندمل دوا استعمال کرتا ہوں۔

(۱۵۷) دوا برائے سوزاک

بہیدانہ شیریں ۳ گرام

کا شیرہ دیا جائے اور اس کے ساتھ
قرص الکلی استعمال کرائی جائے اگر
عورتوں میں ماہواری کے ایام صحیح نہ
آتے ہوں تو پھر یہ نسخہ جوش کر کے
دیا جائے البتہ اس کے ساتھ اکسیر شفا
ایک عدد رات کو سوتے وقت
استعمال کرائی جائے اس کے
استعمال سے حیض کا ادرار بآسانی اور
تکلیف کے بغیر ہو جاتا ہے۔

(۱۵۴) ادراری لطیفی

تخم خربوزہ ۲۰ گرام
تخم قرطم ۲۰ گرام
زیرہ سفید ۲۰ گرام
خبازی ۲۰ گرام
کاسنی ۲۰ گرام
کلتھی ۲۰ گرام
گوکھرو خورد ۱۰۰ گرام
مصری ۱۰۰ گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں اگر شوگر
کے مریض کے لئے بنانی ہو تو
مصری خارج کر دیں

مقدار و خوراک

۵ گرام صبح و شام پانی یا شربت
بزوری کے ہمراہ لیں

فوائد

یہ نسخہ بنیادی طور پر پتھری توڑنے اور
پیشاب کی جلن اور بدن کے گرم
رہنے کے لئے مستعمل ہے لیکن یہ
پیٹ کے گیس و بادی یعنی ریاح
خارج کرنے میں مفید ہے۔

(۱۵۵) سفوف سوزاک

کندر ۲۰ گرام
سنگ جراحت ۲۰ گرام

میں اسے یوریا اور کریٹینین کے
بڑھنے میں برتتا ہوں اکثر جگہ مفید
ثابت ہوتا ہے۔

(۱۵۳)۔جوشاندہ ادرار

بادیاں نیم کوفتہ ۵ گرام
تخم خیارین نیم کوفتہ ۳ گرام
تخم کاسنی نیم کوفتہ ۳ گرام
دوقو ۳ گرام
تخم خربوزہ ۳ گرام

ترکیب تیاری

ڈیڑھ کپ پانی میں رات کو دوائیں
بھگو دیں اور ہلاکر رکھدیں جوش دیکر
چھان کر لیں پیس لیں۔حسب
ضرورت پانی ملاکر چھان کر پی لیں

فوائد

جہاں ادرار کی ضرورت ہو۔اسے
استعمال کرایا جائے سوزش بول
پتھری اور زنانہ امراض میں اسے دیا
جا سکتا ہے۔اس کے علاوہ وجع
مفاصل یعنی جوڑوں میں مادہ رک
جانے کی وجہ سے درد ہوتو یہ نسخہ صبح
و شام اوجاعی کے ساتھ دیا جا سکتا
ہے۔سوزاک کی موجودگی کی وجہ سے
یہ دوائیں شیرہ جات کی شکل میں
پیس چھان کر دی جاسکتی ہیں۔ان
کے ساتھ شام کو ایک کیپسول شافی
اور رات کو صافی کی ایک خوراک دی
جائے۔پتھری کی موجودگی میں یہ نسخہ
صبح و شام استعمال کرایا جائے اس
کے ساتھ معجون حجرالیہود استعمال
کرائی جائے اگر برگ چولائی سبز
میں شامل کرایا جائے تو پتھری
اخراج یقینی ہو جاتا ہے ایسے
جہاں پیشاب کا رد عمل کھار
مقصود ہو یہ نسخہ صبح وشام پلی

پانی میں بھگوکر لعاب نکالیں اور
روغن بادام شیریں ۳ گرام ملاکر پئیں

فوائد

سوزاک اور قرحہ کے لئے مفید ہے اور
اس شخص کے لئے بمنزلہ آب
حیات ہے ۔جس کا مادہ منویہ گرمی
آتشک کی وجہ سے سوختہ ہو گیا
ہو۔حکیم جلیل احمد انصاری کا کہنا
ہے کہ میرے تجربے مین یہی نسخہ
...نگ کی نسی اور فواق یبسی یعنی
...شک ہچکی کے لئے بھی مفید ہے۔

(۱۵۸) بہروزی

...۰۰۰ گرام
...شورہ ۱۰۰ گرام
...ی بریاں ۲۰۰ گرام

ترکیب تیاری

...بریاں
اور قلمی شورہ سفوف کرکے اسی طرح
بہروزہ سفوف کرکے درمیان میں
بہروزہ اور اوپر نیچے پھٹکڑی قلمی
شورے والا سفوف دیگر مٹی کے
توے پر رکھ کر پھٹکڑی کا پانی خشک
کریں ٹھنڈا ہونے پر نکال کر کوٹ
چھان کر سفوف تیار کریں

مقدار وخوراک

ایک گرام صبح ایک گرام شام پانی
کے ساتھ استعمال کریں

فوائد

سوزاک کے لئے انتہائی مفید
وموثر ہے۔

(۱۵۹) اکسیر سوزاک

پھٹکڑی بریاں ۳۰ گرام
روغن صندل ۱۰ گرام
شورہ قلمی ۲۰ گرام

ل سفید ۲۰ گرام

ترکیب تیاری

تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں

مقدار خوراک: ایک گرام صبح و شام

فوائد

سوزاک کی لئے یہ سفوف مفید ہے

(۱۶۰) اکسیر شبی

گندھک آملہ سار ۱۰۰ گرام

جوکھار ۱۰۰ گرام

قلمی شورہ ۱۰۰ گرام

پھٹکڑی بریاں ۵۰ گرام

ترکیب تیاری: کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں

ترکیب استعمال

ایک گرام دن میں تین مرتبہ پانی کے ساتھ استعمال کریں

فوائد

سوزاک کے لیے انتہائی مفید ہے۔ اسی طرح پیشاب کے نمک سیلز کا خاتمہ کرتی ہے۔

میں گندھک اور قلمی شورہ کو ملا کر آگ پر رکھتا ہوں تاکہ قلمی شورہ کا پانی خشک ہو جائے۔

(۱۶۱) اکسیر غدود

قلمی شورہ ۱۰ گرام

سنگ یہود ۱۰ گرام

جوکھار ۱۰ گرام

نوشادر ۱۰ گرام

کلتھی ۱۰ گرام

تخم مولی ۱۰ گرام

تخم خرفہ ۱۰ گرام

تخم خیارین ۱۰ گرام

کاسنی ۱۰ گرام

اجوائن ۲۰گرام

ترکیب تیاری

تمام اشیاکو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں

مقدار و خوراک

۲گرام دن میں تین مرتبہ

فوائد

بنیادی طور پر یہ نسخہ عظم غدہ قدامیہ کے لئے ہے لیکن مثانے اور پیشاب کی نالی میں چھوٹے چھوٹے غدود ہوجاتے ہین ان کو ختم کرنے کے ساتھ پیشاب آور اور چھوٹی ریوں کے اخراج کیلئے مفید ہے۔

(۱۶۲) سفوف حصات

ہود ۵۰گرام

سرماہی ۵۰گرام

بریاں ۵۰گرام

نوشادر ۵۰گرام

پھٹکری بریان ۵۰گرام

تخم کلتھی ۵۰گرام

تخم سویہ ۵۰گرام

کاکنج ۵۰گرام

زیرہ سفید ۵۰گرام

ریوند چینی ۵۰گرام

کباب چینی ۵۰گرام

دانہ الائچی ۵۰گرام

لوناکھار ۵۰گرام

قلمی شورہ ۵۰گرام

ترکیب تیاری

تمام ادویہ کو کوٹ کر چھان کر رکھیں

مقدار و خوراک

ایک گرام سے دو گرام تک صبح و شام دیں

فوائد

ریگ، سنگ، گردہ مثانہ کے لئے
مفید ہے گردے کے درد میں بھی
مفید ہے۔

(۱۶۳) سفوف سنگ

مغز تخم خربوزہ ۱۲ گرام
نخواہ ۱۲ گرام
تخم کرفس ۱۲ گرام
تخم ترب ۱۲ گرام
زیرہ سفید ۱۲ گرام
مغز بادام تلخ ۱۲ گرام

ترکیب تیاری

سب کو کوٹ چھان کر سفوف تیار
کریں

مقدار خوراک

گرام جوشاندہ پر سیاؤشاں کے ساتھ
ل

منافع

سنگ گردہ مثانہ کو توڑنے کے لئے
عجیب الفعل ہے بشرطیکہ مریض کا
مزاج سرد ہو۔
حکیم جلیل احمد انصاری کا معمول
مطب رہا ہے۔ وہ اسے مجرب اور
آزمودہ کہتے ہیں۔

(۱۶۴) مطبوخ سنگ گردہ

گوکھرو ۴ گرام
بادیاں ۴ گرام
انیسون ۳ گرام
الائچی ۳ گرام
حب کاکنج ۳ گرام
پرسیاؤشاں ۳ گرام
دارچینی ۲ گرام
قرنفل ایک گرام
اکلیل الملک ۲ گرام
مصری ۵۰ گرام

ترکیب تیاری

سب کو نیم کوب کر کے ایک سیر تازہ پانی میں جوش دیں جب پانی ساتواں حصہ رہ جائے صاف کر کے حجرالیہود ۳گرام اس میں حل کریں اور معجون عقرب ۴گرام پہلے کھا کر اوپر سے یہ جوشاندہ پی لیں۔

فوائد

اخراج سنگ گردہ کی لئے بہت مفید ہے چند بار کی عمل سے بڑا اور سخت پتھر بھی ریزہ ریزہ ہو کر نکل آتا ہے بہت مفید مجرب ہے۔

(۱۶۵) معجون پیشاب روک

چ سیاہ ۲۰گرام

ٹھ ۳۰گرام

۵۰گرام

شیریں ۵۰گرام

سعد بلوط ۵۰گرام

دار فلفل ۵۰گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر سہ چند شہد میں ملا کر رکھیں

مقدار و خوراک

۳ سے ۵ گرام دیں

فوائد

پیشاب کی زیادتی کی لئے اکسیر ہے خواہ پیشاب دن میں ۵۰ مرتبہ آتا ہو۔

(۱۶۶) کرونیم کیپسول

کریلہ ۱۵۰گرام

نیم ۷۵گرام

تلسی ۷۵گرام

کٹکی ۳۵گرام

سونٹھ ۳۰گرام

گوگل مصفیٰ ۳۵گرام

ترکیب تیاری

تمام دوائوں کو کوٹ کر ۵۰۰ ملی گرام کے کیپسول بھریں

مقدار و خوراک

ایک کیپسول دن میں دو مرتبہ صبح و شام دیں اگر جن لوگوں کو کھانے کی دوائیں یا انسولین راس نہ آئے تو دن میں تین مرتبہ بھی دے سکتے ہیں

فوائد

یہ خاص کر ایسی ذیابیطس شکری کے لئے مفید ہی جن کو اکثر دوائوں سے فائدہ نہ ہو۔ انگلش دوائیں یا انسولین راس نہ آتی ہو یہ انگلش یا دیسی دوائوں کے ساتھ استعمال کی جا سکتی ہے۔ یہ دوا شانتی نگر ناگپور سے ایک کمپنی بناتی ہے ایسے موٹے لوگ جن کو سلفونائل یوریہ مت ہو وہ بھی استعمال کر سکتے ہیں

(۱۶۷) برائے ذیابیطس

تخم چاکسو ۱۰۰ گرام

پوست ہلیلہ زرد ۱۰۰ گرام

تخم سرس سیاہ ۱۰۰ گرام

تینوں ادویہ برابر وزن لے کر باریک سفوف بنالیں اور کیپسول درمیانہ سائز بھر لیں

مقدار و خوراک

دو کیپسول صبح دوپہر شام خالی معدہ لیں

فوائد

ذیابیطس کے اکثر اقسام میں مفید ہے۔ (حکیم پروفیسر صابر)

(۱۶۸) اکسیر صفوت

شنگرف مدبر ۱۰ گرام

واقعات عام ہیں پھر قاثاطیر ڈالنی
پڑتی ہے بہرحال زہرہ کا کشتہ یا
صدف سادہ کا نسخہ معمولی فائدہ کرتا
ہے میں اسے جوشاندہ گلسندین ہمدرد
کے ساتھ دیتا ہوں جس سے کافی
افاقہ ہوتا ہے۔

بخار

بخاروں کے لاتعداد اقسام ہیں اطباء
قدیم نے بخاروں پر خصوصی توجہ دی
تھی حمیات قانون اس سلسلے میں
اہم ہے حکیم شریف خان نے اس
پر حاشیہ لکھا تھا۔ حکیم کبیرالدین اور
اور حکیم رضوان احمد نے اس کے
تراجم کیے تھے۔ حکیم کبیرالدین
نے جدید سائنسی معلومات بھی دی
تھی لیکن طب میں بخار کو ختم کرنے
میں کافی دن لگ جاتے ہیں ملیریا
کے طب میں الگ الگ اقسام
ہیں جبکہ میعادی بخار کا علاج بھی
کافی دشوار تھا۔ طب جدید میں کلورو
مائیسین کی ایجاد کے بعد میعادی بخار
کا علاج آسان ہو گیا اور ہفتے میں
مریض تندرست ہوجاتے ہیں لیکن
اچانک یہ نوید سننے میں آئی کہ
کلورومائیسین سے بلڈ کینسر ہو
سکتا ہے یورپ میں تو مکمل پابندی
لگ گئی البتہ پاکستان میں اب بھی
دستیاب ہے۔ کئی ایک اینٹی
بائیوٹک دوائیں ایجاد ہوچکی ہیں۔ جن
سے بھی میعادی بخار ختم ہوجاتا ہے
لطیفی دواخانے میں مستعمل میعادی
بخار کا جوشاندہ بھی بڑا ہی مؤثر نسخہ
ہے اسی طرح دوسرے نسخے بھی
فوری فائدہ کرنے والے ہیں۔ لیکن
ملیریا کا مکمل علاج اب بھی کافی

... کے لئے مفید
ہے۔آج سے ۳۰ سال پہلے یہ نسخہ
بناتا تھا بڑا موثر نسخہ ہے قوت باہ کی
کمی اور ذیابیطس شکری میں درمیانہ
فائدہ ہوتا ہے۔

(۱۷۰) کشتہ خرمہرہ قدامی

خرمہرہ زرد خرید کر آگ دے کر کشتہ
کریں

مقدار و خوراک

۵۰ ملی گرام کیپسول بھر کر رکھیں

فوائد

...م غدہ قدامیہ یعنی پراسٹیٹ گلینڈز
... لئے مفید ہے حکیم احمد بخش
...ب موصوف دعویٰ سے لکھتے
...ر پراسٹیٹ گلینڈز کے بڑھنے
...سیر ہے۔ بقول ان کے کہ ان
...ول مطب رہا ہے سینکڑوں

مریضوں کا جو اپریشن کے لئے تیار
تھے بغیر اپریشن کے ان کا کامیاب
علاج کیا (مطب و نسخہ نویسی)
ماہنامہ مشیر الاطبا کے سالنامے میں
سیپ سادہ کے کشتے سے ورم غدہ
قدامیہ کا علاج درج کیا گیا تھا اس
لئے قرشی دواخانے والوں
نے پراس ٹینال کے نام سے اسی
مرض کی دوا تیار کی اور مشتہر کیا ہے اکثر
طبیب اسے استعمال کرتے ہیں
لیکن فائدہ اتنا نہیں ہوتا پہلی بات یہ
ہے کہ ورم غدہ قدامیہ اور عظم غدہ
قدامیہ دو الگ الگ تکالیف ہیں
لازم ہے کہ ورم کی صورت میں
تکلیف اور درد ہونا لازمی امر ہے
لیکن عظم غدہ قدامیہ عمر کی ساتھ بڑھتا
ہے اس میں بخار اور درد شدید نہیں
ہوتا البتہ پیشاب بند ہونے ...

کشتہ بیضہ مرغ ۱۰ گرام

کشتہ مرجان ۱۰ گرام

کشتہ قلعی ۱۰ گرام

کشتہ سیسہ ۱۰ گرام

پھٹکڑی سفید ۱۰ گرام

کچلہ مدبر ۲۰ گرام

تخم دھتورہ ۱۰ گرام

باشیر ۲۰ گرام

لائچی خورد ۲۰ گرام

ل دراز ۲۰ گرام

ب ۲۰ گرام

ل کے پانی ۲۵۰ ملی لٹر میں کھرل

ے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں

مقدار و خوراک

گولی صبح و شام پانی کے ساتھ

ل کریں

فوائد

وزاک کی بیماری میں مفید ہونے کے

ساتھ مردانہ قوت کی لئے بھی مفید

ہے۔ یہ نسخہ سندھ طبیہ کالج کے

وائس پرنسپل سید صفوت حسین نے

عطا کیا تھا۔

(۱۶۹) قرص ذیابیطس علوی

بلادر ۶۰ گرام

ہیراکس ۶۰ گرام

ہڑ سیاہ سوختہ ۳۶۰ گرام

حرمل ۴۲۰ گرام

ترکیب تیاری

سب کو باریک کرکے شہد کی مدد

سے چھوٹے چھوٹے قرص بنائیں

مقدار و خوراک

۲۵۰ ملی گرام سے ۵۰۰ ملی گرام تک

قرص تازہ پانی سے دیں

فوائد

مشکل ہے پرانے ملیریا بخار میں بڑا دواخانہ فیصل آباد کا بخار توڑ موثر دوا ہے اسی طرح ،اشرف کا بخار روک اور قرشی کا تریاق بخار اور ہمدرد کا ملیرین کامیاب مرکبات ہیں لیکن ملیریا کا مکمل علاج ہنوز مشکل نہیں ہے۔ ممکن ہے کسی طبیب کی پاس ملیریا کا فوری علاج موجود ہو لیکن ہمارے مریض بھاگ جاتے ہیں البتہ مزمن ملیریا میں ہماری دوائیں اچھا کام کرتی ہیں۔

(۱۷۱)جوشاندہ بخار

عناب ۵ گرام

مویز منقیٰ ۵ عدد

مکو خشک ۵ عدد

بادیاں ۵ گرام

خاکشی ۵ گرام

مرچ سیاہ ۵ دانہ

ذرشک ۵ گرام

گلو ۵ گرام

برگ بکائن ۳ گرام

ترکیب استعمال

ڈیڑھ گرام پانی میں جوش دیکر چھان کر پلائیں

فوائد

بنیادی طور پر یہ نسخہ ہمدرد انڈیا کا ہے لیکن راقم الحروف نے اس میں تین چیزوں کا اضافہ کیا ہے ذرشک ،برگ بکائن، گلو ان تینوں چیزوں کے اضافے سے نسخہ انتہائی موثر ہو گیا ہے دو تین دن کے اندر بخار ختم ہوجاتا ہے ۲۱ دن پلانا ضروری ہے ایسے لوگ جن کی وڈال ٹیسٹ یا ٹاء فاء ڈاٹ مثبت ہو۔ اور مختلف تکالیف میں مبتلا ہوتے ہوں ان کو

بھی حیرت انگیز فائدہ ہوتا ہے ہمدرد
کے مطابق ان کے نسخے سے ۷ سے
۱۰ دن میں افاقہ ہو جاتا ہے خسرہ میں
بھی مفید ہے اگر بخار کے ساتھ اسہال
ہوں تو سَتّی نکال کر اور زیرہ سفید کا
اضافہ کیا جاتا ہے اسی طرح پیچش کی
صورت میں ریشہ خطمی بڑھا دیا جاتا
ہے کھانسی کی صورت میں اصل
السوس یا برگ اڑوسہ کا اضافہ کیا جاتا
ہے ورم جگر کی موجودگی میں تخم
کشوث کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ اگر
کمزوری زیادہ محسوس ہو رہی ہو تو
دواء المسک معتدل جواہر والی کشتہ
گئودنتی کے ساتھ دی جائے۔

(۱۷۲)۔ جوشاندہ بخار مزمن

برنجاسف ۳ گرام
دمانسہ ۳ گرام
بادآورد ۳ گرام
خاکشی ۳ گرام
برگ گاؤزبان ۳ گرام
اصل السوس ۵ گرام

ترکیب استعمال

ڈیڑھ کپ پانی میں بھگو کر جوش دے
کر چھان لیں پھر حسب ضرورت
شکر یا شربت ملا کر دیں

فوائد

یہ نسخہ خاص کر ان حالتوں میں مفید
پایا گیا ہے کہ جب مرض سل ریوی
میں مبتلا ہو مگر ساتھ ہی جگر بھی متاثر
ہو گیا ہو اگر جگر متاثر نہ ہو تو پھر بھی یہ
نسخہ پرانے بخار کے لئے مفید
ہے۔ اس نسخے کو آنتوں کی دق میں
بھی استعمال کیا جاتا ہے اور مفید نتائج
برآمد ہوتے ہیں اگر کھانسی نہ ہو تو صبح
اور شام، کے وقت مفرح بارد سادہ یا
بخار کا کوئی مرکب ٹی بی کی صورت

بی سب بھی دیے جا سکتے ہیں۔
بہرحال یہ نسخہ پرانے بخاروں کی لئے
بھی علاج ہے چاہے تشخیص بھی
ممکن نہ ہو۔

(۱۷۳) سفوف اتیس

اتیس شیریں ۵۰ گرام
دانہ الائچی خورد ۵۰ گرام
طباشیر عمدہ ۵۰ گرام
کوزہ مصری ۵۰ گرام

ترکیب تیاری

تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر باریک پیس کر چھان لیں۔

مقدار و خوراک

۲۵۰ ملی گرام سے ۵۰۰ ملی گرام تک

(فوائد

یہ ایک عجیب و غریب کم خرچ نسخہ ہے جس سے ہمارے زیر علاج کئی مریض شفایاب ہو چکے ہیں اور ہمارا معمول مطب نسخہ ہے اس دوا کا خاصہ ہے کہ سوائے دق کے ہر قسم کے بخار کو ایک ہفتے کے اندر بالکل رفع کر دے گا۔ اگر ہفتے تک بخار رفع نہ ہو تو یقیناً تپ دق ہے اگرچہ تپ دق میں کمی ہو جائے گی۔ یہ نسخہ دراصل ماہنامہ الحکیم اور ہمدرد صحت دہلی میں شایع ہوا تھا۔ اس کے بعد حکیم رفیق احمد حجازی نی اپنی کتابون میں اسے جگہ دی۔ پھر حکیم ایوب صدیقی نے مطب و نسخہ نویسی میں درج کیا۔ راقم الحروف کو ۲۰ سال کی عمر تک بار بار بخار ہوتا رہتا تھا میں نے یہ نسخہ کنزالعلاج سے نقل کر کے بنا کر استعمال کیا اس کے بعد بخار نہیں ہوا۔ اس کی بعد حکیم محمد ایوب صدیقی نے اس میں مزید

اضافہ کیے ان کا کہنا ہے کہ یہ
تپ دق وسل میں مندرجہ ذیل نسخے
سے استعمال کراتے ہیں

دھنیا خشک ۶ گرام،
آملہ ۶ گرام
شاہترہ ۶ گرام
برگ بانسہ ۶ گرام
مویز منقی ۶ گرام

رات کو ایک پاؤ پانی میں بھگوئیں
صبح مل چھان کر نصف حصے میں شہد
خالص ۶ گرام اور دو تولہ کوزہ مصری
ملا کر مذکورہ بالا سفوف کی ہمراہ استعمال
کریں دن میں تین بار اس کے
استعمال سے بخار کھانسی اور خون آنا
ایک ہفتے کے اندر اندر رفع ہو جاتا
ہے اگر خون زیادہ آرہا ہو، تو کھار بانسہ
۵۰۰ ملی گرام دن میں دو بار اسی
جوشاندہ کے ساتھ نفث الدم
کے لئے اکسیر ہے۔ اور تپ محرقہ
میں بھی مفید ہے

(۱۷۴) مسیحائی

پوست درخت نیم آدھ کلو
گلو خشک آدھ کلو
چرائتہ ایک پاؤ پختہ
افسنتین رومی نصف پاؤ
پانی ساڑھے سات سیر پختہ

ترکیب تیاری

تمام دوائیوں کو کوٹ کر پانی میں ڈالکر
اتنی مدت تک ابالیں کہ باقی ۲ سیر رہے
تب پانی کو چھان کر نرم آگ پر گاڑھا
قوام تیار کریں اس کے بعد اس میں
فیری ایٹ کونین امونیم سائٹراس ۲
گرام
مغز کرنجوہ ۳۰ گرام
کو ڈال کر گولیاں بقدر نخود تیار کریں

مقدار خوراک

یک گولی صبح دوپہر، رات کو دیا کریں
اگر کسی مناسب بدرقے سے دیں تو
بہتر ہے۔

فوائد

تپ لرزہ کو فی الفور روکتا ہے۔ اعلیٰ
درجے کی مصفی خون بھی ہے۔ جس
کے استعمال سے ہر قسم کا فسا خون
بھی دور ہو جاتا ہے۔

امراض جلد

امراض جلد کا علاج کافی دشوار ہوتا
ہے۔ حالانکہ ایلوپیتھک اپنی تمام تر
کوششوں کی بعد بھی امراض جلد میں
مطلوبہ کامیابی حاصل نہیں کر سکے
ہیں۔ یہاں تک کہ یک بچہ عمر ۱۲
سال کو عضو تناسل پہ خارش تھی ساتھ
میں بھی پھیل چکی تھی میرے
پاس لایا گیا۔ حیدرآباد کے تمام اسکن
اسپیشلسٹ سے علاج کرا کر تھک
چکے تھے۔ راقم الحروف نے اس
بچے کا علاج کیا دو ہفتے میں مکمل
صحتیاب ہو گیا اب وہ بچہ جب بھی
بیمار ہوتا ہے تو یونانی علاج کی ضد کرتا
ہے۔ میں نے اپنے بہترین نسخے
دیے ہیں، حتیٰ کہ سورائیسس کا خوردنی
نسخہ بھی اس کتاب میں، میں نے
لکھ دیا ہے گو یہ نسخہ مکمل علاج نہیں
تاہم کافی لوگوں کی تکلیف کم ہو جاتی
ہے۔ اسی طرح کافی اہم نسخے آپ
کو ملیں گے جو کہ آپ کو کتابوں میں
دستیاب نہیں۔

(۱۷۵) سفوف درسی

ریکپور ۱۰ گرام
مٹی کتھ ۱۰ گرام

نشاستہ ۱۰ گرام

سفید مرچ ۱۰ گرام

طباشیر ۱۰ گرام

دانہ الائچی کلاں ۱۰ گرام

ترکیب تیاری

تمام اشیا کو الگ الگ باریک پیس کر ملا کر ۸ گھنٹے کھرل کر کے رکھیں۔

مقدار و خوراک

چھوٹے کیپسول بھر کر ایک کیپسول روزانہ مکھن یا کسی مناسب بدرقہ سے لیں۔

فوائد

...رحم کے زخم، خارش، پیدائزخم اور ...زخم کی وجہ سے اولاد نہ ہو اس کے ...لئے مفید ہے۔

...نسخہ لطیفی دواخانے میں کثرت ... بنایا جاتا ہے۔ ایک حکیم صاحب بواسیر کا علاج سم الفار سے کرتا ہے اگر زخم ہو جائیں تو یہ دوا لیکر اپنے مریضوں کو استعمال کراتا ہے الحمدللہ اس سے کافی مریض تندرست ہو جاتے ہیں۔

(۱۷۶) شربت کرامات

عشبہ مغربی ۲۵ گرام

چرائتہ ۶۰ گرام

ہڑ ۶۰ گرام

سنڈی بوٹی ۶۰ گرام

صندل ۲۵ گرام

نیلوفر ۲۵ گرام

عناب ۵۰ گرام

بنفشہ ۲۵ گرام

چھال نیم ۱۲۰ گرام

دھماسہ ۱۲۰ گرام

ترکیب تیاری

تمام اشیا کو چار سیر گرم پانی میں بھگو کر
دوسرے دن ابال کر جب تین پاؤ
پانی رہے تو ایک کلو چینی ڈال کر
قوام کرکے شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک

۲۵ ملی لٹر پانی میں ملا کر پلائیں

فوائد

یہ شربت اعلیٰ درجے کا مصفی خون
ہے اس کی علاوہ عورتوں کے دودھ
کی ہر قسم کی خرابی کی لئے مفید ہے۔

(۱۷۷) مصفی خون گولیاں

تھ سفید ۵۰ گرام
ریوند چینی ۵۰ گرام
سوت ۵۰ گرام
پاکسو ۵۰ گرام
رکچور ۵۰ گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر شہد کے ہمراہ بقدر نخود
گولیاں تیار کریں

ترکیب استعمال

ایک گولی صبح ایک گولی شام پانی
کے ساتھ استعمال کریں

فوائد

یہ گولیاں ہر قسم کے
پھوڑے پھنسیاں اور خارش کو دور کر
کے خون صالح پیدا کرتا ہے۔

نوٹ : ریوند چینی کی علاوہ یہ نسخہ
ہمدرد والے بطور غیسانده استعمال
کراتے ہیں یہ نسخہ بنیادی طور پر
رباحیات یوسفی کا ہے۔ لیکن اس
میں ریوند چینی نہیں ہے۔ ریوند چینی
جگر کی اصلاح کرتی ہے اس لئے
اس کے فوائد میں اضافہ ہو گیا ہے۔

(۱۷۸) جلجلان

نگند بابری ۲۰ گرام

فلفل سیاہ ۲۰ گرام

سونٹھ ۲۰ گرام

بادیان بیج ۲۰ گرام

شاہترہ ۲۰ گرام

ہلیلہ سیاہ ۲۰ گرام

پوست ہلیلہ زرد ۲۰ گرام

ایلوا ۲۰ گرام

کوٹ چھان کر حسب معمول ۵۰۰ ملی گرام کی گولیاں تیار کریں

مقدار و خوراک

ایک یا دو قرص پانی کے ساتھ صبح و شام کھائیں

یہ نسخہ اجمل دواخانہ بناتا ہے

(۱۷۹) حب کبریت

گندھک آملہ سار

مرچ سیاہ، ہر ایک ۳۰ گرام

نمک لاہوری ۲۰ گرام

لیموں کے رس میں کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں

مقدار و خوراک

دو سے تین گولیاں کھانا کھانے کے بعد پانی سے کھائیں

فوائد

خون صاف کرنے خارش اور جلدی امراض میں مفید ہے

(۱۸۰) نقوع مصفیٰ

گل منڈی ۵ گرام

عناب ۵ گرام

نگند بابری ۵ گرام

برہم ڈنڈی ۵ گرام

عشبہ مغربی ۵ گرام

ہرن کھری ۵ گرام

چرائتہ ۵ گرام

برادہ شیشم ۵ گرام

[illegible] مصفیٰ ۵ گرام

ترکیب تیاری

رات کو ڈیڑھ پاؤ نیم گرم پانی میں بھگوکر رکھیں صبح اتنا جوش دیں کہ ایک تہائی پانی رہ جائے پھر مل چھان کر نبات سفید ۲۰ گرام ملاکر پلائیں

فوائد

فساد خون اور جذام و آتشک میں مفید ہے یہ شریفی خاندان کا مجرب نسخہ ہے۔ بڑا موثر ہے نگند بابری اصلی ہونی چاہئے پنساری بکن بوٹی دیتے ہیں۔

(۱۸۱) جوشاندہ مصفی خون

رسوت ۳ گرام

چاکسو ۳ گرام

نرکچور ۳ گرام

کتھ سفید ۳ گرام

یہ ایک وزن ہے

ترکیب استعمال

ڈیڑھ کپ گرم پانی میں رات کو دوائیں بھگوکر اور ہلاکر رکھ دیں صبح ہلکا جوش دیکر چھان کر استعمال کریں۔ اشد ضرورت میں دو مرتبہ استعمال کیا جا سکتا ہے۔

فوائد

امراض فساد خون میں اس نسخے کو مفید پایا گیا ہے۔ بدن پر خارش پھوڑے پھنسیاں، داد، چنبل، وغیرہ حالتوں میں اسے کامیابی کے ساتھ دیا جا سکتا ہے اس کے ساتھ مقامی طور پر دوسرے مرہم بھی استعمال کرائے جا سکتے ہیں اس نسخے کے ۱۵ دن استعمال کے بعد ایک ہفتہ جوہری کا

خارج ہونے کے ساتھ وہاں سے کالے دانے نکلتے ہوں اور مریض کو شدید تکلیف ہو اس نسخہ کو ضرور استعمال کریں لیکن مریض کو یہ ضرور بتلائیں کہ اس سے شدید تکلیف ہوتی ہے۔

نسخہ مبارک اس طرح ہے

(۱۸۴) اکسیر نگرہ

سم الفار زرد ۳ گرام

سم الفار سفید ۳ گرام

توتیہ ۳ گرام

کوئلہ بیخ مدار ۳ گرام

پارہ ۲۵۰ ملی گرام دو عدد لیموں کے رس میں کھرل کر کے خشک کریں اس کے بعد ایک چاول نگرے کے سوراخ یا زخم میں ڈالیں۔ اس سے شدید درد ہو گا اس کی پرواہ نہ کریں جب تک کالے دانے نکلتے رہیں دوا ڈالتے رہیں۔ جب زخم کھل جائے تو مندرجہ ذیل مرہم لگائیں۔

چونا

پھٹکڑی سفید

سرخ پھٹکڑی

دیسی سیاہ صابن

ریوند خطائی

توتیہ

ہر ایک ہموزن الگ الگ کوٹ کر۔ صابن ملا کر رکھیں۔ اس کی بعد کپڑے پر لگا کر نگرے کے زخم پر رکھیں۔ انشاءاللہ کالے دانے آنے بند ہو جائیں گے

(۱۸۵) عرق برص

ہلدی خام ایک کلو

پوست درخت نیم کلو

پاس بھی نہ تھے۔ لیکن تینوں طبوں
کی دوائیں چلاتے تھے۔ لوگ ان
کے بہت معتقد تھے۔ پنسار کا
سامان وہ مجھ سے خریدتے تھے وہ ناتا
انہوں نے مرنے تک نبھایا۔ میں
نے خود اس کے ایسے مریض دیکھے
جو کہ انتہائی خراب اور اپریشن جیسے
بھی نہ تھے بس کاٹنے کی سوا کوئی
راستہ نہ ہوتا تھا۔ بڑے معرکے کے
علاج کیے

لوگوں کہ وہ ڈیلٹا کارٹل کثرت سے
استعمال کراتے تھے بہرحال ان کی
ہاتھ میں شفا تھی۔ ان کے پاس میں
نے ایسے مریض دیکھے جن کے
پیروں میں سوراخ ہوتے تھے ان
میں سے پانی رستا تھا اور اس کی ساتھ
کالے دانے نکلتے تھے۔ ان
مریضوں کو دوا لگانے کی دیتے تھے
لیکن مریض شدید جلن اور تکلیف
کا ذکر کرتے تھے بعض اوقات وہ
تکلیف برداشت کے قابل نہیں
ہوتی تھی۔ لیکن وہ مرض بھی کم
تکلیف دہ نہیں ہوتا تھا مرتا کیا نہیں
کرتا۔ بہرحال میں نے کئی مریض
تندرست ہوتے دیکھے۔ حکیم
صاحب اس مرض کو نگرہ کہتے تھے
چونکہ مجھ سے دوستانہ تعلقات ہو
گئے تھے۔ اس لئے مجھے کہا کہ
نگرے کا علاج لکھ لو اس کا کسی طب
میں علاج نہیں ہے۔ میں نے وہ
طریقہ علاج نوٹ کرلیا لیکن مریضوں کو
شدید تکلیف ہوتی ہے۔ اب طویل
عرصہ ہوا ہے، کوئی ایسا مریض نہیں
آیا اس لئے میری طبیبوں سے
گذارش ہے کہ ایسے مریض جن کے
پاؤں میں سوراخ ہوں اور رطوبت

استعمال کیا جائے تو خون کا کاہن
ٹیسٹ منفی ہو جاتا ہے۔ اور آتشک
زائل ہو جاتی ہے۔ یہ مکمل نسخہ
رباعیات یوسفی کا ہے جس کی شرح
مجھے میرے دیرینہ دوست حکیم
لقمان حامی نے دی تھی بڑی مفید
کتاب ہے۔ ہمدرد انڈیا اور ہمدرد
پاکستان کے مطب میں کثرت سے
مستعمل ہے

(۱۸۲) اکسیر ایکنی

گندھک ۵ گرام
پارہ ۵ گرام
ترپھلہ ۵،۶۶۰ گرام
کوکل ۵،۶۶۰ گرام
سب کو ملاکر پہلے گندھک اور پارہ کو
کھرل کریں جب کجلی تیار ہو
جائے اس کے بعد ترپھلہ ملاکر کھرل
کریں آخر میں گوگل ملاکر ۲۵۰ ملی گرام
کی گولیاں تیار کریں

ترکیب استعمال

صبح و شام دو گولیاں دیں

فوائد

مہاسوں کے لئے انتہائی مفید ہے

(۱۸۳) نگرہ کا علاج

اس مرض کو میں ابھی تک نہیں
سمجھ سکا ہوں نہ ہی کتابوں میں اس کا
ذکر پڑھا ہے نہ ہی کبھی موقعہ ملاکہ
کسی ڈاکٹر سے اس مرض کے متعلق
معلومات حاصل کروں۔ ہمارے
علاقے یعنی ٹنڈو محمد خان سے ۲۰ کلو
میٹر دور حکیم عبدالعلی رہتے تھے،
کوالیفائد طبیب بھی نہ تھے۔ لیکن
کسی زمانے میں اس کی پاس دوسو
کے قریب مریض آتے تھے، میٹرک

خارج ہونے کے ساتھ وہاں سے
کالے دانے نکلتے ہوں اور مریض کو
شدید تکلیف ہو اس نسخے کو ضرور
استعمال کریں لیکن مریض کو یہ ضرور
بتلائیں کہ اس سے شدید تکلیف
ہوتی ہے۔
نسخہ مبارک اس طرح ہے

(۱۸۴) اکسیر نگرہ

سم الفار زرد ۳ گرام
سم الفار سفید ۳ گرام
توتیہ ۳ گرام
کوئلہ بیخ مدار ۳ گرام
پارہ ۲۵۰ ملی گرام دو عدد لیموں کے
رس میں کھرل کر کے خشک کریں
اس کے بعد ایک چاول نگرے
کے سوراخ یا زخم میں ڈالیں ۔اس
سے شدید درد ہو گا اس کی پرواہ نہ
کریں جب تک کالے دانے نکلتے
رہیں دوا ڈالتے رہیں۔جب زخم
کھل جائے تومندرجہ ذیل مرہم
لگائیں۔
چونا
پھٹکڑی سفید
سرخ پھٹکڑی
دیسی سیاہ صابن
ریوند خطائی
توتیہ
ہرایک ہموزن الگ الگ کوٹ کر
۔صابن ملاکر رکھیں ۔اس کی بعد
کپڑے پر لگاکر نگرے کے زخم پر
رکھیں۔ انشاءاللہ کالے دانے آنے
بند ہو جائیں گے

(۱۸۵) عرق برص

ہلدی خام ایک کلو
پوست درخت نیم کلو

گل منڈی ایک کلو

گڑ سیاہ ایک کلو

ایک مٹکے میں ڈال کر پانی بھر کر گھوڑے کی لید میں دفن کریں اور دو ہفتے کے بعد نکال کر ۴۸ بوتل عرق کشید کریں

مقدار و خوراک

۱۲۰ ملی لٹر صبح و شام استعمال کریں

فوائد

برص کے مجرب و معمول ہے بشرطیکہ ۳ سے ۴ ماہ استعمال کیا جائے اگر تمام بدن بھی سفید ہو گیا ہو تو اس کے استعمال سے بامراللہ تعالیٰ حالت اصلی پر آجائے گا۔ یہ نسخہ بڑی بیاض حکیم شریف خان کا ہے اس کے بعد حکیم جلیل احمد انصاری نے انتخاب جلیل میں لکھا۔ انہوں نے تجربہ کیا اور مفید ہونے کی تصدیق کی میں نے بھی یہ ہی نسخہ آزمایا لیکن لوگ درمیان مین ہی بھاگ جاتے ہیں حکیم ایس ایم اقبال کالم نگار طبی اخبار جہاں نے بھی اس کا بارہا مفید ہونا بیان کیا ہے لیکن میرے تجربے میں مطب میں چلانے کی لئے موزون نہیں البتہ مریض کو پہلے سے طویل استعمال کے لئے آمادہ کرنا ضروری ہے۔

(۱۸۶) سفوف برص

بابچی ۷۰ گرام

بلیلہ سیاہ ۷۰ گرام

سونٹھ ۱۰ گرام

ترکیب تیاری

تمام اشیا کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں

مقدار و خوراک

ایک گرام دن میں تین مرتبہ

فوائد

برص کے لئے مفید ہے لیکن فوائد
کا انتظار کرنے کے لئے کئی ہفتے
درکا ہیں یہ ریسرچ بیس نسخہ ہے
ہندستان میں ۴۰۰ مریضوں پر ٹرائیل
کیا گیا نتائج ۷۰ فی صد رہے ۔ اسی نسخے
کو حکیم عبدالحنان پرنسپل ہمدرد طبیہ
کالج نے بھی اپنی ایک کتاب میں
درج کیا ہے ۔ میرا خیال ہے کہ
برصینا ہمدرد بھی شاید اسی نسخے پر
مشتمل ہے یہ میرا اندازہ ہے یقینی
بات نہیں ۔

(۱۸۷) سفوف مصفی خون

شورہ قلمی ۸۰ گرام
گندھک ڈنڈا ۸۰ گرام
گیرو ۸۰ گرام
پارہ مصفیٰ ۵ گرام

پارہ کی سوا باقی تمام ادویات کو باریک
رکھیں پھر کڑاہی آہنی کو گھی سے چپڑ
کر آگ پر رکھیں اور گندھک باریک
شدہ ڈال دیں جب تیل بن جائے
اس میں پارہ ڈال دیں اور کسی لوہے
کی چیز سے ہلاتے رہیں جب
گندھک اور پارہ غلیظ سیاہ رنگ
ہوجائے تو قلمی شورہ مذکورہ ڈال دیں
جب شورہ پگھل جائے اور خشک
ہونے کی قریب ہو تو گیرو ڈال دیں
اور اچھی طرح ملا کر نیچے اتارلیں سرد
ہونے پر باریک پیس لیں

مقدار و خوراک

۲ گرام سے ۶ گرام تک صبح و شام
پانی سے دیں

فوائد

(۱۹۱) کشتہ ناسور

سنگجراحت ۱۲۰ گرام
پھٹکڑی ۱۲۰ گرام
دونوں اجزا کو سحق کر کے ۱۰ سیر اوپلوں
کی آگ دے کر کشتہ تیار کریں، مذکورہ
کشتے میں گیرو اصلی ۹ گرام
سندھور ۳ گرام
دم الاخوین ۱۲ گرام ملا کر محفوظ رکھیں

ترکیب استعمال

۲۵۰ ملی گرام سے ۵۰۰ ملی گرام تک
ہمراہ مکھن یا مناسب بدرقے سے
استعمال کریں

فوائد

کثرت طمث جریان خون، ناسور کے
لئے مفید ہے اور دافع عفونت ہے
حکیم محمد ایوب صدیقی مطب و نسخہ
نویسی میں لکھتے ہیں حکیم دوست محمد
صاحب ضلع ہزارہ کا تجربہ شدہ
ہے۔ فرماتے ہیں کہ ناسور کے لئے
اس سے بڑھ کر آج تک میرے
تجربے میں کوئی نسخہ نہیں آیا
پھوڑے پھنسی کی لئے مفید دوا ہے
خنازیر میں مفید ہونے کے ساتھ
سوزاک کے لئے بھی مفید ہے۔

(۱۹۲) خارشی مرہم

گندھک آملہ سار ۱۰ گرام
سندھور ۱۰ گرام
مردار سنگ ۱۰ گرام
بورک ایسڈ ۱۰ گرام
زنک آکسائیڈ ۱۰ گرام
کافور ڈٹول ۱۰ گرام
ویزلین ۲۰۰ گرام

ترکیب تیاری

(۱۸۹) اکسیر بالچر

یاست سفید، سانپ تمس کے تیل
میں جلا کر کھرل کر کے حل کریں

ترکیب استعمال

صبح و شام لگائیں بالچر کیلئے مفید
ہے۔

(۱۹۰) تریاق مہاسے

کت دریا ۲۰ گرام
بادام تلخ مقشر ۲۰ گرام

ترکیب تیاری

دونوں کو پیس کر رکھیں

ترکیب استعمال

رات کے وقت بطور لیپ منہ پر
لگائیں۔ علی الصبح گرم پانی سے
دھوئیں۔ مہاسے کو ختم کرتا ہے۔

(۱۹۰) اکسیر دق

سونٹھ ۱۰ گرام
کچلہ مدبر ۲۰ گرام
مرچ سیاہ ۱۰ گرام

ترکیب تیاری

سب کو باریک پیس کر لعاب
گھیکوار میں چار پہر کھرل کریں اس
کے بعد چنے کے برابر گولیاں بنائیں

ترکیب استعمال

ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ
آب تازہ، دودھ کے خوب استعمال
کریں

فوائد

دق خواہ ۱۵ سالہ کیوں نہ ہو اس کے
لئے بہت مفید ہے۔ علاوہ ازیں
دائمی قبض، بدہضمی اسہال معدی
ضعف معدہ ضعف اعصاب خرابی
خون میں مفید ہے۔

مردار سنگ اور گندھک کو پیس کر اس

میں سندھور زنک بورک ایسڈ کو شامل

کر کے پھر ویزلین داخل کریں سب کو

ملا کر اچھی طرح کھرل کریں آخر میں

کاربولک ایسڈ کو شامل کر کے ویزلین

ملا کر مرہم تیار کریں۔

ترکیب استعمال

صبح و شام مقام خارش پر تھوڑی سی

مرہم لگائیں

فوائد

ہر قسم کی خارش خواہ خشک ہو یا تر

سب کے لئے سو فیصد مجرب ہے

ہفتے کے اندر فائدہ ہو جاتا ہے۔

(۱۹۳) شیاف داد

گوگل

گندھک آملہ سار

سانگ بریاں

ہر ایک ۱۰ گرام

ترکیب تیاری

عرق لیموں میں پیس کر شیاف بنائیں

ترکیب استعمال

بوقت ضرورت آب لیموں یا حقہ کی

پانی میں گھس کر لگائیں

فوائد

پرانے سے پرانے داد میں مفید

ہے۔

(۱۹۴) ضماد جرب

گندھک آملہ سار

نیلا تھوتھیا

مردار سنگ

ہر ایک ۲۴ گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر رکھیں

ترکیب استعمال

روزانہ ۱۰ گرام سے ۲۰ گرام تک مکھن ۶۰ گرام میں ملا کر دھوپ میں بیٹھ کر بدن پر مالش کریں ایک گھنٹے کے بعد مہندی اور چینی کا آٹا ملا کر نیم گرم پانی سے غسل کریں۔

(۱۹۵) مرہم خارش جدید

مہندی پسی ہوئی ۳۵ گرام

سفیدہ کاشغری ۲۵ گرام

سنگ جراحت ۲۵ گرام

کافور ۲۵ گرام

کتھ سفید ۲۵ گرام

کمیلہ ۲۵ گرام

گندھک ۵۰ گرام

مردار سنگ ۲۵ گرام

سفید ویزلین ۱۲۵ گرام

ترکیب تیاری

مردار سنگ اور کافور کے سوا تمام اشیا کو کوٹ چھان کر مردار سنگ کھرل میں باریک پیس کر اس کے بعد کافور ملا کر اور دوسری اشیا ملا کر مرہم تیار کر کے رکھیں

ترکیب استعمال

بدن میں جہاں بھی خارش ہو وہاں لگائیں دانوں پر بھی لگا سکتے ہیں

فوائد

پرانی یا نئی خارش دونوں میں مفید ہے۔

(۱۹۶) سفوف پسینہ

گل آم شگفتہ ۶۰ گرام

جاوتری ۳۰ گرام

کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں

مقدار و خوراک

۵ گرام صبح و شام کھلائیں

فوائد

اگر اس کو دو ہفتہ استعمال کیا جائے تو
اعضاء زبان اور پسینے سے خوشبو آنے
لگتی ہے گو یہ اثرات بہت جلد ظاہر
ہونے لگتے ہیں لیکن اس کو جس قدر
زیادہ دنوں تک کھایا جائے اس قدر
بہتر ہے۔

(۱۹۷) کشتہ سم الفار سربی

سم الفار سفید ۱۰ گرام
سندھور ۸۰ گرام

ترکیب تیاری

ایک کڑاہی میں نیچے اوپر سندھور اور
درمیان میں سم الفار رکھکر کوئلوں کی
آنچ میں رکھدیں اور خیال رکھیں
کہیں سے دھواں نکلے فوراً سندھور سے
بند کردیں آٹھ گھنٹے میں سم الفار پھول
جایگا۔ پھر سرد کرکے نکال کر
رکھیں۔ دودھ تھوہر میں کھرل کرکے
قرص بناکر دو پیالوں میں گل حکمت
کرکے ۱۰ سیر پختہ جنگلی اوپلوں کی آگ
دیں سرد ہونے پر نکال کر پیس کر
رکھیں

مقدار و خوراک

ایک چاول مکھن میں ملاکر دیں

فوائد

جذام اور آتشک کے لئے مفید ہے
حکیم یوسف حسن راولپنڈی کا کہنا ہے
کہ اس نے جذام کا ایک مریض اس
سے درست کیا تھا۔ وہ تھوہر کے
دودھ سے بنایا گیا تھا۔ لیکن بعد کے
تجربات میں حکیم یوسف حسن اسے
صرف سندھور سے بناتے تھے وہ
اسے پھر کینسر اور وجع مفاصل کی
لئے استعمال کرتے تھے۔ انہوں

نے اس نسخہ کو بڑا اہم اور مفید قرار دیا
ی نسخہ کا تفصیلی ذکر ماہنامہ
ہنمائے صحت میں کیا تھا۔ کان
کے پرانے زخموں کے لئے خاص کر
ں کے کان بہنے میں ہومیو
تھک کے طریقے سے ۳ ایکس نمبر
کر کان کے زخمون میں استعمال
تے تھے راقم الحروف بھی لطیفی
انے میں یہ ہی نسخہ تیار کرتا
ہے۔ ہم الفار پھول کر بہت وزنی ہو
ہے۔ اوپر سیپے کا تہہ جم جاتا ہے
ے کھرچ کر پھولا ہوا کشتہ نکال کر
ل کرکے رکھیں بنیادی طور پر یہ
جربہ طبیب کا ہے۔

(۱۰) کشتہ سنکھ

بڑی اہم دوا ہے یہاں
تفصیل تو نہیں لکھتے البتہ علم

الادویہ میں ہم نے اس کا تفصیلی ذکر
کردیا ہے

براسنکھ لیکر باتھو کے نغدے میں گل
حکمت کرکے ایک من اوپلوں کی
آگ دیں تین دن کی بعد نکال کر
دھماسے کی عرق میں کھرل کرکے
رکھیں۔

مقدار و خوراک

۲۵۰ ملی گرام سے ۵۰۰ ملی گرام تک
دن میں دو سے تین مرتبہ مناسب
بدرقہ سے دیں

فوائد

کینسر بلڈ کینسر، گردوں کا فیل ہونا، پرانی
پیچش اور دست میں مفید ہے جسم
سے یورک ایسڈ خارج کرنے میں مفید
ہے سانپ کاٹنے کی لئے ایک
گرام دن میں تین مرتبہ دیں۔

(۱۹۹) آکلۃ الفم

منہ کے کینسر کے لئے سرکہ خانہ ساز
یا ہمدرد، دو کمپنی کے سرکے سے
غرغرہ کرانے سے آکلۃ الفم میں فائدہ
ہو جاتا ہے۔
یہ نسخہ حکیم جلیل احمد انصاری کا ہے
راقم الحروف نے بھی اسے استعمال
کرایا ہے۔ بہت مفید ہے۔

(۲۰۰) روغن دافع کینسر

خالص گھی کلو
بلادر ۱۵ عدد

ترکیب تیاری

گھی کو گرم کریں اور اس میں بھلاویں
ڈالدیں جب بھلاویں سرخ ہو جائیں
تو ان کو دبا کر ان کا تیل گھی میں
ملادیں دوا تیار ہے

ترکیب استعمال

صبح و شام ایک ایک چمچ سالن میں
ملا کر کھلائیں

فوائد

گھی ختم ہونے تک انشاء اللہ عورتوں
کے چھاتی کا کینسر اور زہر باد ختم ہو
جائے گا۔

(۲۰۱) طلا علوی خان

پوست انار ترش
مسور
گل ارمنی یا گیرو
ہر ایک ۹ گرام
تینوں کو کوٹ چھان کر ۳ سال کے گو
میں ملا کر استعمال کریں

فوائد

سرطان، آکلہ، قروح کو اندمال، کرنے
میں نافع ہے، اور اس لیپ کے
خواص میں ہے کہ جب تک فساد کا

ر پھوڑے میں باقی ہوتا ہے۔یہ دوا
رف پھوڑے میں رہتی ہے۔اور
ب اصلاح ہونے لگتی ہے تب
کپڑے پر رہتی ہے چنانچہ اکثر راقم کی
تجربے میں یہ بات آئی ہے کہ یہ
کبھی تخلف نہیں کرتا ایک سال تین
آدمیوں کے سرطان کا عارضہ گردن
میں پیدا ہوا تینوں کا اسی لیپ سے
علاج کیا گیا، چنانچہ پک کر مواد نکل کر
زخم بھر گیا۔ حکیم نجم الغنی)

امراض مردانہ

مردانہ امراض کے نسخہ جات کتابوں
مین کثرت سے ملتے ہیں ان سے
کتنا فائدہ ہوتا ہے خدا بہتر جانتا ہے
میں تو ایسے مریضوں کو دوا نہیں دیتا
البتہ اگر محسوس کیا کہ عمر کے حساب
سے یا نفسیاتی طور پر پریشان لوگوں کو
دوا ضرور دیتا ہوں لیکن وہ بھی تشفی
کیلئے عمر رسیدہ لوگوں کو مقویات فائدہ
دیتی ہیں لیکن وہ تو جوانی والی قوت
باہ کی متلاشی ہوتے ہیں بہرحال
میں نے اور مرحوم حکیم علی محمد موریجو
نے کئی نسخے بنائے خرچہ کیا لیکن
مطلوبہ فائدہ نہیں ہوا۔اس لئے میں
نے بھی جو نسخہ جات لکھے ہیں وہ
پینا گرا یا ویاگرا جتنا فائدہ نہیں کریں گی
البتہ کافی دن استعمال کرنے سے
بدن کو قوت دیکر قوت باہ میں اضافہ
ضرور کرتی ہیں۔

(۲۰۲) حب احمر جدید

سم الفار ۱۰ گرام
شنگرف ۱۰ گرام

ترکیب تیاری

کی کمی کے لے بھی مفید ہے
سرعت انزال خواہش کی کمی بیٹا بلاگر
ادویہ کی وجہ سے مردانہ کمزوری میں
مفید ہونے کے ساتھ ذیابیطس
شگری کے مریضوں کی لئے بھی مفید
ہے

(۲۰۶) سفوف باہ

تالمکھانہ ۱۰گرام
بیج بند ۱۰گرام
اٹنگن ۱۰گرام
ثعلب مصری ۲۰گرام
موصلی سفید ۲۰گرام
موصلی سیاہ ۲۰گرام
شقاقل موصلی ۲۰گرام
پھول مکھانہ ۲۰گرام
آرد سنگھاڑہ ہر ایک ۴۰گرام
کمرکس ۶۰گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں

ترکیب استعمال

۶ گرام صبح و شام دودھ کے ساتھ استعمال کریں پانی کے ساتھ بھی استعمال کر سکتے ہیں قوت باہ کی زیادہ کمی کی صورت میں لبوب کبیر ہمدرد ایک چمچ رات کو کھلائیں اگر شوگر کا مریض ہے تو حب عنبر مومیائی صبح و شام دیں اور سفوف میں چینی نہ ڈالیں ذیابیطس کے مریضوں کی ابتدائی ضعف باہ میں یہ بہتر خوش کن نسخہ ہے

مزید فوائد

منی بکثرت پیدا کرتا ہی جراثیم منی بڑھاتا ہے پیشاب کی نالی کی جلن اور

ادویہ کا سفوف بناکر زعفران عرق
گلاب میں ملاکر کھرل کرکے شامل
کریں

ترکیب تیاری

تمام ادویہ کو ملاکر کھرل کرکے چنے
کے برابر گولیاں تیار کریں

مقدار و خوراک

ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ
دودھ دیں

فوائد

مقوی اعضاء رئیسہ ممسک و ملذذ
سلسل البول قلت کرم منی ورم غدہ
قدامیہ میں مفید ہے۔

(۲۰۵) آرگازم کیپسول

ستاول موصلی ۴۰ گرام
موصلی ۲۰ گرام
گوکھرو ۳۰ گرام
تخم کونچ ۲۰ گرام
بلادر ۲۰ گرام
تالمکھانہ ۲۰ گرام
اسگند ۶۰ گرام
کالی موصلی ۶۰ گرام
بداری قند ۱۰ گرام
جائفل ۵۰ گرام
سلاجیت ۱۰ گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر رکھیں ۲ گرام روزانہ ۴۵
دن تک استعمال کرائیں اس کے
بعد حفظ ما تقدم کے طور پر ایک
کیپسول روزانہ استعمال کریں

فوائد

اعصابی، مردانہ اور نفسیاتی کمزوری کی
لئے مفید ہے لیکن اس دوا میں یہ
بھی کمال ہے کہ عورتوں کی شہوت

دونوں کو اول عرق لیموں میں کھرل
کریں اس کے بعد سفوف کچلہ ۴۰
گرام ملاکر مونگ کے برابر گولیاں تیار
کریں

ترکیب استعمال

ایک گولی صبح و شام بعداز طعام
استعمال کریں گھی اور دودھ حسب توفیق
وہضم دیں

فوائد

مولد خون مقوی اعصاب مبہی و
مشتی ہے۔

(۲۰۳) حب براء استحکام قضیب

زعفران ۶ گرام
دارچینی ۶ گرام
عقرقرحا ۶ گرام
ریگ ماہی ۵ گرام
خولنجان ۶ گرام

سب کو کوٹ چھان کر کھرل میں
ملاکر بقدر ایک گرام گولی تیار کریں

مقدار و خوراک

ایک گولی رات کو سوتے وقت
کھائیں

فوائد

استحکام قضیب کی لئے خصوصاً
مرطوب المزج لوگوں کی لئے بہت
نافع ہے۔

(۲۰۴) حب عجیب

سلاجیت ۲۵۰ گرام
کچلہ مدبر ۱۲۵ گرام
بہمن سفید ۱۲۵ گرام
خولنجان ۱۲۵ گرام
کشتہ فولاد ۸۱ گرام

درد کافور کرتا ہے سرعت انزال میں
بھی مفید ہے

(۲۰۷) لفٹ اپ کیپسول

کباب چینی
جائفل
تخم کونچ
شنگرف
جاوتری
اجوائن خراسانی
فلفل دراز
ناگ کیسر
زعفران
عاقر قرحا
لونگ

ترکیب تیاری

پہلے شنگرف کو کھرل کرکے پھر
دوسری ادویہ ایک ایک کرکے
ملائیں جب انتہائی باریک ہو جائے
تو کوٹ چھان کر ۱۰۰ گرام کے کیپسول
بھریں

ترکیب استعمال

۲ کیپسول جماع سے ایک گھنٹہ قبل
استعمال کریں

فوائد

مقوی باہ و ممسک ہے
نوٹ: ہائی بلڈ پریشر، تصلب الشرائین
، گردوں کی امراض، دل کے فیل
ہونے کے امراض میں مبتلا مریض
پرہیز کریں۔

(۲۰۸) کیپسول موصلی سفید

شنگرف ۲۰ گرام
موصلی انڈیا سفید ۲۰ گرام

ترکیب تیاری

دونوں کو کوٹ چھان کر تین گھنٹے مسلسل کھرل کریں ۲۵۰ گرام کے کیپسول بھر کر رکھیں۔

ترکیب استعمال

ایک کیپسول صبح ایک شام دودھ یا پانی کے ساتھ دیں

فوائد

قوت باہ کے لئے مفید ہے اس نسخہ میں خاص باتیہ ہے کہ یہ خاص کر کے بوڑھے اشخاص کے لئے مفید ہے۔میں بھی اس کے استعمال میں پس وپیش کر رہا تھا لیکن استعمال کے بعد پتہ پڑا کہ اس سے کوئی نقصان نہیں ہوتا اس لئے بغیر کسی خوف کے استعمال کریں ۵۰۰ ملی گرام کے کیپسول بھی موٹے افراد کو دے سکتے ہیں

(۲۰۹) حب ماما

سم الفار زرد ایک گرام

جال گھوٹہ ۲۰ عدد

دودھ گاؤ ۵ پاؤ

ترکیب تیاری

دونوں دواؤں کو دودھ میں کھرل کریں، جب دودھ خشک ہو کر گولی بننے کے لائق ہو جائے تو مونگ کی برابر گولیاں بنائیں

ترکیب استعمال

رات کو ایک گولی دودھ کی استعمال کرائیں

فوائد

مقوی باہ ہونے کے ساتھ مصفی خون بھی ہے۔

(۲۱۰) کیپسول مقوی خاص

طباشیر ۱۰ گرام

تخم پیاز ۱۱٫۵ گرام

ثعلب مصری ۳٫۵ گرام

خولنجان ۱٫۶ گرام

ماہی روبیاں ۱۰ گرام

سونٹھ ۲۶ گرام

سلاجیت ۱۱٫۵ گرام

عاقر قرحہ ۱۲٫۵ گرام

ناگ کیسر ۸٫۵ گرام

کچلہ مدبر ۸٫۵ گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر سفوف تیار کر کے ۲۵۰

ملی گرام کے کیپسول تیار کریں

مقدار و خوراک

ایک سے دو کیپسول صبح و شام پانی

کے ساتھ استعمال کریں

فوائد

ضعف باہ بدن کی کمزوری بڑھاپے

کی کمزوری کے لئے مفید ہے

یہ نسخہ دراصل ہمدرد انڈیا نے پیٹنٹ

کرایا ہوا ہے ۔ کبھی کبھار ہندستان سے

لوگ لے کر آتے ہیں۔ طویل عرصہ

استعمال کرنے سے اچھا فائدہ ہوتا

ہے۔

(۲۱۱) حب ممسک

افیون ۳ گرام

کافور ۶ گرام

اجوائن خراسانی ۹ گرام

ترکیب تیاری

ادرک کی پانی مین تمام اشیا کو کھرل

کر کے مونگ کے برابر گولیاں تیار

کریں

مقدار و خوراک

جماع سے دو گھنٹے قبل عرق گاؤزبان یا
گلاب سے کھلائیں

فوائد

ممسک ہے

یہ نسخہ حکیم صالح لاکھو نے اپنی
کتاب باب الحکمت میں درج کیا
ہے ۔اسی طرح ہمدرد صحت دہلی
کے سوال جواب کے کالموں بھی
یہ نسخہ شایع ہوا تھا۔

(۲۱۲) حب ممسک جدواری

جعفر ۲۰ گرام
خولنجان ۲۰ گرام
ثعلب مصری ۲۰ گرام
جاوترى ۱۰ گرام
جدوار ۱۰ گرام
افیون ۱۰ گرام

ترکیب وتیاری

کوٹ چھان کر نخودی گولیاں تیار کریں

ترکیب استعمال

روزانہ ایک گولی رات کو دودھ یا پانی
کے ساتھ

منافع

ممسک اور خوش نشہ ہے بارہا کا
مجرب ہے (حکیم جلیل احمد

(۲۱۳) معجون عطائی

مصطگی رومی ۱۰۰ گرام
کندر ۱۰۰ گرام
جفط بلوط ۱۰۰ گرام
تخم بھنگ ۱۰۰ گرام کوٹ چھان کر شہد
خالص ۸۰۰ میں معجون تیار کریں

مقدار وخوراک

۴ گرام

فوائد

تقطیر البول اور سرعت انزال کو نافع
ہے اختیارات بدیعی میں لکھا ہے
کہ سرعت انزال کے لئے یہ معجون
بے نظیر ہے۔

(۲۱۴) اکسیر اعصابی عضلاتی

کشتہ قلعی ۲ گرام

کشتہ چاندی ۲ گرام

طباشیر ۵ء۷ گرام

الائچی کلاں ۵ء۷ گرام

ترکیب تیاری

تمام ادویہ کو کوٹ کر کھرل میں خوب
باریک کر کے رکھیں

مقدار و خوراک

۲۵۰ ملی گرام سے ۵۰۰ ملی گرام
مکھن یا بالائی میں رکھ کر کھلائیں

فوائد

سرعت انزال کے لئے مفید ہے
چند دنوں میں منی کے قوام کو گاڑھا
کر کے ضعف باہ کا خاتمہ کرتی
ہے سوزاک اور عورتوں کے سوزشناک
سیلان الرحم کی لئے مفید ہے۔
یہ نسخہ صابر ملتانی کا ہے۔

(۲۱۵) حب ممسک تنویری

جائفل

خراطین

جاوتری

لونگ

اسپغن

ہر ایک ۱۰ گرام

زعفران ۶ گرام

کوٹ چھان کر چنے کے برابر گولیاں
تیار کریں

مقدار و خوراک

ایک گولی رات کے وقت خاص
سے ایک گھنٹہ قبل استعمال کریں
فوائد
امساک کے لئے مفید ہے یہ نسخہ
حکیم تنویر منڈو محمد خان کا ہے۔

(۲۱۶) سفوف مغلظ قریشی

ملٹھی ۲۰۰ گرام
تخم ببول ۴۰۰ گرام
سمندر سوکھ ۱۰۰ گرام
تخم حیات ۲۰۰ گرام

ترکیب تیاری
کوٹ چھان کر سنبھال کر رکھیں
مقدار و خوراک
۲ سے ۵ گرام سے ۵ گرام تک صبح
وشام دیں
فوائد

مادہ تولید کی کمی اور اسے گاڑھا کرنے
کے لئے مفید ہے سرعت انزال
اور ضعف باہ میں مفید ہے اعصاب
کو تقویت دے کر دیگر اعصابی اور
جنسی کمزوری کو دور کرنے میں بھی
معاون ہے۔

(۲۱۷) اکسیر سرعت انزال

تخم سنبھالو ۲۰ گرام
بیج بند ۲۰ گرام
سمندر سوکھ ۲۰ گرام
تخم سریالہ ۲۰ گرام
اٹنگن ۲۰ گرام
مغز تخم سرس ۲۰ گرام
پوٹاشیم بروما ئیڈ گرام ۲۰ گرام
اجوائن خراسانی ۲۰ گرام
تخم بھنگ ۲۰ گرام
دھتورہ ۲۰ گرام

نوٹ: یہ نسخہ محمد رفیق مجازی نے اسراری مجربات اور حکیم عبداللہ نے مخزن المجربات میں نسخہ درج کیا ہے راقم الحروف ۳۲ سال سے استعمال کر رہا ہے جریان کے لئے مفید ہے۔ جن لوگوں کا گردہ خراب یا پتھری کا رجحان ہو ایسے لوگ استعمال نہ کریں۔

(۲۲۱) سفوف جریان قلبی

تخم بھنگ ۱۰۰ گرام

تالمکھانہ ۱۰۰ گرام

سمندر سوکھ ۱۰۰ گرام

بیج بند تخم ۱۰۰ گرام

تخم سلیارہ ۱۰۰ گران

تج قلمی ۱۰۰ گرام

مصری ۳۰۰ گرام

ترکیب تیاری

تمام اشیا کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں

مقدار وخوراک

۵ گرام صبح وشام پانی کی ساتھ دیں

فوائد

جریان کی لئے انتہائی مفید ہے

احتلام اور اخراج مذی میں بھی مفید ہے

(۲۲۳) اکسیر شباب سم الفاری

سم الفار سفید ۵۰ گرام

کتھ سفید ۱۰۰ گرام

آرد سنگھاڑہ ۱۰۰ گرام

عرق لیموں دو بوتل

ترکیب تیاری

تمام اشیا ملا کر لیموں کا پانی اس میں جذب کریں جب خشک ہونے لگے تو دانہ ماش کے برابر گولیاں بنائیں

ملٹھی ۲۵ گرام
سنگھاڑے ۲۵ گرام
سمندر سوکھ ۲۵ گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں

مقدار و خوراک

۵ گرام صبح و شام دیں

فوائد

جریان و احتلام کے اسباب کو دور کرنے میں موثر ہے مادہ حیات کو گاڑھا کر کے اس کے اخراج کو روکتا ہے جریان کی موثر دوا ہے۔ یہ قرشی دواخانے کا نسخہ ہے اسی نام سے ملتا ہے۔

(۲۲۰) اکسیر جریان

قلعی مصفی ۱۰ گرام
سیسہ مصفی ۱۰ گرام
پارہ مصفی ۱۰ گرام
کباب چینی ۳۰ گرام
طباشیر ۳۰ گرام
دانہ الائچی ۳۰ گرام
تج قلمی ۳۰ گرام

ترکیب تیاری

پہلے قلعی اور سیسہ کو پگھلا کر ملادیں پارہ جلدی ملاکر کشتہ بنا کر نیچے اتار کر کھرل کر کے پوڈر بنائیں جب سیاہی مائل ہو جائے تو دوسری ادویہ باریک کی ہوئی ملائیں سنبھال کر رکھیں۔

مقدار و خوراک

ایک گرام دودھ کی لسی سے دیں

فوائد

جریان کی لئے مفید ہے چند روز کے استعمال سے جریان کا قلع قمع ہو جاتا ہے

ترکیب تیاری

مساوی بہت باریک پیس کر رکھیں

ترکیب استعمال

۲۵۰ ملی گرام ۵۰۰ ملی گرام
معجون فنجوش ۵ گرام
میں ملا کر استعمال کرائیں۔

فوائد

سرعت انزال کے لئے انتہائی مفید ہے

(۲۱۸) سرعتی

عقر قرحہ ۳ گرام
تخم ریحان ۵۰ گرام
چینی ۵۰ گرام

ترکیب تیاری

تمام ادویہ کو خوب باریک کر کے سنبھال کر رکھیں

ترکیب استعمال

۳ گرام وقت خاص سے دو گھنٹے پہلے دودھ کے ساتھ کھالیجئے

فوائد

طبعی قوت و امساک پیدا کرتا ہے

نوٹ یہ مشہور و معروف نسخہ ہے کافی رسالوں اور کتابوں مین موجود ہے حال ہی میں کتاب لقمانی فارمولے میں دلیرون کے نام سے چھپا ہے میں آج سے ۳۰ سال پہلے استعمال کراتا تھا لیکن معمولی فائدہ ہوتا تھا کتابوں میں اس کی ضرورت سے زیادہ تعریف کی گئی ہے۔ اب عقر قرحہ نمبر ایک ۲۰۰ روپیہ ۱۰ گرام مل رہا ہے ممکن ہے اس کے شامل کرنے سے زیادہ فائدہ کرتا ہو۔

(۲۱۹) سفوف جریان

پھلی ببول ۵۰ گرام

مقدار و خوراک

ایک گولی رات کو دودھ کے ساتھ

فوائد

یہ عمر کی زیادتی کمزوری، بلغمی مزاج خون کی خرابی آتشک بادی بواسیر، یا وجع مفاصل کی شکایت ساتھ ہو بڑھاپا ستاتا ہو بادی و بلغم کا زور ہو تو یہ گولیاں مفید ہوتی ہیں یہ نسخہ حکیم یوسف حسن راولپنڈی والے کا ہے اپنے ایک مضمون میں لکھا کہ انہوں نے ان گولیوں کو سردیوں میں ۴ ماہ استعمال کیا پھر اگلے سال سردیوں میں استعمال کیا تو قوت باہ میں اضافہ ہوگیا۔ بڑھاپے میں بھی دو مرتبہ جماع کی قوت پیدا ہوگئی اور جسم میں جوانی جیسی گرمی پیدا ہوگئی۔ اور طویل عمر پائی لطیفی مطب میں یہ گولیاں حب ناسور کے نام سے معروف ہیں بھگندر کے لئے مفید ہے ۲۰ دن کے اندر مقعد کے ناسور سے گند بند ہو جاتا ہے۔ یہ راقم الحروف کی تحقیق ہے بھگندر کے لئے ایسی خوردنی دوا نہیں ملے گی۔

(۲۲۵) مقوی بدن کیپسول

اسگند

ترپھلہ

ستاول

ترکھنڈ ہر ایک ۱۰۰ گرام

جلسنگ ۵۰ گرام

تمام اشیا کو کوٹ چھان کر ۵۰۰ گرام کے کیپسول بھر کر رکھیں

مقدار و خوراک

ایک کیپسول صبح ایک کیپسول رات کو سوتے وقت لیں

فوائد

ستی، کاہلی، کمزوری کیلئے مفید ہے
دماغ کی جلنے اس سے ختم ہو جاتے
ہیں بھوک بڑھ جاتی ہے وزن بھی
اس کی استعمال سے بڑھ جاتا ہے۔

(۲۲۶) اکسیر شباب نمبر

کہربا شمعی
بہمن ہر ایک ۱۰ گرام
طباشیر ۱۵ گرام
کتیرہ ۱۲ گرام
بیجبند ۱۵ گرام
اجوائن خراسانی ۱۰ گرام
صمغ عربی ۱۰ گرام
تخم خرفہ ۱۰ گرام
تخم کاہو مقشر ۱۰ گرام
گل نیلوفر ۱۰ گرام
گل نار فارسی ۱۰ گرام
دم الاخوین ۱۰ گرام
گل ارمنی ۱۰ گرام
کشتہ جست عمدہ خوراکی ۱۰ گرام مصری
۲ کلو

ترکیب تیاری

تمام اشیا کوٹ چھان کر سفوف تیار
کریں

فوائد

کیسا ہی کثرت احتلام کا مریض ہو اس
کے استعمال سے بالکل بھلا چنگا ہو
جاتا ہے
یہ نسخہ بنیادی طور پر حکیم یوسف حسن
راولپنڈی والے نے طب مخفی
کے ۱۹۲۳ کے اول ایڈیشن میں شایع
کیا تھا ۔اس کے بعد حکیم عبداللہ
نے کنزالمجربات میں لکھا دوا خانہ
سلیمانی اسے بنا رہا ہے۔

(۲۲۷) حب جریان

تخم دھتورہ سیاہ فلفل سیاہ مغز بادیاں
ہر سہ برابر وزن لے کر کوٹ چھان کر
نخودی گولیاں تیار کریں

ترکیب استعمال

ایک گولی صبح، دوپہر، شام پانی کے
ساتھ استعمال کریں

فوائد

ہر قسم کے جریان کی لئے مفید ہے۔
حکیم علی محمد مصنف سلک الدرر کا
معمول مطب رہا ہے راقم الحروف
برابر وزن ملا کر مشین پر گولیاں بنوا کر
استعمال کرواتا ہے۔ جریان منی اور
احتلام میں بھی برتا ہوں۔

(۲۲۸) سفوف میرٹھی

مازو سبز بے سوراخ
سمندر سوکھ
گل پستہ
گل سپاری ہر ایک ۵۰ گرام

ترکیب تیاری

سب ادویہ کو کوٹ چھان کر ان کے
برابر مصری ملا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال

۶ گرام گرام دودھ کی ہمراہ صبح و شام
استعمال کرائیں۔

فوائد

حد درجہ مغلظ ممسک منی، جریان
کثرت احتلام کے لئے انتہائی مفید
ہے ۱۵ سے ۲۰ یوم تک استعمال
کرنے سے فائدہ ہو جاتا ہے۔

(۲۲۹) کونچا سفوف

تخم کونچ باریک کردہ ۲۰۰ گرام
بہروزہ ۱۰ گرام
کشتہ جست ۳ گرام

ترکیب تیاری

تمام اشیا کو کوٹ پھان کر سنبھال کر رکھیں

ایک چچ صبح ایک چچ شام دودھ کے ساتھ استعمال کریں

فوائد

مادہ حیات جراثیم بڑھانے کے لئے مفید ہے۔ اس کے علاوہ مقوی باہ بھی ہے اگر جراثیم کی چکاس میں پس سیل نہ ہوں تو بہروزہ ڈالنے کی ضرورت نہیں۔

(۲۲۳۰) افزائشی

تخم کونچ ۱۰۰گرام

تخم اٹنگن

ستاول موصلی،

موصلی سفید،

سنگھاڑہ

اسگندھ ناگوری تمام دوائیں ہر ایک ۵۰ گرام کوٹ پھان کر سفوف تیار کریں

ترکیب استعمال

۳گرام صبح وشام ۳گرام کھانے سے پہلے ٹیسٹ کرائیں ،اس کے بعد ایک ماہ تک دوا کھائیں دوبارہ ٹیسٹ کرائیں جراثیم منی بڑھانے کے لئے مفید ہے۔

(۲۳۱) اولادی لطیفی

سفید موصلی ۲۰گرام

ثعلب مصری ۲۰گرام

مغز پنبہ دانہ ۲۰گرام

ثعلب پنجہ ۱۰گرام

بہمن سفید ۱۰گرام

بہمن سرخ ۱۰گرام

موصلی سیاہ ۱۰گرام

سمندر سوکھ ۵۰گرام

انگن ۵۰ گرام
گوکھرو خورد ۵۰ گرام
الائچی خورد ۱۰ گرام
املی کلاں ۱۰ گرام
مصری ۱۰۰ گرام
بہروزہ ۲۰ گرام

تمام اشیا کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں

مقدار خوراک ۵ گرام

صبح و شام روزانہ پانی یا دودھ کی ساتھ استعمال کریں

فوائد

یہ جراثیم منی بڑھانے میں مفید ہونے کے ساتھ موٹلٹی کو بھی نارمل کرتا ہے۔ اسی طرح مارفالوجی کو بھی نارمل کرتا ہے۔ کبھی کبھی منی جراثیم کے ویلیوز نارمل ہو جاتے ہیں لیکن اولاد نہیں ہوتی۔ اب جدید تحقیق میں ایگلوٹی نیشن کا مسئلہ بھی دریافت ہوا ہے۔ اکثر لیبارٹریاں ایگلوٹینیشن کی رپورٹ نہیں دیتی پھر بھی اگر معلوم ہو تو وٹامن سی ۵۰۰ ملی گرام دن میں تین مرتبہ استعمال کرانے سے ایگلوٹی نیشن نارمل ہو جاتی ہے۔

(۲۳۲) حب اولاد نرینہ

شونگی کے بیج ۱۰ گرام
تخم کنڈیاری سفید گل ۲۰ گرام
قند سیاہ ۲۰ گرام

کوٹ چھان کر ۵۰۰ ملی گرام کی گولیا[ں] تیار کریں حمل کے بعد ایک گولی [illegible] ایک شام ہمراہ دودھ گائے عور[ت] کو سات ماہ تک کھلائیں

فوائد

جن کے یہاں صرف لڑکیاں پیدا
ہوتی ہوں ان کے لئے مفید ہے۔

(۲۳۳) سفوف زعفرانی

زعفران ۱۰ گرام
طباشیر ۱۰۰ گرام

ترکیب تیاری

کھرل کر کے سفوف بنا کر رکھیں

ترکیب استعمال

۵۰۰ ملی گرام صبح و شام دونوں میاں
بیوی استعمال کریں

فوائد

اولاد نہ ہونا اور لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا
ہونے کے لئے مفید ہے۔

(۲۳۴) امرتی

موصلی سفید ۳۰ گرام
ثعلب مصری ۳۰ گرام
طباشیر ۱۰ گرام
گوند کتیرا ۱۰ گرام
سنگھاڑہ ۲۰ گرام
تالمکھانہ ۲۰ گرام
الائچی خورد ۱۰ گرام
مصری ۱۰۰ گرام

ترکیب تیاری

تمام ادویہ کو خوب باریک پیس کر
مثل پوڈر بنا لیجئے اور سنبھال کر محفوظ
رکھئے

ترکیب استعمال

۵ گرام صبح و شام ہمراہ شیر یا پانی
استعمال کریں

منی کے جملہ نقائص دور کر کے
بکثرت منی پیدا کرتا ہے جن کی یہاں
لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں ان
کے لئے نہایت مجرب دوا ہے

زیرہ سفید ۳ گرام

خار خسک ۵ گرام

تخم کوثث ۳ گرام

بادیاں ۵ گرام

ملو ۳ گرام

تخم خیارین ۵ گرام

مویز منقیٰ ۷ دانہ

پرسیاؤشاں ۳ گرام

ترکیب تیاری

ڈیڑہ کپ پانی میں جوش دیں پھر چھان کر پلائیں۔

فوائد

خواتین میں امراض رحم کے لئے یہ نسخہ ایک مخصوص دوا ہے

ورم الرحم صبح یہ جوشاندہ استعمال کرایا جائے اور شام کو معجون دبید الورد تازہ پانی سے دیں یہ دوائیں ۱۵ دن تک
ں ان دواؤں کے استعمال کے
بعد اگر کسی محلل ورم دوا کا ڈوش کرایا جائے تو بہترین نتائج اخذ کیے جاتے ہیں ویسی اس مقصد کے لئے نیم کی پتوں کے جوشاندے سے بہترین کوئی چیز نہیں

اگر ایام کثرت سے آرہے ہوں تو صبح یہ نسخہ اور شام کو ستورین ایک تولہ پانی کی ساتھ دی جا سکتی ہے۔ اگر حیض کا ادرار کم ہو، تو صبح یہ نسخہ دیا جائے اگر مناسب ہو تو شربت بزوری کا اضافہ کیا جائے۔

یہ نسخہ ہمدرد انڈیا اور پاکستان کے مطب کا مجرب نسخہ ہے کبھی خطا نہیں ہوتا

(۲۴۲) ریگولیٹ کیپسول

تخم گاجر ۳۰۰ گرام

تخم مولی ۵۰ گرام

ایلوا ۲۰ گرام

ترکیب استعمال

۲گولی صبح وشام استعمال کریں

(۲۳۶) جوشاندہ مدر حیض

سویا ۶گرام

سونف ۶گرام

گل سرخ ۶گرام

تخم کرفس ۵گرام

پودینہ پہاڑی ۵گرام

تخم گاجر ۳گرام

تخم مولی ۳گرام

گل زوفا ۶گرام

پرسیاؤشاں ۶گرام

تل سیاہ ۶گرام

کوٹ کر رات کو پانی میں بھگو دیا کریں

صبح کو جوشاندے میں ایک گلاس

پانی ڈالکر بھگو دیں

ترکیب استعمال

صبح کو اٹھ کر جوشاندے کو جوش دیکر

چھان کر ۲ گولی منہ میں رکھ کر اوپر

جوشاندہ پلائیں

فوائد

عسر طمث اور حیض کے لئے اکسیر

ہے بندش حیض میں ایک ماہ

استعمال کرائیں

(۲۳۷) جوشاندہ درد عسر طمث

اسارون ۱۰۰گرام

تخم میتھی ۲۰۰گرام

ترکیب تیاری

دونوں کو باریک پیس کر اس میں سے

۳۵گرام لیں

ترکیب تیاری

۲۵۰ ملی لٹر پانی میں جوش دیں جب

۱۰۰ ملی لٹر رہے تو اس میں شیر گ

۲۵۰ ملی لٹر ملاکر ایک جوش دیں

نوٹ: جدید سائنس کے مطابق مرد کی کروموزم کی وجہ سے لڑکے یا لڑکیاں پیدا ہوتی ہیں عورت کا اس میں کوئی رول نہیں اس لئے یہ نسخہ اصولی طور پر درست معلوم ہوتا ہے کیوں کہ یہ مرد کو ہی کھلایا جاتا ہے ورنہ طب کی کتابوں میں دوائیں عورتوں کو کھلائی جاتی ہیں جو کہ جدید سائنسی تحقیق کی مطابق غلط ہے کیوں کہ عورتوں کا ایک ہی قسم کا کروموزم ہوتا ہے۔ یہ نسخہ حافظ کلیم اللہ دہلی انڈیا کا ہے انہوں نے لکھا ہے کہ اس سے لڑکے پیدا ہونگے ہمیں اس نسخہ پر وسیع پیمانے پر تجربات کرنے چاہئیں اگر واقعی لڑکیاں جہاں پیدا ہوتی ہیں وہاں لڑکے پیدا ہوتے ہیں تو اس سے ثابت ہو گا کہ اس میں کروموزم کو تبدیل کرنے کی صلاحیت ہے۔

عورتوں کی بیماریاں

(۲۳۵) اکسیر عسر طمث

مصبر

ہیرا کس

مرکی

رائی

جوکھار

کلتھی

قلمی شورہ

ریوند عصارہ

تخم حنظل

سب کو ہموزن حاصل کریں۔

ترکیب تیاری

سب کو کوٹ چھان کر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

تخم پستہ ۳۰ گرام
ارنڈ خربوزہ ۳۰ گرام
ہینگ ۳۰ گرام
سہاگہ شگفتہ ۲۵ گرام
زکمہ ۲۵ گرام

ترکیب تیاری

۲ کیپسول ۳ وقت دن میں ۲ سے
تین دن کے لئے ۲۵۰ ملی گرام کی
کیپسول کوٹ چھان کر بنائیں

(۲۴۳) سفوف مدر بول و حیض

ریوند خطائی ۶۰ گرام
قلمی شورہ ۶۰ گرام
نوشادر ۶۰ گرام
جوکھار ۶۰ گرام
رائی ۶۰ گرام

تمام ادویہ کو باریک پیس کر سفوف تیار کریں

مقدار و خوراک

ایک گرام صبح دوپہر شام دن میں
تین مرتبہ ہمراہ آب تازہ یا عرق
بادیان کے ساتھ دیں

فوائد

مدر بول ہے اور احتباس طمث کی
لئے مفید و مجرب ہے۔

(۲۴۴) معین حمل اول

ناگ کیسر ۱۰ گرام
جدوار ۱۰ گرام
تخم شولنگی ۱۰ گرام
باہم ملا کر کھرل کریں اور تیس پڑیہ
بنائیں

ترکیب استعمال

ایک پڑیہ بعد فراغت حیض تازہ پانی
سے دیں ۔رات کو ہم بستری کریں
پہلی خوراک ہی سے حمل قائم ہوگا اگر
نہ ہو تو دوسرے ماہ دوسری خوراک
دیں تیسری خوراک کی ضرورت نہ
ہوگی
نوٹ جدید سائنس کی مطابق عورت دو
حیض کے درمیان انڈہ خارج کرتی
ہے اس زمانے میں استعمال کریں تو
بہتر ہے۔

(۲۴۵) معین حمل دوم

اکثر طبی کتابوں میں ریش پیپل کا ذکر
کیا جاتا ہے ۔یہ قدیم کتابوں کے
ساتھ ۱۹۲۷ء میں حکیم یوسف حسن
راولپنڈی والے اور حکیم عبداللہ لدھی
کے بعد کئی اطبا نے اس کا ذکر کیا
ہے کہ اس سے حمل ٹھہر جاتا ہے
میں نے بھی اسے استعمال کرایا۔
ایک دوست کو دوا بناکر دی ۔لیکن
اسے فائدہ نہ ہوا۔آج سے ۲۰ سال
قبل اسی نسخے سے کافی عورتوں کو
اولاد ہوا اور بعض محروم رہیں۔لیکن
ریش پیپل کا ملنا بھی دشوار ہوتا
ہے مجھے تو ایک پنساری ۵۰ روپے
تولہ دیتا تھا نہ جانے وہ بھی پیپل کی
ریش ہوتی ہے یا برگد کی بہرحال حکیم
یوسف حسن راولپنڈی والے طب
مخفی میں لکھتے ہیں کہ میں نے دو
تین عورتوں کو یہ دوا دی تھی جب
حیض با فراغت ہو جائے اس کے
بعد دوا شروع کرادی جس کے دوران
جماع کی ممانعت تھی ان میں سے دو
عورتیں حاملہ ہوگئیں تیسری عورت
کی جسمانی نقائص زیادہ تھے اولاد
ناقص تصور ہو چکی تھیں بعد میں
تجربات ہوئے اور مفید ثابت ہوا۔

ترکیب استعمال

ریشہ پیپل ۲۰۰ گرام باریک پیس کر
ہموزن شکر ملا کر باریک پیس لیں
شروع حیض سے ۱۲ گرام کے
حساب سے عورت کو اور تولہ روز کے
حساب سے مرد کو یہ دوا دی تھی۔
میرے خیال میں مرد کو دوا دینا
ضروری نیس اگر اس میں نقص ہو گا
تو ۱۰ دن کی دوا سے درست نہ ہو گا
اس لئے اگر اس میں نقص ہو تو وہ
پہلے سے درست کرنا چاہئے۔

معین حمل ۲

پرانے برگد درخت کی داڑھی ترو تازہ
باریک کر کے قند سیاہ میں گولیاں
بنائیں اور ایک ہفتہ کھانے کے
بعد قربت کریں عورت مرد دونوں بھی
کھا سکتی ہیں ورنہ عورت کو ضرور
کھلائیں (بحر الفوائد)
میں نے مرد کو دو ماہ بوہڑ کی داڑھی
کھلائی اس سے جراثیم کی حرکت میں
اضافہ ہوا لیکن یہ تجربہ ادھورا رہا

(۲۴۶) حب حمل سرہندی

لگروندہ ۵۰ گرام
شولنگی ۵۰ گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر چنے کے برابر گولیان
تیار کریں

ترکیب استعمال

ایک سے دو گولی صبح و شام دیں

فوائد

یہ گولیاں عورتوں کے لئے انتہائی
مفید ہیں اگر عورتوں کو کسی وجہ سے
اولاد نہ ہو رہی ہوں تو یہ گولیاں ۳ مہینے

وں کو مہینے کے آخری دنوں میں
ی ساتویں مہینے سے سکنجبین جو کہ
انگوری دتو کمپنی یا ہمدرد
نے کا سرکہ لے کر سکنجبین تیار
تو مرض اٹھرا میں مفید ہونے
ساتھ پاؤں کی جلن اور حمل کی دیگر
کایات مین مفید ہے راقم الحروف
یسی صورت مین چاہے سات سے
اٹھ بچے ضایع ہوئے ہوں ، جب
اٹھرا ہربل دواخانہ فیصل آباد حمل ہوتے
ی کھلاتا ہوں ساتھ ساتھ سکنجبین
آخری مہینے میں دیتا ہوں اگر جسم گرم
ہو اور متلی قے ہلکا بلڈ پریشر کولیسٹرول
وغیرہ کی زیادتی ہو تو سکنجبین ابتدائی
دنوں سے استعمال کراتا ہوں یہ نسخہ
کبھی خطا نہیں کرتا اکثر عورتیں اولاد کی
نعمت سے محروم تھیں انہیں صحیح
سلامت بچے پیدا ہوئے

(۲۵۲) کیپسول قلت اللبن

ستاول موصلی ۲۰۰ گرام
اسگند ۱۰۰ گرام م
ملٹھی ۵۰ گرام
میتھی دانہ ۵۰ گرام
لسن ۲۰ گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر کیپسول ۵۰۰ ملی گرام کی
بھر کر رکھیں

مقدار و خوراک

ایک صبح ایک شام

فوائد

عورتوں کا دودھ بڑھانے کے لئے
مفید ہے۔

(۲۵۳) روغن گیسو

روغن نارجیل
تلوں کا تیل

دائمی درد سر اختناق الرحم اختلاج قلب ضعف جگر عوارضات بھس کمی خون بدن میں خون بڑھا کر چہرے کو خوبصورت بناتی ہے رحم کو طاقت دیتی ہے مستورات کے اکثر امراض کو ختم کرکے قابل اولاد بنا کر گود کو باثمر بناتی ہے بارہ بارہ سال سے بند حیض کو بھی جاری کرتی ہے اکثر اطبا کی معمول مطب ہے بلغمی مزاج اور فربہ اندام عورتوں کی لئے خصوصی طور پر مفید ہے البتہ صفراوی مزاج عورتوں کو احتیاط سے دینی چاہئے

اکسیر استحاضہ

پرانے چمڑے کو جلاکر ۴۰ گرام حاصل کریں ۱۲ گرام سرمہ سیاہ شامل کرکے کھرل کریں

(۲۴۸) شربت مفید النسا

زرشک
دھنیا،
صندل سفید، ہر ایک ۶۰ گرام
انجبار ۱۲۰ گرام
حب الآس ۱۶۰ گرام
مصری ایک کلو ۲۵۰ گرام کشتہ مرجان اور کشتہ عقیق ہر ایک گرام صندل اور کشتے کے علاوہ سوا سیر پانی میں ڈال کر ابال لیں جب آدھ پانی رہ جائے تو چھان لیں اس کی بعد صندل کو آدھ لٹر پانی میں ابال کر جب ۲۵۰ ملی لٹر رہے چھان کر رکھیں دونوں پانی ملاکر مصری سے قوام کرکے شربت تیار کریں اس کے دونوں کشتے ملاکر رکھیں

مقدار و خوراک

۴۰ ملی لٹر صبح دو پہر، رات سفوف استحاضہ ۲ گرام سے دیں

تک کھلائیں ۔ انشاء اللہ اولاد کی
نعمت کی مراد ضرور پوری ہوگی ۔ نسخہ
صاحب شریعت پیر طریقت حضرت
پیر آغا جان سرہندی کا ہے۔ اکثر
عورتوں کو اولاد ہو جاتی ہے شرط یہ
ہے کہ مرد میں کوئی نقص نہ ہو۔

(۲۴۷) مستہ فیمیل ریگولیٹر

پلز:

ایلوا ۲۰ گرام
صمغ عربی ۲۰ گرام
کشتہ فولاد ہیرا کسی والا ۲۰ گرام
سونٹھ ۲۰ گرام
م الفار ۲۰ گرام
ب گھیکوار حسب ضرورت

ترکیب تیاری

لے ہیرا کسی والا کشتہ اور سم الفار
ں تک کھرل کریں کہ مانند غبار ہو

جائیں پھر ایلوا اور گوند لیکر ڈال کر اور
سونٹھ کو شامل کر کے یہاں تک کھرل
کریں کہ انتہائی باریک ہو جائے اب
لعاب گھیکوار میں دو پہر کھرل کر کے
حب بقدر ایک رتی یعنی ۱۲۵ ملی
گرام تیار کریں

مقدار و خوراک

ایک گولی صبح ایک گولی شام روزانہ
بعد از غذا ہمراہ دودھ یا کسی اور مناسب
جوشاندہ سونف وغیرہ سے دیا کریں
دوران استعمال گھی مکھن مرغن
غذائیں استعمال کرائیں ایام حیض
سے کم از کم ۱۵ روز قبل استعمال
کرائیں

فوائد

حیض کی قلت حیض کا بند ہونا
یا درد سے آنا بے قاعدہ ماہواری میں
کئی بار آنا زیادہ مقدار میں آنا اور درد کمر

لیکوڈ پیرافین ہر ایک کلو

روغن کدو

روغن بادام

روغن خشخاش

گلسرین

ارنڈی ہر ایک کلو

روغن لونگ،

روغن دارچینی

ہر ایک ۶ گرام

روغن دھنیا ۲۵ گرام

تمام روغنوں کو ملا کر شیشی میں ڈال کر ہفتہ بھر رکھ کر استعمال کریں۔

فوائد

بالوں کو گرنے سے روکتا ہے بالچر کی لئے مفید ہے۔

(۲۵۴) امراض اطفال

سفوف اطفال

۹ ریوند چینی

آملہ خشک

کچور

ساگہ بریان

زرورد

کتھہ سفید

دانہ الائچی خورد

ترکیب تیاری

سب مساوی وزن لیکر کوٹ چھان کر رکھیں

مقدار و خوراک

۱۲۵ ملی گرام سے ۵۰۰ ملی گرام تک

فوائد

اسہال کے لئے مفید ہے۔

(جنرل نسخہ جات)

(۲۵۵) حب سم الفار اخضری

سم الفار ایک گرام

کشتہ فولاد ہیرا کسی والا ۳۶ گرام

نوشادر ۳ گرام

برادہ ۶۴ گرام

ترکیب تیاری

لیکوار میں چنے کے برابر گولیاں بنا کر رکھیں

مقدار و خوراک

ایک گولی صبح ایک گولی شام

فوائد

ضعف باہ، جریان، ضعف ہضم، ضعف دماغ ، نسیان ،وجع مفاصل ،نقرس، کمر درد، ذیابیطس،پیشاب میں چونہ وغیرہ ،امراض جگر آتشک مرض انضہ اور ہاجکن ڈزیز میں مفید ہے۔

(۲۵۶) حب سورائیسس

ریکپور ۱۰ گرام

مرچ سیاہ ۱۰ گرام

دانہ الائچی خورد ۱۰ گرام

سنا ۴۰ گرام

نیمبو کا پانی ایک بوتل

ترکیب تیاری

پہلے ریکپور کو کھرل کر کے تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر نیمبو کے پانی میں کھرل کریں اس کے بعد مرچ سیاہ کے برابر گولیاں تیار کریں ۔

ترکیب استعمال

بچوں کو ایک صبح ایک شام بڑوں کو ۳ گولیاں صبح وشام دیں

فوائد

یہ نسخہ میں طویل عرصے سے سورائیسس میں استعمال کر رہا ہوں ۔ بڑا مفید نسخہ ہے ابتدا میں تو کئی لوگون کو فائدہ ہو جاتا ہے البتہ جب مرض پختہ ہو جائے تو فائدہ کم ہوتا ہے۔

لیکن اس کے ایک دو ماہ کے استعمال سے کچھ سال آرام آجاتا ہے لیکن پھر دو بارہ مرض ہو جاتا ہے بہرحال خوردنی دوائوں میں اس سے بہتر نسخہ میں نے نہیں دیکھا۔ اگر مریض کو قبض ہو تو سنا کا وزن دو گنا کر دیں۔ مسلسل طویل عرصہ استعمال نہیں کرنا چاہئے۔ دیگر فوائد میں کینسر ،زخم، سوزاک اور آتشک میں فائدہ کرتا ہے

(۲۵۷) کرشماتی

کچلہ مدبر ۱۰ گرام

گوگل ۱۰ گرام

مغز تخم نیم ۱۰ گرام

ترکیب تیاری

تمام ادویہ کو پیس کر چنے کی برابر گولیاں تیار کریں ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ دودھ یا پانی استعمال کریں

فوائد

مقوی باہ ، سلسل البول،بواسیر ریحی وغیرہ کے لئے آزمودہ دوا ہے جس کی پہلی ہی خوراک اپنا اثر دکھاتی ہے۔

(۲۵۸) سردی روک

عقر قرحہ ۱۰ گرام

لونگ ۱۵ گرام

جائفل ۱۵ گرام

جاوتری ۱۵ گرام

دار چینی ۱۵ گرام

پیپل ۱۵ گرام

سونٹھ ۱۵ گرام

پیپل ۱۵ گرام

زعفران ۶ گرام

منقی ۱۲۰ گرام

پلہ سوختہ ۸ عدد

ترکیب تیاری

پہلے تمام اشیا کو منقی کے سوا کوٹ
چھان کر منقی ملاکر ہاون دستے میں
کوٹیں یہاں تک کہ تمام اشیا مل
جائیں اس کے بعد ۲۵۰ ملی گرام کی
گولیاں تیار کریں

فوائد

بنیادی طور پر یہ نسخہ مقوی اعصاب
ہے فالج لقوہ اور رعشہ میں مفید
ہونے کے علاوہ بدن کے درد کے
ساتھ مقوی باہ بھی ہے لیکن لطیفی
دواخانی میں سردیوں کی موسم میں اکثر
لوگوں کی فرمائش پر بنایا جاتا ہے وہ
اسے منہ میں رکھکر چوستے ہیں جس
سے شدید سردی میں بھی بدن گرم
رہتا ہے۔ یہ نسخہ آیورویدک کا ہے

ماہنامہ راہنمائے صحت فیصل آباد
میں بھی شایع ہوچکا ہے۔

(۲۵۹) اکسیر عضلاتی غدی

مرکی ۳۰ گرام
لونگ ۳۰ گرام
شنگرف رومی ۱۰ گرام

ترکیب تیاری

پہلے شنگرف کو باریک کرکے اس
کے بعد دوسری دوائیں ملاکر خوب
کھرل کریں اس کے بعد نخودی
گولیاں بنائیں

مقدار وخوراک

ایک ایک گولی دن میں تین یا چار
بار چائے سے لیا کریں

فوائد

بے حد مصفیٰ خون ہے۔ عصبی
دردوں فالج لقوہ رعشہ آتشک، جذام

خارش، نزلہ زکام دمہ کی لئے مفید
ہے۔بعد مقوی باہ، اور ممسک
ہے۔(صابر ملتانی)

(۲۶۰) خون روک

سنگ جراحت ۲۵۰ گرام
گیرو ۲۵۰ گرام
مائیں ۲۵۰ گرام
پھلی ببول ۲۵۰ گرام
پھنکڑی بریاں ۱۰۰ گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر سفوف بنائیں

فوائد

یہ خون روکنے کی لئے اکسیر صفت
ہے۔جسم کی ہر جگہ سے خون کے
اخراج کو روکتی ہے(یہ قرشی
دواخانے سے حابس کی نام سے ملتی
ہے)

(۲۶۱) اکسیر راحت

سنگجراحت چمکدار ۶۰ گرام
خرمہرہ زرد ۳۰ گرام
دونوں کو جو کوب کر کے خرمہرہ بانسہ
آدھ سیر کے کے نغدے میں دیکر کوزہ
گلی میں بند کر کے ۱۰ سیر پختہ اوپلہ
صحرائی میں آگ دیں کوزے کے
اندر سے جو کچھ برآمد ہو یعنی مع خاکستر
بانسہ وغیرہ پیس کر رکھیں اکسیر تیار ہے

مقدار و خوراک

ایک گرام تا تین گرام دن میں دو
تین مرتبہ ہمراہ شربت انجبار یا اعجاز
بدرقہ مناسب سے دیں

فوائد

نفث الدم،جریان الدم،سل نکسیر
وغیرہ، کی لئے پہلی خوراک سے ہی

انشاءاللہ تعالیٰ حیران کن فائدہ ہوتا
ہے۔

(۲۶۲) اکسیر نکسیر ۱

بوان اونٹہ کی لید خشک کر کے توے پر
رکھ کر آگ لگاکر کوئلہ کریں۔ آگ پر
رکھنے سے پہلے لید کی اوپر مٹی کا
پیالہ ضرور دیں جب کوئلہ ہو جائے تو
نیچے اتار کر اگر راکھ ۳۰ گرام ہو، تو ببول کا
گوند ۹ گرام ملاکر کھرل کریں اب اسے
باریک کپڑے سے چھان کر رکھیں

ترکیب استعمال

جس وقت بھی نکسیر ہو، تو ناک میں
ہلاس کی طرح لگائیں دو چار وزن
سے نکسیر رک جائے گی دوبارہ نہ
ہوگی۔

بہرحال یہ نسخہ اصولی طور پر درست
اور مفید معلوم ہوتا ہے۔ یہ نسخہ حکیم
محمد صالح لاکھونی لعلی سندھی کتاب
باب الحکمت میں درج کیا ہے۔

(۲۶۳) اکسیر نکسیر ۲

سیسہ یعنی سکہ ۵۰ گرام کو آہنی کڑاہی
میں پگھلاکر قلمی شورہ باریک شدہ کو
تھوڑے تھوڑے وقفے سے چٹکی
دیں اور پیپل کی تازہ لکڑی سے
چلاتے جائیں حتیٰ کہ سیسہ برنگ
خاکستری رنگ ہو جائے اس کشتہ کو
دس منٹ لعاب گھیکوار میں حل
کر کے قرص بنالیں اور ایک کوری
مٹی کی پیالی میں رکھ کر کوئلوں کی آگ
پر رکھیں جب قرص خشک ہو جائیں
تو مٹی کی پیالی میں رکھکر اسی طرح
سات مرتبہ آگ دیں۔ اسکے بعد
نہایت باریک پیس کر رکھیں

نوٹ پیپل کی لکڑی کا سرا اگر کچھ جل
جائے تو تراش دیا کریں

فرق میں معمولی فائدہ ہوتا ہے تکلیف
برقرار رہے تو جراحی کرائیں۔ ویسے
بھی میں نے ایسے کئی مریض دیکھے
ہیں جنھوں کو ۳۰ سال ہوگئے سرجری
نہیں کرائی شادی کی بچے جوان ہو
گئے لیکن آپریشن سے ڈر کی وجہ سے
چل رہے ہیں۔

(۲۶۸) برائے زہر سم الفار

کتھ ہندی ۲۰ گرام کا پانی میں شیرہ
نکال کر پلائیں چار گھڑی کے بعد پھر
دوبارہ پلادیں اور اس کے اوپر سے
دودھ اور گھی ملا کر پلائیں

فوائد

سم الفار کے زہر کو دور کرنے کے
لئے فوراً ہی کام کرتی ہے۔

(۲۶۹) حب اصطم خیقون

پوست بلیلہ کابلی ۱۰ گرام
آملہ ۳ گرام
افسنتین رومی ۳ گرام
غاریقون مسفی ۳ گرام
اسارون ۷ گرام
انیسون ۷ گرام
تخم کرفس ۷ گرام
تربد مجوف خراشیدہ ۲۴ گرام
افتیمون ۱۷ گرام
ایارج فیقرا ۳۱ گرام
قرنفل گلدار ۳ گرام

ترکیب تیاری

سب کو کوٹ چھان کر نگاہ میں رکھیں
مصری ۱۴ گرام کو تھوڑے سے پانی
میں حل کر کے سقمونیا ولایتی ۷ گرام کو
اس میں حل کریں دوائیں ملا کر گولیاں
بقدر نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال

پوٹلی باندھیں اور توے پر گرم کر کے چوٹ کے مقام پر سینک کریں چار سات تک سینکنے کے بعد تمام اجزا کو یم گرم باندھ دیں اور تین روز کے بعد کھولیں

منافع

پرانی چوٹ کے درد کو رفع کرنے کیلئے غایت درجہ سود مند ہے۔ حکیم جلیل احمد نصاری کا بارہا کا مجرب ہے۔

(۲۶۶) حب برائے ضربہ

گندم حسب ضرورت لے کر اس قدر جلائیں کہ کچی نہ رہے اور نہ جل کر خاکستر ہو جائے اس کی بعد اس میں قند سیاہ ہموزن ملا کر خوب کوٹیں اور قدرے روغن زرد ملا کر گولیاں بنائیں

مقدار وخوراک

۱۲ گرام

منافع

ضربہ یعنی چوٹ کے لئے مفید ہے اس کے استعمال سے تین روز میں درد اور تکلیف بالکل دور ہوجاتی ہے۔

(۲۶۷) سفوف فتح

کندر ۶۰ گرام
کباب چینی اصلی ۴۰ گرام
اندر جو تلخ ۴۰ گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں

ترکیب استعمال

۳ گرام صبح و شام جوانوں کو دیں ۵ سے ۱۰ سال کی بچوں کو ۱٫۵ گرام صبح وشام دیں

فوائد

ترکیب استعمال

۱۵۰ ملی گرام یہ کشتہ مکھن میں ملا کر صبح وشام استعمال کریں

فوائد:

نکسیر کثرت حیض، و نفاس خونی بواسیر ہر قسم کے خون بند کرنے کے لئے اکسیر ہے راقم الحروف نے کافی مرتبہ تیار کیا مندرجہ بالا امراض کی علاوہ جریان منی میں بھی استعمال کراتا ہوں مفید نسخہ ہے۔

(۲۶۴) حب محلل الاورام

آرد نخود کو تھوہر کے دودھ میں گوند کر گوندے ہوئے آٹے، میں لپیٹ کر بھوبھل میں دبادیں جب آٹا سرخ ہو جائے نکال کر نخودی گولیاں بنائیں۔

مقدار و خوراک

ایک گولی صبح ایک گولی شام مناسب بدرقہ سے دیں

فوائد

اندرونی اورام کو تحلیل کرتا ہے۔ حکیم فرید احمد عباسی مرحوم کا کہنا ہے کہ ایک کالج کا مریض تھا اس کو آنکھوں میں ورم تھا۔ بڑے بڑے ڈاکٹروں اور حکیموں کا علاج کر چکے تھے کالج کی مطب میں آئے یہ ہی نسخہ دیا گیا اور مریض صحتیاب ہو گیا۔

(۲۶۵) درد ضربہ کہنہ

مغز تخم بیدانجیر ۲۰ گرام
مالکنگنی ۲۰ گرام
آنبہ ہلدی ۲۰ گرام
کنجد سیاہ ۲۰ گرام
بکری کے گردے کی چربی ۲۰ گرام
سب کو کوٹ کر چربی ملا کر کپڑے میں

دو سے ۵ جوب رات کو سوتے وقت مسلسل استعمال کریں خاطر خواہ فائدہ ہوگا

فوائد

قوت دماغ، دل، معدہ اور باہ کی لئے بے عدیل ہے۔

(۲۷۰) ضماد ورم بارد خصیہ

گیرو
زنجبیل
بولہ
کنجد سیاہ

سب دوائیں بقدر ضرورت مساوی لیکر گائے کے پیشاب میں پکائیں اور نیم گرم لیپ کریں

منافع

خصیوں کی ورم کو نافع ہے۔ تین دن میں سختی صلابت وغیرہ کو برطرف کردیتا ہے

نوٹ اگر گائے کا پیشاب دستیاب نہ ہو تو مکو کی پتوں کے پانی یا عرق مکو سے دیا جاسکتا ہے۔

(۲۷۱) عقرب گزیدہ

چرچٹہ کی جڑ کو ہاتھ میں لیکر اگر بچھو کو پکڑلیں تو نہیں کاٹے گا اور بچھو کے کاٹے ہوئے مقام پر گھس کر لگادیں تو درد وغیرہ فی الفور دور ہوجائیگا۔ حکیم یوسف حسن راولپنڈی والے نے طب مخفی میں لکھا ہے کہ نسخہ صحیح ہے۔ایک عرس کے موقعے پر ہزاروں آدمیوں کے سامنے ایک شخص ایک ہی جڑ ایک ہاتھ میں لئے بچھوؤں کو جسم پر چلا رہا تھا اس نے

اس جڑی پر روغن لگایا ہوا تھا تاکہ شناخت نہ ہو سکے۔

(۲۷۲) نسخہ نمبر ۲

اٹل کا بیج اس قدر رگڑیں کہ اندر کی سفیدی ظاہر ہو۔ اس کے بیج کو بچھو کے ڈنگ والی جگہ پر رکھ دو۔ یہ اسی وقت چمٹ جائیگا۔ اور اس وقت تک جدا نہ ہوگا جب تک زہر نہ چوس لے۔ اس کے بعد خود بخود گر جائیگا۔

(۲۷۳) مرہم سفید

بہروزہ ۵۰ گرام
رال سفید ۵۰ گرام
سفیدہ کاشغری ۵۰ گرام
روغن کنجد ۸۰ ملی لٹر

ترکیب تیاری

روغن گرم کرکے بہروزہ باریک داخل کریں اس کے بعد رال تھوڑا تھوڑا داخل کریں جب اچھی طرح مل جائیں تب سفیدہ تھوڑا تھوڑا ڈالیں ہلاتے رہیں سفید رنگ کا مرہم تیار ہو گا۔

ترکیب استعمال

صاف کپڑے پر لگا کر لگائیں اگر زخم گہرا ہو تو مرہم زخم پر لگائیں۔ اوپر پٹی باندھ دیں۔

فوائد

گوشت اگانے اور زخم بھرنے کی لئے اس سے بہتر کوئی مرہم نہیں لطیفی دواخانی میں ۳۵ سال سے بن رہا ہے۔ یہ انتہائی موثر مرہم ہے اس لئے ہر طبیب کو تیار کرکے رکھنا چاہئے۔

(۲۷۴) حب اذراقی جدید

کچلہ سفوف شیر مدبر ۲۰ گرام

عقرقرحہ ۲۰ گرام

اسگند ۲۰ گرام

جاوتری ۲۰ گرام

سب کو باریک کرکے کوٹ چھان کر ۲۵۰ ملی گرام کی گولیاں تیار کریں۔

مقدار و خوراک

صبح و شام ایک گولی بعد طعام پانی کے ساتھ استعمال کریں

فوائد

مقوی اعصاب ،فالج لقوہ، وجع مفاصل، اعصابی درد و اسرخا، وغیرہ میں مفید ہے ۔حکیم انیس احمد صدیقی کا کہنا ہے کہ یہ جوب اختلاج قلب معدی میں بھی نہایت مفید ہے۔

(۲،۵) حب گل آک

گل مدار

زنجبیل،

فلفل سیاہ

برگ بانسہ ہر ایک ۲۰ گرام

ترکیب تیاری

سب کو کوٹ چھان کر بقدر نخود گولیاں بنائیں

ترکیب استعمال

دو گولی صبح کو اور دو گولی شام کو پانی سے کھائیں

فوائد

وجع مفاصل کو فائدہ بخشتی ہے۔

(۲،۶) جوشاندہ وجع مفاصل

سورنجان شیریں ۳ گرام

چوب چینی ۳ گرام

بادیاں ۵ گرام

تخم خیارین ۵ گرام نیم کوفتہ

اصل السوس مقشرہ گرام

فالج کی وجہ سے یہ نسخہ موثر نہیں
رہا۔ میں نے علم الادویہ جلد دوم
میں بحث کر کے ثابت کیا ہے
عرب اطباء سورنجان سے مراد
سورنجان تلخ لیتے تھے وہ سورنجان
شیریں سے واقف نہیں تھے۔

(۲۷۹) حب درد مفاصل

اذراقی مدبر ۳۰ گرام
مرچ سیاہ ۳۰ گرام
دونوں کو آب ادرک ۲۰۰ گرام اور آب
برگ نیم ۲۰۰ گرام میں کھرل کرل
کر کے دانہ مونگ کی برابر گولیاں تیار
کریں

ترکیب استعمال

ایک سے دو گولی عرق گلاب کی ہمراہ
کھلائیں

فوائد

اس سے جوڑوں کا درد ختم ہو جاتا ہے
ابتدائے مرض میں تو یہ گولیاں جادو
کا اثر کرتی ہیں۔

(۲۲۸۰) اکسیر عرق النسا

پھماتک ۵ گرام
کچلہ مدبر ۱۵ گرام
سونٹھ ۲۰ گرام
ورل ۳۰ گرام
ایلوا ۳۰ گرام
تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر گھیکوا
کی مدد سے کھرل کر کے چنے کی بر
گولیاں تیار کریں

وزن

ایک صبح ایک دوپہر ایک رات

فوائد

عرق النسا اور جوڑوں کے در
لئے مفید ہے۔

پودینہ ۱۰۰ گرام

قولنجان ۱۰۰ گرام

سونٹھ ۱۰۰ گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر سفوف تیار کر کے رکھیں

مقدار و خوراک

ایک گرام سے دو گرام تک

فوائد

اکثر بدن کے درد کے اقسام میں مفید ہے

لطیفی دواخانے میں ہمہ وقت نسخہ تیار رہتا ہے۔ اکثر لوگ بدن اور جوڑوں کے ابتدائی دردوں میں لے نے آتے ہیں کبھی کبھار حب اذراقی صبح و شام دینے سے فائدہ ہوتا ہے۔

(۲۷۸) حب سورنجان

سورنجان تلخ ۵۰ گرام

پوست ہریڑ ۵۰ گرام

ایلوا ۵۰ گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر ۵۰۰ ملی گرام کی کیپسول تیار کریں۔

ترکیب استعمال

ایک سے دو کیپسول دن میں تین مرتبہ استعمال کریں

فوائد

عرق النسا اور جوڑوں کے درد کے درد کی لئے مفید ہے

نوٹ: یہ نسخہ حکیم رازی کا ہے انہوں نے عرق النسا کی لئے اپنی کتاب برء الساعہ یعنی اسی وقت فائدہ کرنے والا لکھا ہے لیکن برصغیر میں سورنجان تلخ کی جگہ سورنجان شیریں

اسگند ناگوری ۳ گرام

فوائد

درد کمر وجع مفاصل، نقرس اور گٹھیا کی
لئے مفید ہے ابتدا میں بہتر ہے کہ
اسے صبح و شام استعمال کرایا جائے
دوسرے ہفتے اوجائی کے دو قرص
اور تیسرے ہفتے میں رات کو قرص
ملین استعمال کرایا جائے ۔ میرے
تجربے کی مطابق اس نسخہ سے خودد
بخود بعض لوگوں کو دست ہو جاتے
ہیں اکثر ۲۱ دن میں فائدہ ہو جاتا ہے
اگر درد شدید ہو تو میں اوجامی ایک
قرص صبح ایک شام کھلاتا ہوں ۔ کسی
کو معجون سورنجان ۵ گرام بھی دے
سکتے ہیں ۔ یہ نسخہ بنیادی طور پہ ہمدرد
انڈیا اور ہمدرد پاکستان کے مطب میں
بکثرت مستعمل ہے ۔ اس نسخہ میں
کمال کی بات یہ ہے کہ
رہمویدذار تھرائیٹس Rh.A.Facter
مثبت ہوتا ہے ۔ وہ منفی ہو جاتا ہے
۔ ایلوپیتھک میں یہ ناممکنات میں
سے ہوتا ہے ۔ اس نسخے سے بھی ۵۰
فی صد کا منفی ٹیسٹ ہو سکتا ہے
ویسے یہ نسخہ اگر اصول علاج کو مد نظر
رکھ کر استعمال کیا جائے تو جوڑوں کے
درد میں کسی اور دوا کی ضرورت نہیں
رہتی البتہ جو لوگ کارٹی سون کا طویل
استعمال کر کے آتے ہیں انہیں
فوری فائدہ نہیں ہوتا انہیں انگلش
دوائی آہستہ آہستہ چھڑوائیں
۔ انشاءاللہ ضرور فائدہ ہوگا یہ نسخہ اپنی
جگہ مکمل اور مجرب ہے

(۲۷۷) سفوف وجع لطیفی

اجوائن دیسی ۱۰۰ گرام
سونف ۱۰۰ گرام
سورنجان تلخ ۱۰۰ گرام

ذاتی ریسرچ تجربات

معجون فلاسفہ کا ایک ریسرچ پہلو

نسخہ معجون فلاسفہ کو دنیا کے اسٹینڈرڈ
کے مطابق ہے کیونکہ بیخ بابونہ علیحدہ
علیحدہ یا تخم بابونہ کا دستیاب ہونا
مشکل ہے۔ یہ معجون ہر دواخانہ کثیر
مقدار میں تیار کرتا ہے اور خوب خرید و
فروخت ہوتی ہے۔ لیکن اطباء قدیم
نے جو فوائد تحریر کیے ہیں یا جن کا ذکر
کیا ہے۔ وہ تجربات میں صحیح ثابت
نہیں ہوتے حکیم سید گل الرحمان
نے اپنی کتاب المرکبات میں درج
ذیل فوائد لکھے ہیں پہلے تو نام کا ذکر
ہے کہ فلاسفہ سے مراد دماغی کام
کرنے والوں کی دوا۔

(۲۸۱) معجون فلاسفہ

آملہ خشک ۵۰ گرام
بلیلہ ۵۰ گرام
فلفل ۵۰ گرام
ثعلب مصری ۵۰ گرام
شیطرج ہندی ۵۰ گرام
دارچینی ۵۰ گرام
زراوند مدحرج ۵۰ گرام
سونٹھ ۵۰ گرام
مرچ سیاہ ۵۰ گرام
گل بابونہ ۷۵ گرام
مغز چلغوزہ ۵۰ گرام
نارجیل ۵۰ گرام
مغز منقی ۱۵۰ گرام
چینی کا قوام ایک کلو ۸۷۵ گرام

ترکیب تیاری

گل بابونہ تک تمام دوائیں کوٹ
چھان کر رکھیں چلغوزہ اور نارجیل
الگ الگ کوٹ کر ملائیں اس کے
بعد منقی کو پانی سے دھو کر ذرا ذرا پانی

میں ابالیں ۔اس کے بعد اسے
مسل کر چھان لیں اب پانی اور چینی
ملا کر قوام تیار کریں اس کے بعد تھوڑا
تھوڑا سفوف ملا کر معجون تیار کریں

مقدار و خوراک

۵ گرام صبح و شام

فوائد

میں دماغ و اعصاب کو قوت دیتی
ہے نسیان دور کرتی ہے۔معدے کی
اصلاح اور بھوک لگاتی ہے۔کمر،گردہ
اور مفاصل کی درد میں مفید
ہے۔مقوی باہ اور مولد منی ہے
پیشاب کی زیادتی کو روکتی ہے
بہرحال میں وثوق سے کہتا ہوں کہ
اس وقت معجون فلاسفہ سے اتنے
فوائد مشاہدے میں نہیں آتے خیر ہر
ایک کے اپنے اپنے تجربات ہوتے
ہیں میں ۱۹۷۹ میں کمر درد اور قوت
باہ کیلئے استعمال کراتا تھا معمولی فائدہ
ہوتا تھا لیکن مریض مطمئن نہیں
ہوتے تھے منی پیدا کرنے میں بھی
اس کے فوائد مشاہدے میں نہیں
آئے بعض اوقات مریضوں کا
پیشاب کم ہونے کے بجائے بڑھ
جاتا تھا۔حتی کہ پیشاب سرخ بھی ہو
جاتا تھا۔بوڑھے مریضوں کو فائدہ ہوتا
تھا۔لیکن جوانوں کو بہت کم میرے
مطب مین کافی ڈرائیور لوگ جو موٹے
تازے ہوتے تھے۔وہ معجون فلاسفہ
خانہ ساز لیکر جاتے تھے۔میں اوپر والا
نسخہ ہی بنا کر دیتا تھا۔جب ان سے
پوچھتا تھا بھائی اس سے کیا فائدہ ہوتا
ہے ان کا کہنا تھا کہ اس کے کھانے
سے طبیعت صحیح رہتی ہے بدن ہلکا
ہو جاتا ہے نیند صحیح آتی ہے اور کبھی
کبھی کبھار سر کا درد کم ہو جاتا ہے ان

فوائد کا ذکر کسی کتاب میں نہیں جو
لوگ مسلسل استعمال کرتے تھے ان
کو پیشاب سرخ ہو کر خون بھی آجاتا
تھا۔ بہرحال اس زمانے میں مجھے کچھ
سمجھ میں نہیں آیا۔ خاص کر یہ کہ اس
کا گردوں پر بھی اثر ہے۔ یہ باتیں
صرف بھاری بھرکم لوگوں میں
مشاہدے میں آئے۔ دبلے پتلے
لوگوں کو نہ تو کمر کا درد کم ہوتا تھا نہ
قوت باہ بڑھتی تھی۔ نہ ہی کوئی
اعصابی قوت مشاہدے میں آتی
بہرحال میں معجون فلاسفہ مہینے بھر
میں ۴۰ کلو کے قریب نکالتا تھا۔ اس
لئے ان لوگوں کا رکارڈ بھی رکھتا تھا
۔ ہمارے محلے کا مریض جس کو فالج کا
حملہ ہو چکا تھا۔ لیکن چلنے پھرنے اور
بولنے میں دقت محسوس ہوتی تھی
اس کو معجون فلاسفہ ۵ گرام صبح و شام
دیتا رہا۔ اور وہ بھی معجون فلاسفہ کا
عادی ہو گیا اس کی نبض ہمیشہ عظیم
صلب متواتر رہتی تھی چونکہ فالج کا
مریض رہ چکا تھا اس لئے بلڈ پریشر بڑھا
ہوا تھا۔ سر کا درد نیند کی کمی کی اسے
شکایت تھی ان کا کہنا تھا کہ اس سے
چلنے پھرنے میں دشواری کم ہو جاتی
ہے۔ اور لکنت کا عارضہ بھی کم ہو
گیا اس کے بعد میں بچوں کی لکنت
میں معجون فلاسفہ دیتا ہوں بہت
زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔ بہرحال اعصاب
پر اس کی اثرات تو نظر آئے لیکن
اسے مقوی اعصاب نہیں کہا جا
سکتا۔ لیکن آگے چل کر معلوم ہوا کہ
بعض لوگوں کا اس سے وزن تیزی
سے کم ہوتا ہے پھر ہم نے اسے
وزن کم کرنے کی لئے استعمال کرنا
شروع کیا تو معلوم ہوا کہ بعض کا وزن

۲۵۰ ملی گرام دن میں تین مرتبہ دیں
اگر فائدہ نہ ہو تو ۵۰۰ ملی گرام تک
دے سکتے ہیں

فوائد

حکیم صابر ملتانی کا نسخہ ہے انہوں
نے لا تعداد فوائد گنوائے ہیں لیکن
مین اسے صرف دو مرضوں میں
استعمال کراتا ہوں ۔ نفث الدم چاہے
کسی قسم کا ہو البتہ تضیق صمام تاجی
کا نفث الدم نہ ہو میرے پاس ایک
مریض ایکس رے رپورٹ لے کر آیا
۔اس میں سانس کی نالیوں میں زخم
بتائے گئے اور یہ بھی تشخیص ہوا کہ
وہ زخم ٹی بی کے نہیں ہیں ۷ سال
سے کھانسی اور خون آرہا ہے ۔ ٹی
بی تشخیص نہ ہوئی میں نے یہ ہی
نسخہ دیا۔ ۱۵ دن میں خون بند ہوگیا
لیکن وہ دوا لینے آتا رہا میں نے
ہڑتال ورقی کی وجہ سے منع کیا لیکن
وہ دو سال تک استعمال کرتا رہا۔ منع
کرنے کے باوجود، استعمال کر رہا تھا
اس کا کہنا تھا کہ دوا کے بغیر بے
چینی ہوتی ہے ۔ ۲۰ سال ہو گئے وہ
مریض زندہ ہے ۔بواسیر کے خون میں
بھی کبھی استعمال نہیں کی ۔اس نسخہ
کا دوسرا کمال یہ ہے کہ یہ جگر کے
پھوڑوں کی اکسیری دوا ہے ۔ایک
ایسا مریض جسے جگر میں نہ صرف
پھوڑے تھے لیکن پیپ کی وجہ سے
پھٹنے کے قریب تھے ڈاکٹروں نے
جواب دے دیا تھا اسی اکسیر کی وجہ
سے ہفتے کے اندر صحت یاب ہوا
اس کے بعد میرا معمول ہے کہ جب
بھی جگر کے پھوڑے کا مریض آیا
اسے دن میں تین سے چار مرتبہ
صرف یہ اکیلی دوا دیتا ہوں بخار تو دو

کولیسٹرول بڑھا ہوا ہے تو معجون فلاسفہ مہینہ میں ایک کلو سے لیکر ۵ کلو تک وزن کم کرتی ہے لکنت میں مفید ہے کولیسٹرول نارمل ہو جائے تو وزن کم نہیں ہوتا۔ وزن کم ہونے کی وجہ شاید اس کا ایڈرنالیں غدود پر اثرات کی وجہ سے ہے۔ اب اطباء کرام میرے تجربات کی روشنی میں اس کام کو آگے بڑہائیں ہو سکتا ہے کہ معجون فلاسفہ کارونری ڈزیز میں بھی مفید ہو میرے خیال میں اس میں خون کو پتلا کرنے کی بھی صلاحیت ہے اس کو مریضوں کو کھلاکر خون پتلا ہونے کے ٹیسٹ کرائے جائیں اگر واقعی خون پتلا ہونے کی تصدیق ہو جائے تو دل کے امراض میں ایس کارڈ اور کولیسٹرول کو کم کرنے کی دوا دینے کی جگہ صرف معجون فلاسفہ کھلائیں اس طرح بلڈ پریشر کی گولیوں کی ضرورت بھی کم پڑے گی۔

(۲۸۲) غدی اعصابی اکسیر

سنا مکی ۱۲۰ گرام

سونٹھ ۸۰ گرام

مرچ سیاہ ۶۰ گرام

نوشادر ۲۰ گرام

ہڑتال ورقی ۱۰ گرام

ترکیب تیاری

تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر وزن کر لیں اس کے بعد ہڑتال ورقی میں سونٹھ تھوڑی تھوڑی سی ملاکر کھرل کرتے رہیں اس کے بعد مرچ سیاہ اور نوشادر ،سنا ملائیں مزید ۴ گھنٹے کھرل کر کے رکھیں

مقدار و خوراک

مہینے میں ایک کلو سے ۵ کلو تک کم
ہوتا ہے لیکن اکثریت کا دو مہینے
کھلانے سے ۵۰ گرام وزن بھی کم
نہیں ہوا میں اپنے مشاہدات میں لگا
رہا میں نے سندھی زبان میں ایک
ماہنامہ جاری کیا تھا اس کی کسی
اشاعت کے اداریے میں میں نے
لکھا کہ ہم لوگ جدید امراض میں
ریسرچ نہیں کر رہے ہیں اب تک
مشہور یونانی دواخانے بھی کولیسٹرول کو
کم کرنے کی دوا ایجاد نہیں کر سکے
ہیں۔اس کی اشاعت کے فوراً بعد
برادرم حکیم محمد عثمان کھتری مرحوم کا
خط موصول ہوا جس میں مرحوم نے
لکھا کہ اس کے دواخانے نے کولس
کی نام سے کیپسول تیار کیے ہیں جن
سے کولیسٹرول کم ہوتا ہے۔ایک
چارٹ بھی کئی مریضوں کا روانہ کیا
جس میں کولیسٹرول کے کم ہونے
کے ساتھ وزن کم ہونے کا بھی ذکر
تھا حکیم صاحب سے میرے گہرے
روابط تھے اس لئے انہوں نے نسخہ
بھی روانہ کیا۔چونکہ یہ ایک تجارتی
نسخہ ہے بس اتنا لکھتا ہوں کہ وہ نسخہ
معجون فلاسفہ کی قریب تر تھا یا یوں
کہوں کہ معجون فلاسفہ اور کولز کے فوائد
میں کوئی خاص فرق نہیں تھا۔حکیم
صاحب کا دواخانہ باقاعدہ کولز کیپسول
بڑے اہتمام سے بناتا ہے قلب کا
رنگیں فوٹوان کی ڈبی پر پرنٹ کیا ہوا
ہے فوائد میں صرف کولیسٹرول
کے لئے مفید لکھا ہے۔ظاہر ہے
میں نے پھر معجون فلاسفہ کو اس نہج
پر پرکھا۔اس کی بعد میرے مشاہدے
کے مطابق معجون فلاسفہ کولیسٹرول کو
کم کرنے کی بہترین دوا ہے اگر

دن میں کم ہو جاتا ہے ہفتے کے اندر
مریض صحتیاب ہو جاتا ہے اس
مرض میں ہتلا اور جگر کی جگہ پر درد ہوتا
ہے ویسے بھی آجکل الٹرا ساؤنڈ میں
آسانی سے معلوم ہو جاتا ہے۔
حکیم صابر ملتانی کے کہنے کے
مطابق اعلیٰ درجے کی مقوی باہ
ہے جگر اور گردوں کو تقویت دیتی
ہے صفرا کی زیادتی پیشاب کی جلن
مروڑ غدی کھانسی سل و دق استسقا
ذکی یرقان سوء القنیہ صفراوی خارش
میں مفید ہے

(۲۸۳) موٹاپا دور

سرخ ارنڈ کے پتے خشک
لاکھ بیری ہر ایک برابر وزن لے کر
باریک کر کے رکھیں

مقدار و خوراک

۲ گرام روزانہ نیم گرم پانی سے
کھلائیں

فوائد

موٹاپا ختم ہو کر بدن اصلی حالت پر
آجائے گا۔

(۲۸۳) اوب لین کیپسول

گوگل ۲۰۰ گرام
تریپھلہ ۶۰ گرام
چترک ۳۰ گرام
باؤبڑنگ ۳۰ گرام
نمک لاہوری ۳۰ گرام
خبث الحدید ۳۰ گرام
ترکٹہ ۳۰ گرام
ناگرموتھا ۳۰ گرام
سالٹ ۳۰ گرام
کدو ۲۰۰ گرام

ترکیب تیاری

کوٹ چھان کر ۵۰۰ ملی گرام کے
کیپسول تیار کریں

ترکیب استعمال

ایک سے دو کیپسول دن میں تین
مرتبہ دیں

فوائد

موٹاپا اور غیر طبعی شحم کا جسم میں جمع
ہونا جسم کی شحم کو جلانے میں معاون
ہے جسم میں قوت مدافعت میں
اضافہ کرتی ہے خاندانی موٹاپے کو
بھی ختم کرتی ہے، عورتوں کی
ماہواری کی خرابیوں کو بھی دور کرتی
ہے خاص کر بھاری بھرکم عورتوں
میں مفید ہے۔

(۲۸۵) اکسیر تونڈ

آب افتیمون ۲۵ ملی لٹر
افسنتین ۱۲ گرام

دونوں کو ملا کر سایہ میں خشک کریں
جب خشک ہو جائے تو
نمک سیاہ ۹ گرام
دانہ الائچی خورد ۶ گرام
سوڈا بائیکارب ۲ گرام
ہینگ خاص ۲۵۰ ملی گرام

ترکیب تیاری

تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار
کریں

مقدار خوراک

ایک گرام سے دو گرام تک صبح و
شام پانی سے کھلائیں تین دن ناغہ
کریں پھر ایک ہفتہ دوائی پانی سے
کھلاتے رہیں

فوائد

یہ سفوف بڑھے ہوئے پیٹ یعنی
توند نکلنا میں مفید ہے صرف دو ہفتے
میں توند کم ہو جاتی ہے۔ ضعف ہضم

مزمن خرابی شکم کم ہو کر صحت ہو جاتی ہے۔

(۲۸۶) کالا آزار

یہ بخار پرانے زمانے سے موجو ہے لیکن باقاعدہ اس کا ذکر ایلو پیتھک والوں نے ہی کیا ہی حال ہی میں یہ پاکستان میں ہوا تھا۔ اور اس سے کافی اموات ہوئیں اس بخار میں مریض کی جلد سیاہی مائل ہو جاتی ہے بخار ہر وقت رہتا ہے کبھی کم اور کبھی زیادہ جگر اور طحال بڑھ جاتے ہیں۔ کشتہ شنگرف ۲رتی دواء المسک معتدل جواہر دار میں ملا کر نہار منہ دیں کھانے کے بعد طحال کی کوئی دوا دیں۔

پاکستان میں وبا کی دوران اکثر حکما نے ۲۵ ملی لٹر ارنڈ خربوزے کے پتوں کا پانی پلانے سے اس مرض کے خاتمے کا ذکر کیا ہے۔

پلیٹ لیٹز کی کمی

خون میں پلیٹ لیٹز کی کمی کی وجہ سے جسم کے نازک اعضا سے معمولی چوٹ یا کسی اور وجہ سے خون آجاتا ہے ہیمو فیلیا ایک لاعلاج بیماری ہے اس میں بھی پلیٹ لیٹز کی کمی ہوتی ہے بعض دوسری بیماریوں میں بھی پلیٹ لیٹز کی کمی ہو جاتی ہے اس کمی کی وجہ سے مریض بظاہر تندرست معلوم ہوتا ہے عورتوں میں پلیٹ لیٹز کی معمولی کمی کی وجہ سے حیض رکتا نہیں بہر حال یہ مجربات کی کتاب ہے بیماری کی تفصیل تو کسی

کی ازاج میں مفید ہے، ہائی بلڈ پریشر میں بھی کارآمد ہے۔ حکیم لقمان کا کہنا ہے کہ وہ اسے لیوکیمیا ہیموگلوبن کی کمی تھیلے سیمیا میں بھی برتتے ہیں۔

(۲۸۹) کیپسول دھماسہ

دھماسہ ایک مشہور جڑی بوٹی ہے۔ جسے پچی بوٹی بھی کہا جاتا۔ کینسر شریانیوں کے بند ہونے اور تھے لیسیمیا میں شہرت کی وجہ سے پنسار اسٹوروں سے آسانی سے دستیاب ہو جاتی ہے۔

دھماسے کو لکڑیوں وغیرہ سے صاف کرکے مشین سے باریک پسوا کر چھلنی سے چھان کر رکھیں۔ اس کے بعد ڈبل زیرو کے کیپسول بھر کر رکھیں۔

مقدار و خوراک

۲ کیپسول صبح دو کیپسول دو پہر دو کیپسول رات کو پانی کے ساتھ دیں

فوائد

اس کے لاتعداد فوائد ہیں کینسر اور بلڈ کینسر میں اس کی شہرت پہلے سے ہے۔ لیکن اچانک یہ نوید سننے میں آئی کہ دھماسہ بلڈ کلاٹس کو ختم کرتا ہے اس لئے برین ہیموریج میں مفید ہونے کے ساتھ دل کی بند شریانیوں کو کھولنے میں مفید ہے۔ یہ مفید معلومات ڈاکٹر سیال کی تھی، وہ آغا خان میڈیکل یونیورسٹی اور ہاسپٹل میں پروفیسر تھے۔ انہوں نے کہا کہ جہاں بائی پاس اور انجیو گرافی کی ضرورت ہو وہاں دھماسہ استعمال کرنے سے شریانیں کھل جاتی ہیں اور بائی پاس کی ضرورت نہیں رہتی اس کا تجربہ راقم الحروف نے بھی

کیا میں شوگر کا مریض بھی ہوں
اچانک چلنے میں دشواری ہوتی۔ دو
قدم بھی چل نہیں سکتا تھا۔ وہاں
متعلق حیدرآباد میں دل کے
سرکاری وارڈ میں دکھایا انہوں نے
ایمرجنسی وارڈ میں داخل کیا فوری طور
پہ انجیوگرافی کا مشورہ دیا کراچی میں انجیو
گرافی ہوئی ڈاکٹروں نے نہ صرف
ایک بڑی شریان کے بند ہونے کا
بتایا ساتھ دوسری شریان ۵۰ فیصد
تنگ بتائی علاوہ ازیں چھوٹی چھوٹی
باریک رگیں بھی بند ہیں جہاں خون
نہیں پہنچ رہا تھا وہاں کالے نشان پڑ
چکے ہیں اب نہ تو بائی پاس ہو گا نہ
پی انجیو پلاسٹی اس لئے دوائیں لکھ کر
دیں۔ بہرحال کراچی کی تمام دل کی
ہاسپٹل کی یہ ہی بات تھی واپس گھر آ
کر علاج شروع کیا کوئی افاقے کی
صورت نہ نکلی دوبارہ آغا خان کا رخ
کیا۔ دوسرے ڈاکٹر کی بھی یہی
دوائیں کا وزن دوگنا کر کے بحال
کر دیا۔ لیکن تکلیف میں معمولی فرق
کے سوا کوئی خاص فائدہ نہیں
ہوا۔ ہومیو پیتھک ڈاکٹر تھے یہاں
ایک معروف ہومیو ڈاکٹر ہیں انہوں
نے مجھے مشورہ دیا کہ بھائی کریٹیگس
اور کیکٹس ہومیو مرتا کیا نہیں کرتا وہ دوا
بھی شروع کی اسی طرح دیسی
دوائیں بھی جاری ہیں ارجن ایک
گرام روزانہ لیتا ہوں دعا کے دو
کیپسول، اور ادرک کا ایک کیپسول لیتا
ہوں انگلش دوا بھی جاری ہے۔ اب
کچھ بہتر محسوس کرتا ہوں۔ آدھ کلو
اونٹنی کا دودھ بھی غذا میں شامل
ہے۔ اب دوبارہ طبیعت بہتر محسوس
ہوتی ہے میرے خیال میں دعا کے

کارول بھی ضرور ہے ڈاکٹر سیال نے
توینٹ پر باقاعدہ ایک بچے کی مکمل
تفصیل دی ہے جوکہ تھیلیسیمیا سے
مکمل تندرست ہوا تھا۔علاج سے
پہلے کی تصاویر اور تندرست ہونے
تک کی تصاویر دی ہیں۔اس سلسلے
کا ایک مضمون ایٹمی سائنسدان ڈاکٹر
قدیر نے جنگ میں تحریر کیا تھا کہ
برطانیہ کا کوئی پاکستانی ڈاکٹر دھنا سے
سے تھیلیسیمیا کا علاج کرتا ہے اس
کا تفصیلی ذکر جلد دوم طب یونانی کی
ٹرائیل بیں نسخے میں کروں گا۔

فوائد

اس کے علاوہ ہیپاٹائیٹس جراثیم منی
کی کمی کی علاوہ اٹھرا مرض کا شافی
علاج ہے اٹھرا میں ایک کیپسول
صبح وشام ۲ ماہ تک کھلائیں۔

(۲۹۰) اکسیر تھیلیسیمیا

انسانی کھوپڑی ہاتھ کرکے اس کو
توے پر ہلکا گرم کریں تاکہ اس میں
موجود بیکٹیریا یا جراثیم ختم ہوجائیں
۔اس کے بعد اسے کوٹ چھان کر
باریک سفوف بنائیں اگر ۲۵۰ گرام
ہڈی ہو تو ۲ بوتل عرق گلاب سہ آتشہ
دو میں کھرل کر کے خشک کریں۔
اس کے بعد سنبھال کر رکھیں دوا تیار
ہے

مقدار و خوراک

۲۵۰ ملی گرام کے کیپسول بھر کر
کھلائیں اور بچوں کو ۱۲۵ ملی گرام صبح و
شام دیں

فوائد

تھیلیسیمیا میں مفید ہے۔

شیر خوار بچے ایک ۱۲۵ ملی گرام اور
بڑوں کو ۲ گرام تک دے سکتے ہیں۔

فوائد

ااکھرا کاکواخسرہ موتی جھرہ حق کہ
چیچک تک کے بخاروں میں اکسیر مانا
گیا ہے۔یہ حکیم تمیذ جیلانی کا مجوزہ
نسخہ ہے بقول حکیم صاحب کی کبھی
بھی خطا نہیں ہوا۔

(۲۹۲) افیون چھڑاؤ نسخہ

شنگرف ۱۲ گرام
کچلہ مدبر ۱۵ گرام
عقر قرحہ ۱۲ گرام
بچھناگ مدبر ۱۲ گرام

سب کو باریک کرلیں اور دودھ
بھینس ایک سیر میں ملاکر آگ پر
رکھیں کھویہ بن جائے گا اتارکر خوب
کوٹیں کہ مانند موم ہوجائے

ترکیب استعمال

جتنی افیون کھانے کی عادت ہو
نصف افیون یہ دوا ملاکر کھلائیں ،تین
یوم کے بعد دو حصہ دوا اور تیسرا حصہ
افیون ختم کردیں اور دوا شروع کریں یہ
دوا بھی ایک ہفتے کے بعد چھوڑدیں
بغیر کسی تکلیف کے افیون کی عادت
چھوٹ جائے گی۔یہ نسخہ حکیم
نورالدین بھیروی کا ہے شاہکار بمیل
میں بھی یہ نسخہ موجود ہے۔

ماہنامہ اطبائے صحت ایڈیٹر حکیم محمد اشرف فیصل آباد

ماہنامہ طبی سنگت ایڈیٹر حکیم محمد یونس دہلوی کراچی

ماہنامہ شیخ صحت ایڈیٹر حکیم عبدالحئی قریشی حیدرآباد

ماہنامہ صحت سروس ایڈیٹر حکیم محمد یوسف

ماہنامہ محمد حق راولپنڈی

Hamdard Medicus publisher Hamdard (waqf)

سندھی کتب

حباب الحکمت عرف حکمت جا ہیرا حکیم مولوی محمد صالح لاکھو

رموز حکمت حکیم محمد یوسف لطیفی طبی اکیڈمی ٹنڈو محمد خان

فرہنگ کھتری ترتیب حکیم نیاز ہمایونی

کلیہ حضرت حکیم میاں علی محمد سید پور ٹکر ٹنڈو محمد خان

قرابادین حسینی حکیم حسین شاہ ٹھٹھہ ضلع ٹھٹھہ

قرابادین لطیفی اول، دوم، سوم، چہارم ترتیب و تالیف حکیم محمد یوسف کھتری

نم جا فائدا حکیم محمد یوسف کھتری ٹنڈو محمد خان

قلمی کتب

بیاض حکیم سید علی نظامانی ٹنڈو محمد خان

بیاض نامعلوم حاصل کردہ حکیم علی احمد نظامانی

بیاض صالح کھتری ٹنڈو محمد خان والد حکیم محمد یوسف

ان تمام کتب و رسائل اور بیاض کے علاوہ کئی اور ذرائع سے نسخہ جات حاصل کیے گئے ہیں اس کے علاوہ کئی حکیم دوستوں اور عطائی نسخہ جات شامل ہیں انفرادی نام لکھنا مشکل ہے اس لئے ان دوستوں سے معذرت خواہ ہوں جن کا نام نہ آ سکا ہو

۱۸ تمام بیماریوں کا طبی علاج حکیم فیض عالم فیض شمع بک ایجنسی کراچی
۱۹ تذکرۃ الاطبا حکیم ریاض احمد قریشی مکتبہ مشیر الاطبا
۲۰ تذکرۃ الاطبا حکیم محمد اشرف، اشرف اکیڈمی فیصل آباد
۲۱ دہلی کا صحیح مطب حکیم رضوان احمد کراچی
۲۲ سلک الدرر، حکیم علی محمد دہلوی کتب خانہ نفیس زندگی لاہور
۲۳ طبی ڈائریکٹری نعیم اختر ادارہ طبیب حاذق گجرات
۲۴ طب مخفی حکیم یوسف حسن راولپنڈی
۲۵ طبی ماسۃ عامل حکیم محمد حسین
۲۶ کلید حکمت حکیم غلام جیلانی امرت سری فیصل بکڈپو لاہور
۲۷ کتاب المجربات طبی بورڈ لاہور
۲۷ کتاب المرکبات حکیم ظل الرحمان انڈیا فیصل بکڈپو لاہور
۲۸ کنز العنایات حکیم نقش بندی
۲۹ گوہر شاہوار حکیم فضل الرحمان قدسی عطار خان راولپنڈی
۳۰ مجربات سلطانی حکیم مولوی محمد یار خان خان بشیر اینڈ سنز لاہور
۳۱ مجربات محبوبی سراج الحاذقین الحاج سید محبوب علی شاہ
۳۲ مجربات حکماء پاک و ہند حکیم محمد اسماعیل ادارہ مطبوعات سلیمانی
۳۳ ممتاز الاکاسیر اول و دوم حکیم اختر الاسلام صدیقی مکتبہ النور سرگودھا
۳۴ مطب ہمدرد پاک و ہند ہمدرد دواخانہ

رسائل

۱ ہمدرد صحت انڈیا ایڈیٹر حکیم عبد الحمید
۲ ماہنامہ الحکیم ایڈیٹر مختلف بانی حکیم فیروز الدین

معاون کتب و رسائل

۱ انتخاب جلیل مصنف حکیم جلیل احمد انصاری شافی دارالکتب

۲ تذکرہ جلیل مصنف حکیم جلیل احمد انصاری

۳ مجربات باباء طب حکیم فرید احمد عباسی ترتیب حکیم محمد یوسف

۴ کنز المجربات مصنف حکیم عبداللہ جہانیاں

۵ مطب و نسخہ نویسی مصنف حکیم محمد ایوب صدیقی

۶ شاہکار جلیل حکیم عبدالرحیم جمیل ایڈیٹر طبیب حاذق

۷ طب یونانی کا میٹریا میڈیکا حکیم شجاع الدین

۸ ہمدرد فارماکوپیا اردو ادارہ ہمدرد ہند و پاک

۹ اسرار شریانیہ حکیم عبدالوہاب انصاری

۱۰ آفتاب طب حکیم سید محمد عاقل گورنمنٹ طبیہ کالج بہاولپور

۱۱ القرابادین جلد اول و دوم حکیم کبیرالدین ادارہ المسیح دہلی

۱۲ افادات رشیدی حکیم عبدالرشید تلمیذ جیلانی

۱۳ ارمغان جواہرات حکیم محمد یعقوب شمیم قریشی ادارہ تعمیر طب لاہور

۱۴ بڑی بیاض حکیم شریف خان مترجم حکیم کبیرالدین

۱۵ بیاض اکرام حکیم سید اکرام حسین رضوی پنجرہ پول حیدرآباد

۱۶ بیاض حجازی حکیم رفیق احمد حجازی ٹوبہ ٹیک سنگھ

۱۷ تحقیقات المجربات حکیم صابر ملتانی نوری کتب خانہ لاہور

معمولات و مجربات حکیم محمد یوسف جلد دوم

کافی دنوں سے میں سوچ رہا تھا منضج و مسہل کا طریقہ تو قصہ پارینہ بن کر رہ گیا ہے۔ مرکبات سے علاج کا دور شروع ہوا جو کہ ہنوز جاری ہے۔ لیکن اس ہوش ربا گرانی میں مرکبات سے علاج کرنا جوئے شیر لانے کے برابر ہے۔ لوگ زیادہ دوائوں سے بھی کتراتے ہیں۔ اس لئے حکیم اکرام حسین سیکری اور میری دیرینہ دوست حکیم لقمان حامی دونوں کا یہ ہی نظریہ تھا کہ مفردات کے نسخہ جات پر کام ہو[نا] چاہیے، جس طرح حکیم جمال نبی سویدا نے صرف یاقوت کے کھلانے پیشاب [سے] خون آنے میں مفید قرار دیا، قرشی والے صرف اجوئن سے حب درد گردہ بناتے ہیں اسی طرح اشرف دواخانے والے موچرس سے پیچش کی دوا بناتی ہیں۔ ہمدرد وا[لے] صرف نمک جھاؤ سے اکٹرین بناتے ہیں جو کہ یرقان کی اکسیری دوا ہے اجمل ط[بیہ] کالیج علی گڑہ یونیورسٹی پوست انار سے گولیاں بناتے ہیں جو کہ فلیجل کا نہ صرف البدل ہے، لیکن اس سے بہتر ہے۔ اس نوعیت کے مفرد نسخہ جات اس کت[اب] میں موجود ہونگے

لطیفی طبی اکیڈمی ٹنڈو محمد خان

مصنف کے تحریر کردہ کتب

۱ قرابادین لطیفی جلد اول
۲ قرابادین لطیفی جلد دوم
۳ قرابادین لطیفی جلد سوم
۴ قرابادین لطیفی جلد چارم
۵ علم الادویہ لطیفی جلد اول
۶ علم الادویہ لطیفی جلد دوم
۷ علم الادویہ لطیفی جلد سوم
۸ علم الادویہ لطیفی جلد چارم
۹ علم الادویہ لطیفی جلد پنجم
۱۰ علم الادویہ لطیفی ششم زیر طبع
۱۱ سونف جا فائدا
۱۲ نم جا فائدا
۱۳ مفتاح النبض
۱۴ کشتہ جات حسینی
۱۵ مجربات حسینی
۱۶ ٹنڈو محمد خان جی تاریخ جو تنقیدی جائزو
۱۷ مجربات باباء طب فرید احمد عباسی اردو
۱۸ ترجمہ جوہر ماہر
۱۹ ایڈیٹر ماہوار صحت سریر جی
۲۰ رسالہ کینسر
۲۲ رسالہ دھماسہ زیر طباعت
۲۳ بلوچستان کی جڑی بوٹیاں زیر ترتیب
۲۴ پختون خواہ کی جڑی بوٹیاں زیر ترتب
۲۵ کشمیر کی جڑی بوٹیاں زیر ترتیب
۲۶ پنجاب کی جڑی بوٹیان
۲۷ سندھ کی جڑی بوٹیان

صوبائی لیول کی جڑی بوٹیوں میں اس علاقے کے نام دیے گئے ہیں، پختون خواہ اور بلوچستان کے تو ہر ضلع یا وہاں کے علاقے کے الگ الگ نام دیے گئے ہیں

علم الادویہ لطیفی جلد اول، دوم، سوم، چہارم

علم الادویہ کی یہ کتاب سندھی زبان میں تحریر کی گئی ہے۔اس میں روایتی انداز کو ترک کرتے ہوئے۔ جدید سائنسی بنیادوں پر لکھا گیا ہے لیکن قدیم طبی معلومات کو بھی نظر انداز نہیں کیا گیا ہے۔پوری دنیا کی ریسرچ کو بھی اس کتاب میں سمویا گیا ہے یہ ضخیم کتاب دس جلدوں میں شایع کرنے کا پرگرام ہے فی الوقت اس کے چار جلدیں چھپ چکی ہیں جبکہ جلد پنجم زیر اشاعت ہے۔ چھٹی جلد صرف کاف پر مشتمل ہے۔اس کتاب میں ایک یہ بھی خصوصیت ہے کہ ہر جلد میں ۲۰ سے زائد ایسی جڑی بوٹیوں کا ذکر ہے جو کہ مقامی ہیں اور ان کا طبی کتابوں میں ذکر نہیں۔جدید سائنس ریسرچ کو واضع بیان کرتے ہوئے تجربات اور کیمیائی جز بھی لکھے گئے ہیں ہر ایک جڑی بوٹی یا معدنیات اور حیوانات کا ایک مجرب نسخہ دیا گیا ہے۔اب کافی دوستوں کے اسرار پر اس کا اردو ترجمہ بھی شایع کیا جارہا ہے۔اس میں طبی نامون کے علاوہ مقامی نام مثلاً سندھی، پشتو، پنجابی، بلوچی، کشمیری ناموں کو بھی بڑی تگ دو کے بعد شامل کیا گیا ہے۔ طبی کتابوں میں موجود جڑی بوٹیوں سے زیادہ موئثر مقامی جڑی بوٹیوں کا ذکر تفصیل سے کیا گیا ہے۔ ترجمے کا کام جاری ہے، لیکن جب تک سندھی ۱۰ جلدیں چھپ کر تیار نہیں ہوں گی تب تک اردو کی اشاعت تعطل کا شکار رہے گی۔

حکیم محمد یوسف کھتری

قرابادین لطیفی سندھی زبان میں

یہ کتاب چار جلدوں میں شایع کی گئی ہے ، جلد اول میں اطریفل، اکسیر، ایارج ، برود، تریاق ، تکمید ، ٹوٹکا (مٹکلے) پوٹلی، جلاب ، جوارشات ،جوشاندے ، خیساندے حبوب ذریرہ ، حلوہ ، حمول ، حقنہ ، پاؤوڈر ، جوہر ،چورن اور کئی عنوانات جلد اول میں موجود ہیں جبکہ جلد دوم میں، خمیرے ،دوا، ذرور، رب ، رس، روح، روغن ، ست ، سرما ، سرکا، سفوف، سکنجبین ، سنون اور سیال جیسے اہم عنوات موجود ہیں، جلد سوم میں شربت، شموم، شیاف، شیرہ، صابن صلایہ، طلا ضماد عرق، کشتہ جات، غازہ، غرغرا، غسول ،فتیلہ، فرزجہ ، قہوہ ، قرص قطور قیروطی، کحل، کواتھ، کیپسول جیسے اہم موضوع پر لاتعداد اہم نسخہ جات موجو ہیں جبکہ جلد چہارم کے عنوانات میں گلقند، لبوب، لعوق، لزوق ولطوخ، نمک ، ماء، مربہ ، مرہم، معجون، مفرح، ملذذ، منضج، ناس، نوشدارو، نطول، وجور، کثیر الفوائد نسخہ جات، نقلی اور اصلی مفردات، تعارف حکما، مختصر لغات اور مددی کتابن جی فہرست کے عنوان موجود ہیں یہ انتہائی جدید قسم کی قرابادین ہے جس میں کوئی مہنگے اجزا یا نایاب اجزا کے نسخے شامل نہیں کیے گئے ہیں مشکل تراکیب کے نسخوں سے بھی کنارہ کشی اختیار کی گئی ہے

ملنے کا پتہ

لطیفی طبی اکیڈمی ٹنڈو محمد خان